دے اگر تشبیہ اس گلگونہ کی رنگت سے کوئی
ہین اسکی چال سے خوشنود لمعاتِ چمن
شادمانی رہتی ہے ہر کاسب خاص میں
نور افشان قبل عنبر فام پر جب تھے حضور
پیر کر دو نکو اسی دربار گوہر بار سے
بخشش نواب دنیا کا پردا رکھ گیا
سائل شہ دیر اگر دربار والا سے مہو
فرش دریا سے عطا کے سب سے پیجو اسباب عیش
مدحت اقدس عائد پر ختم کرنا چاہیے
نیر ہم عالم میں شب قدر ای خدا جبتک رہے
تاکہ شاعر باندہیں زلف یار کو شام مراد
ہو شفا تو جا جلد نواب عالی جاہ کو
تا ابد یارب صحیح و سالم و شادان رہین
عمر و دولت کی ترقی ہو بڑہے جاہ و جلال
چاند سا فرزند ہو اس سال فرخ فال میں
ہو بتا سیر مسرت خیرخواہونکے لیے
بخشش دولت خواہونکی خورشید قسمت کو فروغ
گرد کلفت سے رہے پاکیزہ یارب یہ چراغ

اپنی چاندی آتش گل میں گلاے صبح عید
لوگ کہتے ہیں کہ چلتی ہے ہوائے صبح عید
ہو گیا نقرہ سمند باد پائے صبح عید
اڑکے پہنچی تا شفق دم میں حناے صبح عید
تا محرم چل نہیں سکتی ہوائے صبح عید
ہے جلو میں شاہد رخ لقائے صبح عید
سب نے بام کعبہ پر دیکھی ضیائے صبح عید
ملتی ہے ہر سال خلعت میں قبائے صبح عید
مادر ایام نے اوڑھی ردائے صبح عید
دست دامن کیلیے پھیلا گئی اسے صبح عید
چاندنی کھیت پہ ہر بھر قبائے صبح عید
ہو گیا خاصہ ہمارا آشنائے صبح عید
جس نے ماہ تک ہو ہینا میں لقائے صبح عید
رہ دلبر کو میں جہتک صفائے صبح عید
یا الٰہی ہو پذیرا یہ دعائے صبح عید
ہو مبارک اسقدر لطف ہوائے صبح عید
روز اس دیار میں مجہکو آئے صبح عید
گوہر انجم تصدق میں اٹھائے صبح عید
اور کیا قدر اسکے شمس کو کھلائے صبح عید
حاسدونکی شمع ہستی کو بجھائے صبح عید
انکو ہر سالا میں ہر دم ہو صفائے صبح عید

مدح حضرت کی کرے افیون پی پیکر مشیر
نقل انجم اسکو نشہ میں کہلائے صبح عید

کرتا ہے میرے شعر وہ ابرو کمان پسند
شوق سلاح سے ہوئی تیغ زبان پسند

خط سے ترے عذار مین اے جانجان پسند
آیا چراغ طور کا مجکو دہوان پسند

پامال ہون تو ہڈیون کا مرتبہ بڑہے
سایے ہما کرین مزۂ استخوان پسند

ایسے ریاض دہر مین نگین مزاج ہین
ابر بہار ہو جو کرین ہم دہوان پسند

جو خاکسار ہین انہین قدر لباس کیا
آب روان سے ہے ہمین پیرہان پسند

دنیا سے رات دن چلے جاتے ہین قافلے
کیونکر مقام خوف کرے کاروان پسند

ماتھے مین خال ابروے جانان کی جگہ
ہے دل کو آشیانۂ زاغ کمان پسند

ہے خضر پہ کشش اسی دامان حرص کی
کیا کشتی فقیر کو ہو بادبان پسند

پڑتی نہین ہے ساغر خالی پہ اپنی آنکھ
مفلس کیا کرین قدح آسمان پسند

تسخیر آفتاب جبین کا عمل پڑہون
ماتھے کا حسن مجھکو ہے اے جانجان پسند

غفلت کی مشق کرتے ہین عاشق جا بجا
خوش چشمون کو ہے سرمۂ خواب گران پسند

ہونٹون پہ اپنے روز جمایا کرو دہڑی
ہے آتش عقیق کا مجکو دہوان پسند

ہنسیے خدا کیواسطے پہولون کو دیکھکر
آتے ہین گوش گل مین تمہین بلبلان پسند

زیبا ہے داغ عشق کا قد خمیدہ مین
آیا چراغ رکھنے کو طاق کمان پسند

کسطرح خوش ہون شام کو وہ چاند دیکھکر
آتا نہین ہے مشعل مہ کا دہوان پسند

چہوٹے ہو بار بار جو قلقل شراب کی
دست سبو کی آئین مگر انگلیان پسند

بے علم شاعرون کا گلہ کیا ہے اے منیر
ہے اہل علم کو ترے طرز بیان پسند

دلمین طمع زر ہے جدا آہ جدا بند
اس شیشہ مین ہے سارے زمانہ کی ہوا بند

تو مہندی لگاکر جو چہوے ابرو پر خم
تلوار کا رومال بنے صاف حنا بند

نشہ مین تجھے کہلتے ہوے دیکھے جو ابر بند
مینا سے مئے ناب کا ہو جاے گلا بند

تا منزل گور اپنی رسائی ہوئی مشکل
شاید فرس عمر ہوا ضعف سے جا بند

اسعد ری چمکتے پہ نور ضیا کی
برگ گل خورشید ہوا آج حنا بند

یاد آئی اگر اُس رشک خوبان کی کفن مین
ہو روح کے بدلے قفس تن میں ہوا بند

وہ طفل دبستان جو گیا باغ سے باہر
ابواب گلستان ہوئی اسے باد صبا بند

رنگین لبون کو جو سنے سینہ شگافت
تا بدرگ یاقوت کی انگیا میں لگا بند

اور سیس ابھی رشتہ جان نذر کو لاتے
درکار اگر آپ کو ہون بہر قبا بند

چھٹتا ہے نہیں رنگ حنا پاؤن سے اے گل
مہندی بھی کف پائے نگارین کی ہوا بند

کسطرح اُڑاوے تری پوشاک کی خوشبو
اے گل تری آگے ہے دم باد صبا بند

پیراہن ہستی ہوا ابھی مثل کتان چاک
ٹوٹے تری چپکن کا جو اے ماہ لقا بند

مہمان اسطرح ہین یہ جہین بدن مین
دم بھر کو ہو جسطرح حباب مین ہوا بند

پوشاک پہنتے ہی رکا جیسے وہ گل رو
باندھا ہے دریائے محبت مین نیا بند

برسات مین تو مہندی لگائی جو سر شام
ہو اطلس گلگون شفق آکے حنا بند

اُس کوچہ مین کیا جائے منیر آہ ہمارے
وہ باغ ہے یہ جس مین کہ ہے راہ صبا بند

ردیف ڈال

اچھا نہین ہے او بت زرین قبا گھمنڈ
بد تر ہے خاک سے بھی جو ہو کیمیا گھمنڈ

کملی فقیر کی ہے شبستان سلطنت
کیون کر رہا ہے سایہ پہ اپنے ہما گھمنڈ

پائے گی تیرے کوچہ مین یجا نجان جو دل
انفاس عیسوی کا کریگی ہوا گھمنڈ

اُس بت کے پاؤن تک جو رسائی ہوئی نصیب
کرنے لگا شفق سے بھی رنگ حنا گھمنڈ

بازو نہ ہاتھ آئے در عرش قدر کے
کیا پا گئے جو کرتے ہین دست دعا گھمنڈ

دریا مین موج موج سے رہتی نہین جدا
بیجا ہے آشنا سے کرے آشنا گھمنڈ

پرچھائیں بال بال کی زنجیر عرش ہے — زیبا ہے جسقدر کرے زلف سا گهنڈ

تیر نگہ سے تیرے زمانہ ہوا ہلاک — کیا منہ کرے جو تجھ سے خدنگ قضا گهنڈ

ڈھونڈھیں جو زہر کھانیکو واسطے عشق میں — ہیرے سے بھی زیادہ کرے سنکھیا گهنڈ

آئے او جائے میں لب جان بخش کی حضور — کرتا ہے کیا اندھیرے میں آب بقا گهنڈ

منزل ہے تیری عرش پر ایجان مصطفے — زیبا مسیح سے بھی ہے تجھکو سوا گهنڈ

ہر کشش ہوں یکدم کیلئے کیوں نہ حبا وار — کرتے ہیں کس بساط پر اہل فنا گهنڈ

وہ شاہ بالا آغوش میں رہا — تا صبح حشر کیجئے اس رات کا گهنڈ

پہنے جو اسکے پھولوں کا گجرا وہ رشک حور — رخسارہ پری سے کرے موتیا گهنڈ

اعجاز کی جو چال چلو گرمیوں کے ساتھ — خورشید حشر سے بھی کریں نقش پا گهنڈ

تا سنے ہیں چشم زلیخا فراق میں — زیبا ہے تجھکو اے مہ یوسف لقا گهنڈ

جو اس جگہ ہو دفن بہشتی ہوا سے پھر
کعبہ سے کسطرح نہ کرے کربلا گهنڈ

ردیف ذال

ہجر میں خط کے لئے چاہیئے ہلکا کاغذ — کر دیا ہے تن زار کو پتا کاغذ

خوب سینے سے لگایا ترے خط کا کاغذ — بنگیا میری قبا کے لیئے دستا کاغذ

تیری خاصہ کی گلوری کا جو لکھتے ہیں صفت — اے صنم ہیتوں کے چونے کا بنتا کاغذ

تیری تکل ہوئی سر تلج فلک تا ہم خدا — قدسیوں کا خط تقدیر ہے گویا کاغذ

دل غمناک کو ہوتا ہے ترے خط سے سرور — رو کتا ہے سپر پنج کا سہرا کاغذ

بال بند ہوا کے کاغذ سے الم شب وصل — کینچلی اٹھی گیسو کی بنے گا کاغذ

پڑھ گئی آ سب نشان خط عارض نرما — مصحف رخ کا اگر آپ نے دھویا کاغذ

نظم میں لکھتے ہیں اپنے دل غمدیدہ کا حال — بند ہے مرثیہ کا ہاتھ میں گویا کاغذ

خط ترا دل سے لگایا جو بہا خون جگر
منہہ پر اس شیشۂ تصویر کے باندہا کاغذ

اپنے دل کا ہین اگر حال کدورت لکہون
صفحۂ روے زمین سے بہی ہو میلا کاغذ

کہینچا ہے جو رخ نازک کا تمہارے سایہ
ورق برگ گل تر سے ہو ہلکا کاغذ

پانہہ آتا جو سپہہ مال تو منگاتا مین
آب زر مین مری تصویر کا گہلتا کاغذ

تا کہ میرے خط شوق کو مارا پتہر
سنگ پاے نگہ مست سے چہاپا کاغذ

نقشۂ زخمونکا مرے صفحۂ تن پر کہینچا
آپ نے ناخن شمشیر سے لکہا کاغذ

لب جان بخش کا مانی نے جو نقشہ کہینچا
بنگیا دامن انفاس مسیحا کاغذ

ہوے مجنون تری تصویر کا دیکہا جو ورق
کیون نہو آئینۂ عارض لیلی کاغذ

وصف لکہہ کر ترے پامالون کی اہ باغ مراد
ہے بنے عطر گل قالین سے بسایا کاغذ

پائی نرمی تری تصویر رخ و قامت سے
پنبۂ صبح قیامت کا ہے گالا کاغذ

ترے نامے کے جو بوسے لین حسینان جہان
اے صنم پوست بنے پستۂ لب کا کاغذ

ورق جبۂ جبریل کا طالب ہے منیر
چاہیے بہر سلام شہ والا کاغذ

ردیف رے

تبسم اس پری کو ہے مری حال پریشان پر
توجہ برق خاطف کو ہوئی ہے خیلستان پر

نظر ہوتے ہے کبہی ہم نہ کی رخسار جانان پر
یہ مصحف دیدہ و دانستہ رکہا طاق نسیان پر

ہوا حسب حضر قیمت بوسۂ رخسار تابان پر
دیا خط غلامی مہر کی عنوان قرآن پر

دو لے ذرہ سے جوش وحشت ہو گیا افزون
نہ تہا صندل طبیعون کے گہسا تہا سنگ طفلان پر

تری تلوار سے قاتل گرا ہر وسے یوسف سے
یقین چاہ کنعان ہے دہان زخم خندان پر

در و دیوار سے آنکہین ملین گی دید کی طالب
سفیدی چشم موسی کی پہر گئی قصر جانان پر

تن نازک کا پردہ رہگیا بخیہ سے جراحو
قبا اس سوزنی کی ٹہیک آئی جسم عریان پر

تمہاری آرسی کا جلوہ ہے تا عالم بالا
تری اترن پہنے راتون کو ایسی کی گھری
نہ نکلی چاندنی میری سیہ بختی سے فرقت مین
شب غم مین سپیدا کو ہوئی داغ فرقت
سفیدی چھائی ہے پر حضور عارض سیمین
ہوا جوش جنون یان اس مین جوش ایسا
ہوئی قطع و برید ہے سر اک پوشاک کی تھری
گدائی ور ترا جن پہ پری پر حکم فرما سے
پھر کے لشکر وحشت نے گھیرے ہین نشانون
نظر آجاتی ہے پتلی دیدۂ خورشید محشر مین
اڑا لائی ہوا سے سر فرشتی سب کو مقتل مین
تمہاری کفش کا گل دیکھ کر قدسی ہی گھبرائے
تجلی صاف برق طور کی ہے نقش گل مین
پری بنکر اوڑیگا جو نشانہ تیرا اڑا کے
قناعت ہے تو تجلی حافظ تیم اہل ہوگی
ہوا ہے خاتم تخت ہوگی یہ سیم و تماشے ہے
خیال قامت و عارض کو ہشت نے ملکے
سوارہ مین گھر شی کرا کے گردون متقاعد
خفا ہو کے اپنی بہو تھ غصہ مین چبائین
کسی خورشید کے جلوے سے نور اس نے چرایا تھا
ہوا سے ابر چلا و بر زلف سیہ آ ئی

یہی سورج کبھی ہے گنبد گردون گردان پہ
کہ سہرا موتیون کا ہے سر شمع شبستان پہ
ہوا غالب یہ کل چادر ماہ درخشان پہ
چراغ دست موسیٰ نے کہا تا نسیان پہ
ملمع ہو گیا چاندی کا جام مہر تابان پہ
کہ بلبل ہیرہ گئین زنجیر کی دیوار زندان پہ
تری تیغ پہ چلی کی طلس گردون گردان پر
پہنا دیتا ہے انگشتر یا تخت سلیمان پر
نہین پڑتے دامن سے ہر خار مغیلان پہ
تمہاری آنکھ پڑ جاتی جو میر داغ سوزان پر
یقین گنج باد آورد ہے گنج شہیدان پہ
یہ طرہ چاہئے دستار خورشید درخشان پہ
یہی تجلی جو آئی دھوپ دیوار گلستان پہ
تمہارے تیر سے بچ جائیگا مرغ سلیمان پہ
کہینچیگا شامیانہ بادلی کا کشت دہقان پہ
نہ ہوئے خالے سے سبز ہو آگئی سینۂ تخدان پہ
شہیدانہ صبح قیامت داغ سوزان پر
تمہاری اپنی کھینچا فیل مست ابر نیسان پر
کیسا وانت ہے تمثال لپٹا جانان پر
فلک نے گل دیا ہے عارض ماہ درخشان پر
لگا تھا گریبان ہلال عید قربان پر

مزا ہے بیکسی کا آپ کے چھری کے نیچے میں
یقین قلقل مینا ہوا آواز قاتلان پر

عیان ہے جوش خون کشتگان سے جوش وحشت کا
کیا ہے تو نے خنجر تیز شاید سنگ طفلان پر

لگاؤن دوربین میں شیشہ گردون تو زیبا ہے
نظر جمتی نہین ہے آفتاب حسن جانان پر

شنیدہ ہون پہ چھڑکنے سے اپنی کشتون کا لہو کل
اُگے گا سبزۂ شمشیر دیوار گلستان پر

دہان پاک کی خوشبو سے عطر آگین کیا ایسا
کرے رشک کیوڑے کی بالی کا ہوا مسواک جانان پر

پہرا ہے فاتحہ قبرون پہ جب ہاتھ اٹھاتے ہین
تو کہتے ہین کہ چھاپا مارتے ہے شہر خموشان پر

اگر ہوتے ہے گیسو مین کبھی رخنہ سیہ پھنسا
تمہاری مانگ کا دھوکا ہوا چاک گریبان پر

گناہ لالہ دل ہر نکر نقصان جان اپنی بہت
خطا ہے صاحب خانہ ہو غصہ تا نہ مہمان پر

حسینون کی نظر کے سامنے ہو کہیں کشتون
پہر نیزا دن کا پہرا چاہیے گنج شہیدان پر

کسی خاموش کی کا فورمیت سے بنی بہر کیا
کہ حال دل نہین آتا زبان شمع سوزان پر

پریشان روزگاری سے منیر اب دل نہین لگتا
کتاب شوق نظم و نثر رکھ دو طاق نسیان پر

آؤ لپٹ کے سو رہو جانی پلنگ پر
پوری سے کی ہو تمام کہانی پلنگ پر

پوچھو پسینا بیٹھ کے جانی پلنگ پر
لازم ہے آج عطر فشانی پلنگ پر

منہ میں مرے زبان کبھی دی تو لی کبھی
رد و بدل ہے یہ زبانی پلنگ پر

آنکھون کی نیند اوڑ گئی تکیون کے پر لگے
پریون کی کل کہی جو کہانی پلنگ پر

لپٹے جو ساتھ ہاتھ لگا بوسۂ دہن
آیا عمل مین علم نہانی پلنگ پر

گل تکیہ پر زمین ہوے مانند آئینہ
سویا جو وہ سکندر ثانی پلنگ پر

منہ کہولکر وہ سوئین کرتے تکیہ کا رخ
ٹوٹے طلسم گنج نہانی پلنگ پر

سیل سرشک سے تہ و بالا ہوا مکان
پانی پر اب پلنگ ہے پانی پلنگ پر

اوڑا اوڑ گئی مین بالش پہ صورت ہما
سویا ہے جب وہ عیسی ثانی پلنگ پر

سوئے ہیں آپ جسے مناسب پلنگ پوش ۔ کہتا ہے آپ سے مرقع مانی پلنگ پر

شاید زمین بھی انہیں کرتی نہیں قبول ۔ سوتے ہیں اہل عالم فانی پلنگ پر

جیسے پڑا ہوں ہجر میں چپکا میں ناتوان ۔ تکیہ نمط ہے غنچہ دہانی پلنگ پر

گر گر بغل ہوئی بغلی تکیہ ہجر میں ۔ یعنی نہ تھا وہ یوسف ثانی پلنگ پر

شاید ہمارے زخم بدن ہو گئے ہرے ۔ چادر سفید ہو گئی دھانی پلنگ پر

اونکی بلا سے خیر ہے سانپ سے لگ چلے ۔ ہو بانٹ چھوڑ جائیں نشانی پلنگ پر

اس خستہ میں ملے ہیں منیر ہم حنا فراش
سوئے کبھی وہ ہے عیسیٰ ثانی پلنگ پر

حال پوشیدہ کھلا سامان عبرت دیکھ کر ۔ پڑھ لیا قسمت کا لکھا لوح تربت دیکھ کر

اسقدر بیخود ہوا آثار وحشت دیکھ کر ۔ آئینے سے نام پوچھا اپنی صورت دیکھ کر

دیکھئے محشر میں بھی صورت دکھائی یا نہیں ۔ صبح بھاگی ہے شب ہجران کی ظلمت دیکھ کر

جام کوثر دست ساقی میں نظر آیا مجھے ۔ اوٹھ گیا آنکھوں کا پردہ ابر رحمت دیکھ کر

پاؤں کے مخمصے سے اے جنون پائی نجات ۔ باقی ایام بھاگا میری وحشت دیکھ کر

تیرے کوچہ میں ترا جلوہ نظر آیا مجھے ۔ صانع جنت کو دیکھا باغ جنت دیکھ کر

تک گیا دھبا بدن میں جسجگہ ٹھہری نگاہ ۔ اے پری حیران ہوں تیری لطافت دیکھ کر

منہ ہمارا جلوۂ دیدار کے لائق کہاں ۔ اپنی صورت دیکھتے ہیں تیری صورت دیکھ کر

چار دیوار عناصر پر سفیدی پھر گئی ۔ آنکھیں روشن ہو گئیں تیری صباحت دیکھ کر

وحشت دل حشر کیدن بھی رہیگی دس طلب ۔ کانٹے ڈھونڈے ہیں ہم نے صحرا قیامت دیکھ کر

چہچہے بلبل کے آواز کف افسوس ہوں ۔ رنگ گل اڑ جائیگا میرا داغ حسرت دیکھ کر

ابر اودھر آیا ادھر میخوار و نکا بیڑا ہے پار ۔ کشتی مے مل سکے دریائے رحمت دیکھ کر

آنسو پونچھے یاد آیا جب جدائی کا مزا ۔ آنکھیں ملتے رہ گئے ہم خواب راحت دیکھ کر

برہمن کعبہ مین آیا شیخ پہونچا دیر مین
لوگ بے وحدت ہوے ہین تیری کثرت دیکھکر

ہر گھڑی آتی ہے کانون مین آواز جرس
کون بیٹھا ہے سفر کرتا ہے ساعت دیکھکر

نشاء کے اسباب تجمل مین بھی نقشہ ہو ضرور
میری آنکھین چڑھ گئین میخانہ کی چھت دیکھکر

اب نہین نازک مزاجی سے توجہ کا دماغ
اے اجل آنا کبھی ہنگام فرصت دیکھکر

وہ موحد ہون نہ کہا دوسرے سے اتحاد
روح نے چھوڑا بدن کو ضد وحدت دیکھکر

خون بلبل سے اگر سینچا ہے باغ دہر کو
ہم لہو برساتے ہین پھولون کی رنگت دیکھکر

تیرے بندے سر جھکاتے ہین بتون کے سامنے
سجدے کرتا ہون الٰہی تیری قدرت دیکھکر

زخمی تیغ تغافل پر نظر جچتی نہین
چشم سوزن بند ہوتی ہے جراحت دیکھکر

جی لگا کر یہ غزل کس طرح کہتے اے منیر
بجھ گیا دل کوچ منزل کی عزیمت دیکھکر

خضر ہے صحبت احباب کہن سے باہر
رنگ ہے آئینہ صبح وطن سے باہر

ہر جراحت کے تری یاد مین ٹانکے ٹوٹے
دانت نکلے دہن زخم کہن سے باہر

لامکان جوشش جنون نے مجھے پہونچایا ہے
شش جہت سے مری سرحد وطن سے باہر

حشر مین بعد فنا قبر مین میری نکلین
نکلے مہمان در چاک کفن سے باہر

دونون زلفین اٹھین چہرہ سے مثل خط سیاہ
تین راتون مین ہوا چاند کفن سے باہر

تشنۂ وصل مین ایسا ہون جو فریاد کرون
نکلے نالہ دہن چاک ذقن سے باہر

زیب فرد خفتگی کرتے ہو بوسونکا حساب
چاہیے سمجھی یہ رقم تہ شکن سے باہر

اوچھلے میرا دل بیتاب اگر تو چاہے
نکلے سیماب تری چاہ ذقن سے باہر

ظل الطاف سے اونپر جو نہ آئین گھر مین
سایہ اُس سرو کا رہتا ہے چمن سے باہر

دون تیری زلف سے تشبیہ تو یہ قدر سے بڑھے
نکلے مہرہ دہن مار رسن سے باہر

طالب عیش سے تو عالم فانی سے نکل
نئے عشرت ہے خم چرخ کہن سے باہر

تیرے کوچہ سے جدا روتے ہین شب کو عاشق
آجکل بارش شبنم ہے چمن سے باہر

منہہ ترا شمع جو دیکھے تو ہو پانی پانی
آبرو بہ کے گرے حوض لگن سے باہر

رنگ اوڑتا ہے سفیدونکا تری محفل مین
صبح جاتی نہین بستان سمن سے باہر

سیر کو یار سہی قد جو چلا اے قمری
پیشوائی کو گئے سرو چمن سے باہر

لکھنؤ مجھسے چھڑایا مری قسمت نے منیر
کردیا بلبل شیدا کو چمن سے باہر

غزل

نیرنگ داغ دل ہے پس مرگ نو ورنہ
اوگتا ہے سبزہ پر طاؤس گور پر

تکیہ ہے ضعف پہ ہمین غفلت کے ہاتھ سے
سر رکھکے روز سوتے ہین گلپاے مور پر

معلوم ہو کہ کشتۂ دندان یار ہون
چونا پہرے جو موتیونکا میری گور پر

فندق لگا کے آپنے سلجہائے سر کے بال
شک لعل شب چراغ کا ہی لور لور پر

مرنے پر اپنے سب کی نظر سے لڑی ہو
آنکہونکے ڈہیلے رکہین گے احباب گور پر

ہوی کمر کا دہیان ہے چشم پر آب مین
نظارۂ صراط ہے دریاے شور پر

ہیبت سے داغ دل کی تجلی دکھائیے
رکھیئے چراغ چشم نکیرین گور پر

سوزش ہے اشک گرم سے چشم پر آب مین
تبخالے پڑ گئے لب دریاے شور پر

رنگ حنا کے ساتھہ قرولی بھی چاہیئے
دستہ چھریکا بھیجیئے منہدیکی چور پر

صید افگنو نکے خاک کا تودا ضرور ہے
ناوک لگاؤ مرقد بہرام گور پر

تنگ آ ایسے گئے ہین کہ دعا مانگتے ہین ہم
قہر خدا ہو نقد مضامین کے چور پر

مرنیکے بعد داغ جگر کا چمک گیا
روشن چراغ مردہ ہوا میری گور پر

بے یار جل گیا دل پر داغ نشہ مین
بجلی گرائی خندۂ ساغر نے مور پر

آنکہین ملاکے سکھتے ہین نرگس سے باغ مین
ہم صاد کرتے ہین ورق چشم گور پر

سر سبز نام اہل سخن ہے پس فنا — ہے احتمال بیضۂ طوطی کا گور پر
ہیری سو کٹ نجائین کہین پیچ اسے پری — پریون کا دانت ہے تری تکل کے ڈور پر
نرگس پراونکی عشق کا سکہ بٹہائین گے — کہو دین گے نقش حسب قدح چشم گور پر

بعد فنا بھی فیض سخن ہے جہان مین
صدقے منیر حضرت ناسخ کے گور پر

ہوگئین پلکون کی نوکین دل نخچیر کے پار — تیر سینہ سی ہوسے عاشق دلگیر کے پار
پار بیڑا کہین ابرو کی محبت مین ہو — تیر کر پہنچین ہم آب دم شمشیر کے پار
غرق حیرت رہی آئینہ کی صورت ہم مست — کشتی تیے نہوئی قلزم تصویر کے پار
تیری پلکون سے نکل آئین نگاہین باہر — اہی بت تیر نگن تیر ہوئے تیر کے پار
حال سے قیدی گیسو کے وہ واقف نہوا — عرش سی ہوگئی نالی مری زنجیر کے پار
زلفون والونکو بھی دل چھیدتی ہین وہ پلکین — ٹانکے ان سوئیونکے ہو جاتے ہین زنجیر کے پار
کہنو سے لکھنؤ پہنچا تو ملا لطف سخن — کھلے جوہر مرے آئینہ تقریر کے پار

حکم نواب سے موزون کئے یہ شعر منیر
نہین آسان کہ باندھے کوئی تحریر کے پار

کیا چمکتے ہین لباس بت خونخوار کے تار — رشتۂ شمع بنی جامۂ زرتار کے تار
پھر ہو تارونکی طرح زلف سیہ مین ہے چمک — بال کے بال ہین ایجان جہان تار کے تار
فاتحہ پڑہتی ہین کرتے ہین وہ زلفین برہم — کیون نہ اوڈہین کفن عاشق ناچار کے تار
نظر آتے نہین نشہ کے گلابی ڈورے — سرخ ہین پردۂ چشم بت خونخوار کے تار
ہو جو آب در گوش مین گیسو کا ہے پیچ — بٹے جاتے ہین لعاب دہن مار کے تار
چھن گیا سینہ جو آئی تیری پوشاک کی یاد — کھنچ گئے جنتری مین پیرہن یار کے تار
نرگس باغ جو دیکھے ترے گالونکی بہار — رگ گل ہون نگہ دیدۂ بیمار کے تار

صحبت زلف مسلسل سے نئی سیکھے یہ پیچ
تار سنبل ہین نقاب رخ دلدار کے تار

تیغ ابرو سے ہین مجروح ہوا اے جراح
ٹانکے دینے کو ہون کاٹے ہوئی تلوار کے تار

سب سے لجاتی ہے بے پردہ ستاری تیری
کیا چڑہائے ہین خریدے ہوئے بازار کے تار

کیا کہون تیری لب بام کے سبزہ کی چمک
یاد لا بنگے موے سر دیوار کے تار

بننے مین پھول جہڑے رشتۂ تقریر کھلا
کھنچینگے آج زر برق شرربار کے تار

مجکو چاک دل بلبل کا رفو ہے منظور
کھینچ لون اطلس رنگ رخ گلزار کے تار

باغبان سنکے دم سحر رہا کردے گا
وا ہو گئے دینگے قفس مرغ گرفتار کے تار

خلعت زر کا طلبگار مین کیونکر ہون منیر
روز ملتے ہین مجھے دامن سحر کار کے تار

ہے عید لاؤ می لالہ فام اوٹھا اوٹھکر
گلے لگاتے ہین شیشون کو جام اوٹھا اوٹھکر

ہوا چلی مری افتادگی کی اے ساقی
گرینگے فشار مین سب خوشخرام اوٹھا اوٹھکر

زمین و عرش و فلک پائمال ہوتے ہین
سجاؤ صحن سے بالائے بام اوٹھا اوٹھکر

کوئی بشر نہو مغرور جسم خاکی پر
کہ بیٹھتے ہین بہت قصر خام اوٹھا اوٹھکر

دم سحر نظر آیا ہے کسکا منہ یارب
صنم جو کرتے ہین مجکو سلام اوٹھا اوٹھکر

ذرا اوٹھائیے تابوت اپنے عاشق کا
خدا کی راہ کا کرتے ہین کام اوٹھا اوٹھکر

قیامت آئی ہے ہلچل ہے آسمانو نپر
نہ پھرتے پھر خدا بام با بام اوٹھا اوٹھکر

پڑے ہین پاؤنکی صورت زبان مین گھنگرو
یہ قاصد اونکو دیتے ہین پیام اوٹھا اوٹھکر

بنیگی شعلۂ جوالہ گردش قسمت
تمہارے گرد پھریگا غلام اوٹھا اوٹھکر

بڑہیگی بات نہ بیٹھینگے چپکے ہم ای بت
رقیب سے جو کروگے کلام اوٹھا اوٹھکر

رہیگی عاشقون کے دست پا مین جبتک جس
تمہاری لینگے بلائین مدام اوٹھا اوٹھکر

خدا اٹھائی اگر کربلا مین مجھکو منیر
پھرون مین گرد مزار امام اوٹھا اوٹھکر

ردیف ڑے

کچھ نہیں حاصل سپر کو چیر یا تلوار توڑ
ہے اگر طاقت تو میری آنسوؤں کا تار توڑ

تیری چشم و زلف سی سودائے وحشی کیا
اے صنم تا دام چشم آہو تا تار توڑ

زلف میں موتی پرونا میری حق میں زہر ہے
آج اے مشاطۂ دندان دہان ہار توڑ

سلسلہ گبر و مسلمان کی عداوت کا مٹا
اے پری بے پردہ ہوکر سبحہ و زنار توڑ

کبر بھی ہے شرک اے زاہد موحد کے حضور
لیکے تیشہ خاکساری کا بت پندار توڑ

آب گوہر سے بدن کی آب ہوتی ہے خراب
بوجھ ہے اے نازنین یہ موتیوں کا ہار توڑ

شرم کبتک اے پری لا ہاتھہ کر اقرار وصل
اپنے دل کو سخت کر کے رشتۂ انکار توڑ

صبر کبتک راہ پیدا ہو کہ اے دل جان جائے
ایک ٹکر مار کر سر پھوڑ یا دیوار توڑ

اے زلیخا نقد جان ہم دین لگا تو گنج زر
قیمت یوسف کا ہو جائے سر بازار توڑ

وصف چشم یار لکھنے کیلیے اے دست شوق
چل کسی گلشن میں شاخ نرگس بیمار توڑ

چڑھ کے کوٹھے پر دکھا دے اپنی ابرو میں شکن
اے پری پیکر ہلال چرخ کی تلوار توڑ

آئنہ سے ہے مانع نظارۂ حسن و جمال
ہو سکے تو سد اسکندر کو اے دلدار توڑ

مانع ہستی کو بدمستی دکھانا چاہیے
محتسب کا شیشۂ دل اے بت میخوار توڑ

حسن پیشانی سے قصر چرخ کو برباد کر
لوح قرآن سے طلسم گنبد دوار توڑ

نام کو لے دل نہ رکھہ ہے اب اصلاح جنون
وادی وحشت میں چلکر نشتر ہر خار توڑ

آنکھیں پھوڑ اوسکی جو دیکھے بحالت منہ ترا
شوق سے اے مست جام شربت دیدار توڑ

عشق زلف عنبر افشان کا نہ ٹوٹے سلسلہ
پاؤن کی زنجیر اے دست جنون سو بار توڑ

سائل بوسہ ہین انکو دیکھہ چشم قہر سے
آنکھ کے ڈھیلوں سے اے بت خاطر اغیار توڑ

حصن غم میں ایک مدت سے مقید ہے منیر
فکر دنیا کا حصار اے حیدر کرار توڑ

ردیف زے

ہر چاک دل سے ہے الفت خط مین کمال سبز
سنبل کیطرح ہین مری شیشے کے بال سبز

پہنے جو پائجامہ بت نونہال سبز
ایدل ہو سرو قامت موزون کی چال سبز

تو بیدلی سے دے تو بنے میری حق مین زہر
اے گل ہو مثل تیرہ مینا اوگال سبز

مریخ کی طرح جو ہے خنجر لہو مین لال
ہو کاسہ سپہر کے مانند ڈھال سبز

مینا کیا ہے ساغر خورشید حشر پر
خط زمرد مین سے نہین تیرے گال سبز

جاڑے مین آئیگا جو مری گھر وہ سبزہ رنگ
ہنجائیگی گلیم شب بجہر شال سبز

اوس سبزہ رنگ نے جو کیا مجکو پائمال
کمبخت کیطرح نظر آتی ہے کہال سبز

جنگل ہرا ہوا مرے رونے سے اے جنون
برسات آئی ہو گئی شاخ غزال سبز

ابرو عرق مین تر ہوئے اوس سبز رنگ کے
سب جیسے نہر مین ہوئی تیغ ہلال سبز

رنگ اڑ و کہاسے اگر حسن سبز یار
طوطی خط کے سایہ مین ہوا نغ خال سبز

وہ سبز رنگ سے مجھے خجل ہو جو بعد صلح
ہو جاے شیشہ عرق انفعال سبز

دریوزہ گر ہوا گل بوسہ کا اون سے مین
دو نے کیطرح کیون نہو جام سوال سبز

وہ سبز رنگ سے مجھے جو آزردہ ہو گیا
زنگار کیطرح ہوئی گرد ملال سبز

تشبیہ جو ہرونکو جو دون خط سبز سے
کائی سے آب تیغ ہوا جی نونہال سبز

مشتاق مرغ دلکو تری خط کا دیکھکر
پھیلا دیا ہے باغ مین سنبل نے جال سبز

درخواست خط سبز کے چونکی جو کرے
شاخ شجر کیطرح ہون دست سوال سبز

آزردگی مین ہے اثر عشق خط یار
ہوتا چلا ہے دامن کوہ ملال سبز

ایجان ہولی کھیلو جو مسموم عشق سے
ہو جاے صاف سر سے ملکر گلال سبز

غم مین جناب سید مسموم کی منیر
سمجھے ہین رخت عمر کو آشفتہ حال سبز

ردیف سین

مجکو اپنے ساتھ ہی تیری سلائی کی ہوس
اس طرح ہے بخت خفتہ کی جگانیکی ہوس

باتون باتونمین تجھے بھڑکا دنگا ای خوش مزاج
ہوگی انگشت زبان سے گدگدانیکی ہوس

شیشہ سے پتھر لڑا اگر توڑنا منظور ہے
ہے عبث نازک دلونسے دل لگانیکی ہوس

کعبہ کی جانب شفق پھولی ہی کیون ای ماہرو
خون دلسے ہے مگر منہدی لگانیکی ہوس

ہو گیو دشمن بیگانے اوس پری کی عشق مین
نازبردارونکو ہے تابوت اوٹھانیکی ہوس

آبرو مستونکی زاہد چاہتا ہے کبر مین
ہی بت پندار پر پانی چڑھانیکی ہوس

پہنے ہین منہدی لگاکر موتیونکی دست بند
طایر رنگ حنا کو بھی ہی دانیکی ہوس

زلف اڑ ہی آتی ہے ایجان ہنگام ادا
ہے سمند ناز کو شاید دوانیکی ہوس

جب کبھی مسکی کٹوری کیا صدا پیدا ہوئی
کرتی ہی انگیا کی چڑیا چہچہانیکی ہوس

پیچ کرتا ہے جو تو اے شمع ہنگام شب
کیا پتنگون سے ہوئی تکل لڑانیکی ہوس

ہین وہ مرغ غم طائر ہین بوستان دہر مین
چشمہ دام بلا مین ہے نہانے کی ہوس

لڑکی چھنٹے غیر سے چھینٹا سے دینے لگو
کرتے ہو دریا مین تم مینڈہا ہی لڑانیکی ہوس

باغ مین تجھکو جو ہو جگنو پکڑنے کا خیال
برگہائے گل کرین تالی بجانے کی ہوس

نقشہ اپنا چرخ چارم پر جماتے ہین جہنور
ہی زر خورشید پر سکہ بٹھانیکی ہوس

پھولون کو شرما کے تمنے پانی پانی کر دیا
کیا ہوئی آب زر گل مین نہانیکی ہوس

دامن نور نظر مین چھانتے ہین خاک راہ
آپکی کوچہ مین ہے آنکھین بچھانیکی ہوس

نشہ ہو جائی ہرن مستونکا ای صیاد خلق
ہو اگر تیر نظر کے آزمانے کی ہوس

گالیون سے جی نہین بھرتا ہرا ای سفاک دہر
تیری مہمانون کو ہے زخمونکی کھانیکی ہوس

شہرگ گردن رگ گل ہو گئی ای تیغ زن
آب شبنم مین ہی کیا خنجر بجھانے کی ہوس

پان کھا کر گرمیان کرتی ہین غیرون سی حضور
آتش یاقوت سی ہی جی جلانے کی ہوس

کرتے ہین اپنے دل پہ جو نکو نذر دست غم ۔ شیر کے پنجے مین ہے منہدی لگانیکی ہوس

گوہر دریاے بخشش کا ہون جویا اے منیر
ہے غم شبیر مین آنسو بہانے کی ہوس

ردیف شین

سو سو طرح کے رنج اوٹھائے برائے عیش ۔ ہم خاک مین ملے نہ ملی کیمیاے عیش

روز سیہ مین دیکھیے حسن صفائے عیش ۔ ظلمات مین ضرور ہے آب بقاے عیش

آتی نہین ہے نکہت بستان سرائے عیش ۔ چلتی ہے پاے غیر سے شاید ہواے عیش

عشق چہ ذقن مین کہان لطف زندگی ۔ ڈوبا کنوئین مین شاہد یوسف لقاے عیش

غم کھا کے اسقدر تو ہوون طیار آہ مین ۔ ہو جائے تنگ میرے بدن پر قباے عیش

دولت سے ہاتھ آتی ہے عشرت جہان کی ۔ کوڑی کے مول بکتی نہین کیمیاے عیش

ایام وصل ناکشی مین گذرتے ہین ۔ اوراق مرثیہ ہین مرے روزہاے عیش

کیفیت سرور سے فقر سے ملی ۔ خرقے کی بوٹیون سے بنی کیمیاے عیش

تیری خیال وصل مین کرتا ہون سلطنت ۔ روز سیاہ ہجر ہے ظل ہماے عیش

سب ڈھونڈھتے ہین ایک کو ملتا نہین سراغ ۔ عنقا کا آشیانہ ہے خلوت سراے عیش

جلوہ تمہارے قد کا کدورت مٹا گیا ۔ صابون صبح حشر نے دہوئی قباے عیش

ہوتا ہے گاہ گاہ بڑے وقت مین شریک ۔ افزون ہو عمر رنج سے یارب بقاے عیش

ہوگی شکست دل جو ترے دست لطف سے ۔ شیشہ صاف ٹوٹ کے دیگا صداے عیش

پہنچے بہمنون مین تو جنت ہوئی نصیب ۔ سات آنچون مین درست ہوئی کیمیاے عیش

غمخانہ کا پہور اگر ہے تو ہو منیر
صد شکر لکھنؤ تو ہے دولت سراے عیش

ردیف صاد

تڑپ مین لگی جو پاؤن آئیگا کسیکا رقص
کرینگے سینہ مین طاؤس داغ سودا رقص

جو تیری چال سے ہو جونکو کوئی دی تشبیہ
کرے وہ بہار کے سینہ حباب دریا رقص

ہوای باغ جو سیکھو تمہاری ناچ کا رنگ
شرار آتش گل کا اوڑاے زہار رقص

اگر دکھاؤ وہ گل گرمیان و ہم رفتار
کرے چراغ بہار چمن کا شعلا رقص

غبار سوختہ برق حسن ہو بیتاب
دکھای وادی ایمن مین یہ بگولا رقص

کرے جو اہل جہانکو تو ناچ مین پامال
خوشی سے کرنے لگے پیرزال دنیا رقص

سوار ہو کے بتائینگے شوخیونکی چال
دکھائینگے سمِ توسن کی پتلیونکا رقص

پیے شراب جو برسات مین وہ غیرت گل
کرے بہار مین طاؤس بنکے مینا رقص

برای سیر جو تو دشت نجد مین جائے
دکھائے تجکو پری بنکے روح لیلا رقص

تری حضور سے خورشید اسطرح بیتاب
فروغ مہر سے کرتا ہے جیسے ذرا رقص

ہمارے نالونسے لہرائین ساکنان بہشت
صدائے نے سے کرے تار زلف حورا رقص

وفور آہ سے اوڑتا ہے یون تن لاغر
ہوای تند مین کرتا ہے جیسے تنکا رقص

رقیب سے جو وہ خونریز گنجفہ کھیلے
برات مین نظر آجاے بسملون کا رقص

ہزارون ہوگئے بیہوش صورت موسی
تڑپ سے ہے صاعقۂ طور کی کسیکا رقص

بلاسے جان شعرا کو ہے ناچ کا مضمون
زمین شعر مین کرتا ہے فتنہ برپا رقص

کبھی تو ناچ سے گر جای آبروی رقیب
کبھی تو کھینچ لے عطر گل تماشا رقص

پڑے نہ ناچ مین ٹپکینگے قطرہای عرق
لٹائیگا زر انجم کا آج توڑا رقص

تمہین سے شوخی نظارہ حورون نے پائی
تمہین سے مردم چشم پری نے سیکھا رقص

علاقہ وحشیونکو عیش دنیوی سے کیا
کسینے خانۂ زنجیر مین دیکھا رقص

بنا لیا ہے طاؤس آسمان کا قلم
مصوّرون نے جو اوس ماہ رو کا کھینچا رقص

تڑپ سے بسمل شمشیر آج وہ کرے پامال
کئی برس ہوے دیکھا نہین ہے جس کا رقص

بتکدہ کی ہو حکومت بادشاہی کی عوض
ایک بت دو کار ہے ساری خدائی کی عوض

تیری الفت سے گلوگیر حسینان جہان
پڑ گئے پہندے نئے طوق طلائی کی عوض

انگلیاں اٹھینگی کس کس کے دل خون گشتہ پر
ماہ نو دیکہا ہے انگشت حنائی کی عوض

مو سے گیسو سے سیہ سے آنکہ میں سرمہ لگا
چاہیے منقار زاغ شب سلائی کی عوض

دن چہپے تم جاؤ میرا خون ہو جا کہین
شیر آئے آہ سے شام جدائی کی عوض

ہاتہ مل مل کر کہا کرتی ہین حورین خلد مین
تیرے دروازہ کا بازو ہو کلائی کی عوض

دل ہی سکے ٹکڑے سینے تمکو ٹکڑے دیکہکر
توڑ ڈالا ہے آئینہ صفائی کی عوض

رہ گیا پردہ جو تمنے رات کو زخمی کیا
چادر آب تیغ کی اوڑہی دلائی کی عوض

چشم تر کے ہوتے دلکو سوز عشق آیا پسند
آگ مین یہ شیر رہتا ہے ترائی کی عوض

باتین میٹھی کرکے جنت مین تماشا دیکہیے
جان شیرین دینگی حورین اوس مٹھائی کی عوض

ہونٹون سکے بوسے کے بدلے کرو ہی ہو عیش
زہر کیون دیتے ہو پستہ کی مٹھائی کی عوض

گل فشان ہین شعلہ رو اپنے لب شیرین تک
پہلجہڑی شربت مین ڈالی ہی ہوائی کی عوض

جان کو عاشق کی ہجر حسن کرتا ہی ہلاک
غوطے دیتا ہے حقوق آشنائی کی عوض

بانکپن کا شکوہ سنکر اور بھی برہم ہوئے
سیدہیان لاکہون سنائین کجادائی کی عوض

چہٹ سکے قید زیست سے وابستہ گیسو ہوئے
کس بلا مین پہنس گئے شوق رہائی کی عوض

جان دیکر کیجیے دریوزہ حسن جمال
کاسہ سر لیجیے جام گدائی کے عوض

روغن قاز آج میرے مرغ دلکو ملتی ہین
چکنی چپڑی باتین کرتے ہین کہائی کی عوض

ہم فقیرون کو نہین اس سے زیادہ دسترس
دولت کونین ہے نور دعائی کی عوض

اپکے ہونٹون سے ہوتے کیا غرض یاقوت سے
شاخ مرجان کیا کرون دست حنائی کی عوض

اے خدا عشق علی مین رکہہ منیر خستہ کو
بس ہے یہ بندہ ترا ساری خدائی کی عوض

ردیف طا

مجنون ہون کیا مجھے غمِ دوران سے اختلاط
رکھتا ہون لیلئ شبِ ہجران سے اختلاط

اے رشکِ ماہ دیکھین جو تیری گلی کا حسن
تارے کرین ہلال گریبان سے اختلاط

ہنس ہنس کے زخمیون سے لپٹتے اگر حضور
ہوتا تبسمِ نمک افشان سے اختلاط

اوس شعلہ رو کی وصل مین بہی جوش آہ ہے
ہے آندہیون کو شمع شبستان سے اختلاط

تیرے خدنگ ظلم کی صحبت مین شاد ہون
کرتا ہون طفلِ غنچۂ پیکان سے اختلاط

پلکون کے عشق مین نہین محتاج رہنما
رکھتا ہون خضر سبزۂ مژگان سے اختلاط

ممکن نہین کہ خرمن امید بچ سکے
ہے مجکو برق جلوۂ دندان سے اختلاط

دستِ جنون نہین بہی نہین رہنے کا بے انیس
کاٹے نہ کرینگے گوشۂ دامان سے اختلاط

مفلس کے میہمان سے کیا آنکھ چار ہو
کیا بیدلی مین ہو غمِ جانان سے اختلاط

رہتا ہے روز صدمۂ غربت کا سامنا
کرتا ہون دیو شام غریبان سے اختلاط

مرتا ہون کیا سکوت کے انداز پر عبث
کرتا ہے اہل شہر خموشان سے اختلاط

حسن صبیح یار کے دیکھے مین کیا عجب
کب تک نظر کرے مہ تابان سے اختلاط

پابند عشق قامتِ جانان ہے ہر فقیر
آزادون کو ہے سرو گلستان سے اختلاط

کھیلا کیا مین عالمِ طفلی مین سانپ سے
تہا مجھکو مار زلف حسینان سے اختلاط

ہے دل بیار دوست پکارا تہا یہ جنون
رہتا ہے روز دست و گریبان سے اختلاط

آخر ہے لب بلب لب جان بخش یار سے
ہے دختِ رز کو عیسی دوران سے اختلاط

بہتر ہے کربلا مین کرو چل کے اے منیر
خدام قبر شاہ شہیدان سے اختلاط

ردیف ظا

ہر دل کو اے صنم ہے تری بات کا لحاظ
کعبہ کو بہی ہے قبلۂ حاجات کا لحاظ

پامال تو کرے تو نہو سرکش ایک بت
عزیٰ تو کیا ہبل بھی کرے لات کا لحاظ

چہرے سے آپنے لف ہٹاتے نہین کبھی
کیونکر بلاے جان نہو دن رات کا لحاظ

آتے نہین ہین دیدۂ گریان کے سامنے
بادل بھی کرتے ہین مری برسات کا لحاظ

آئینہ منہہ لگا ہے بہت بس الگ کرو
اتبک کیا تمہاری ملاقات کا لحاظ

اے شاہ حسن غیرون کو کافی ہے ایک آہ
کرتے ہین ہم فقیر کرامات کا لحاظ

سیکھے تکلف آپکے صحبت مین حسین
صدقہ کی شرم پاکی ہے خیرات کا لحاظ

مسی پہ اونکے ہونٹونکے مرجاتے صاف خضر
آب بقا کا پاس ہے ظلمات کا لحاظ

یہ سینہ و کمر ندیے ایک حور کو
تھا صانع ازل کو تری گات کا لحاظ

ہاتھون سے اپنے کعبۂ دلکو کیا خراب
کیا کیا کیا کئے بت بدذات کا لحاظ

آنکھین تمہاری چرخ مشعبد کی ہین شریک
ان پتلیون کو بھی ہے طلسمات کا لحاظ

راضی ہون ہنسکے برق تبسم گراؤ جلد
عاشق کو کب ہے مرگ مفاجات کا لحاظ

بھیجا اوگال آپنے ہم سرخرو ہوئے
کیونکر رہا حضور کو سوغات کا لحاظ

جام و مے و کباب و گل و شمع و ماہ و یار
ہر ہفتہ مین ضرور ہے ان سات کا لحاظ

فقرہ ہون صاف مصحف عارض کے وصف مین
قرآن مین ضرور ہے آیات کا لحاظ

تقریر مین ہے قلقل میناے مے کا لطف
نشہ ہوا کیا جو تری بات کا لحاظ

وہ نیچی آنکھین وہ شرمائی گفتگو
آتا ہے یاد پہلی ملاقات کا لحاظ

روح نبی کا پاس نہین کرتے اے منیر
اہل جہان کو اب نہین سادات کا لحاظ

ردیف عین

وصل کی شب مجکو خلوت مین نہین درکار شمع
بنگیا اے جان تیرا جلوۂ رخسار شمع

توجو جاتا ہے تیرے گھر روشن کرین دار شمع
سنگ کی مچھلی کی چربی سے جلاے یار شمع

پستیِ قسمت مری ظلمت کدہ کی دیکھنا
صحن میں کہدوں تو ہو خار سر دیوار شمع

جلوۂ قد اوس مسیحا کا جو دیکھوں بعد مرگ
سایہ افگن قبر پر ہو بنکے نخل دار شمع

نالہ کش تیری تجلی سے ہیں اے گل بلبلیں
کیوں نہو روشن میان کوچہ منقار شمع

دولت دیدار تیری لوٹ لی ہنگام شب
سمجھے اپنے آنسوؤں کو شربت دیدار شمع

مشتعل ہے میری آہ آتشیں سے ہجر میں
بنگئی گویا گلوے مرغ آتش خوار شمع

اوسکا جلوہ دیکھکر کیونکر نہو مضطر شیخ
اے برہمن ہو گیا قد بت پندار شمع

کس گل سرکش نے اپنے ہاتھ سے روشن کیا
آج بجھکر دیتی ہے بوے گل دستار شمع

شعلہ رویوں کی شمیم زلف سے ایسی بسی
اپنے دود دل کو سمجھے سنبل گلزار شمع

عکس ہو باقی رہی ہے آئینہ سے پیٹ پر
اے مسیح خوبی مگر روشن ہے دریا بار شمع

بیچتے ہیں صورت پروانہ دل خوبان نیم
تیری صحبت کو ہے برق گرمی بازار شمع

ہے مرض عشق دہن کا یوں نہیں غلطی کی
اے مسیحا رکھ قریب عاشق بیمار شمع

بزم جانان روشن ہو تو مجکو اگر جتنی کری
میرے فانوس خیال میں ہو تری تلوار شمع

دیکھکر اوس بت کا جلوہ اپنے تار اشک سے
ڈال دیگی گردن فانوس میں زنار شمع

میکشو ڈہالی ہے کافور نے سے مگر
کرتی ہے ساقی کی خاطر گرمی بازار شمع

کسکے منہ سے ہمسری کرنیکی یہ طاقت ہے
جا بجا تشہیر ہوتی ہے سر بازار شمع

تیرے اوصاف دندان کا کرتی ہے تکرار
پڑتی ہے تسبیح لیکر موتیوں کا ہار شمع

میرے نالہ کی علم ہیں بزم جانان کیلئے
لائی جلیا بار ہے کو آنسوؤں کی تار شمع

محفل عشرت تری فرقت میں جنگل ہو گئی
جہاڑ میں سے نور ہے اے گل بسان خار شمع

قبر عاشق پر جلایا نام روشن ہو گیا
ڈہالی ہے موم نگیں سے شاید آ دلدار شمع

نالہ ہے آتش فشان یاد رخ پر نور میں
تیرے جلوہ سے ہے میری آہ آتش بار شمع

بدزبانی ہیں پسند آتی ہے میری آہ گرم
گابیوں کی جہاڑ کو شاید ہوتی ہو درکار شمع

بزمِ عیش ایسی معطر تیرے جلوہ سے ہوئی
سمجھے فانوس اسکو لے گل بلبل عطار شمع

آتشِ تر کی تجلی سے ہے روشن میکدہ
کیون نہ سمجھے گردنِ مینا کو ہر میخوار شمع

تنگ ایسا تیری فرقت مین خانہ ہوا
میرے گھر ناسور کی بتی بنی اے یار شمع

دستِ رنگین سے جو تو روشن کریگا باغ مین
صاف پھولونکی چھڑی بنجائیگی اے یار شمع

کربلا مین ہو جو نذرِ اشکی کی خدمت اے منیر
قبرِ اقدس پر چڑھاؤن شمع سو سو بار شمع

ردیف غین

جز ظلمت اے فلک ہے جوشِ سودا مین چراغ
دیدۂ خفاش ہے شبہائے یلدا مین چراغ

داغِ دل ہٹنے لگا عشقِ دہانِ تنگ مین
کسطرح ٹھہرے ہوا سے بالِ عنقا مین چراغ

میکدہ مین جلوہ گر داغِ دل روشن ہوا
عرش کا تارا بنا فانوسِ مینا مین چراغ

ہے شبِ غربت مین برقِ داغِ سودا کی چمک
بنکے جگنو اوڑ رہا ہے میرے صحرا مین چراغ

ہے دلِ تاریک حاسد مین ہمارا داغِ رشک
اے شکر لب بند ہے مسی کی ڈبیا مین چراغ

چھاتیونکے نور سے روشن ہے شبکو پیرہن
ہر کٹوری شکل کی ہے تیری انگیا مین چراغ

ہے دلِ صد چاک مین داغِ شرابِ لالہ گون
دخترِ رز نے جلا رکھا ہے جھنجھیا مین چراغ

تجھسے روشن ہے مگر بزمِ رقیبِ تیرہ روز
آج دیکھا آشیانِ مرغِ عیسیٰ مین چراغ

تیرہ بختون کی جو داعون کی تجلی دیکھلی
تو شرر آسا نہان ہو سنگِ موسیٰ مین چراغ

دشتِ وحشت مین سرِ گیسو دکھائیگا فروغ
کفچۂ افعی بنیگا جوشِ سودا مین چراغ

آرزوے مے سے ہاتھ آیا فروغ اسکی نشو
چلو اپنا بنگیا دستِ تمنا مین چراغ

زرد ہے داغِ جگر کا رنگِ ساغر کے حضور
ہے کدو کا پھول گویا بزمِ صہبا مین چراغ

ہے بہارِ داغِ دل فصلِ جنون مین اسقدر
پھولون کا دونا بنا ہے باغِ دنیا مین چراغ

رنگِ مقتل ہے فضاے آرزوے وصل مین
جام پر خون ہے شبستانِ تمنا مین چراغ

تم شب تاریک مین جاؤ گے بہر غسل اگر
جام عمر خضر ہوگا عین دریا مین چراغ

اپنے مجنونون کے داغ دل جو دیکھے وہ پری
ہم چڑھائین مسجد برو سے لیلا مین چراغ

وصف لعل لب کو لکھکر کیون لفافہ کرتی ہین
باندہتا بہی ہے کوئی کاغذ کی پوڑیا مین چراغ

داغ دل کو جلوۂ دندان دکہانا چاہیے
دیکہو آب گہرہائے ثریا مین چراغ

ہے عیان نیرنگ چرخ شعبدہ گر چاند سے
دوڑتا دیکھا طلسم چرخ مینا مین چراغ

اپنے ہاتہون سے جو تو اے مہر گل کرتا رہا
بنگیا طشت فلک بڑہ بڑہ کر دنیا مین چراغ

ہوگیا دلچسپ گوہر جلوۂ رخسار یار
بنگیا بطن صدف کی ناف دریا مین چراغ

کہو دیا داغ جنون کو سرد مہر سے منیر
برف سے ٹھنڈا کیا بزم تمنا مین چراغ

ردیف فا

دنیا کے موذیون کی زبان زد ہے نام زلف
ہے مثل لام دلمین بلا کے مقام زلف

کرتے نہین ہین دل سے عدو عشق لام زلف
سیدھی چہری سے چہیلتے ہین لکھکے نام زلف

چہڑینگے داستان جو باتون کے طول کی
شام ابد سے بڑہ کے سلے گا کلام زلف

بالون کی یاد رہتی ہے دور شراب مین
بکتا ہے آفتاب مین سودائے خام زلف

کرتے ہین قطع خنجر ابرو سے اپنے بال
انگشت ماہ نو سے مٹاتے ہین نام زلف

بالون کا عکس چاہیے جام شراب مین
کہدوا عقیق مہر پہ اے ماہ نام زلف

دونون کے طول مین سر مو فرق کچہہ نہین
لکہون سیاہی شب ہجران سے نام زلف

دروازہ بند کرکے وہ کنگہی کیا کرین
زنجیر در ہو سلسلۂ انتظام زلف

زلف سیہ کی یاد ہے بروکر عشق مین
نالے پہ اس سروہی کے جیتا ہون نام زلف

شانہ حلب سے آئینہ وارد ہین آپ کے
کرتا ہے بادشاہ ختن انتظام زلف

خوشبو مین بسکہ شیفتۂ زلف مر گیا
بہاگا عدم کو مشک چرا کر غلام زلف

ہے رات دن مناظرۂ طول موے یار
آتا ہے وہ بیان بالون کا ماہِ صیام مین
پہنچتی نہین کہون جو کرے مرغ دلکو قید
کہتے ہین لعل لب مین وہ اکثر وباکی بال
بالون کا وصف ہے خط پیچیدہ مین رقم
زلف سیہ کا رنگ بڑہیگا شباب مین
بالونکی یاد عشق لب وچشم مین رہی
مشق خرام ناز مین بالون کو کہولدو
سودائے زلف یار مین ہین تلخکام ہم
کرتے ہین زلفون سے اپنے سر سر مین بین
دیکہا جو بال کہول کے کڑوی نگاہ سے
بالون کا تذکرہ نہ کرے کوئی وصل مین
تصویر موے یار دم میکشی ہے پاس
اے گردگار کو نسے مجنون کے سوگ مین
بالون کے حلقہ حلقہ مین چہرے کا نور ہے
دیوانے تیری زلف سیہ کے ہمین نہین
زلفین بناؤ دیکہہ کے آئینۂ فلک
اولجہا ہے سبزۂ کاہ کا بالون کے بیچ مین
بالون کا نقشہ کہہ کے دل وا غدار مین
کہولین وہ بال ہو دل پہ داغ گرم آہ
بالون کا چشم تر سے تصور نکل گیا

پڑہتے ہین ہم رسالۂ علم کلام زلف
افطار صوم کیجئے ہوتی ہے شام زلف
کانٹے کی شکل ہو قفس تن مین لام زلف
ہوتی ہے آج شہر بدخشان مین شام زلف
مار سیہ کی شکل ہے طغرائے لام زلف
فصل بہار آتی ہے پہولے گی شام زلف
بادام کی مٹھائی مین ہو مشک شام زلف
دیدو سمند حسن کے منہ مین لگام زلف
افیون زہر غم مین ملے مشک شام زلف
مسی وہان گور کو ہے مشک شام زلف
بادام تلخ ہو گئی ہر چشم دام زلف
قبل سحر نہ بول اوٹھے زاغ شام زلف
پیتا ہون گہول گہول کے مین نقش دام زلف
ابتک سیاہ پوش ہے لیلائے شام زلف
قندیل شمع طور کی جالی ہے دام زلف
پتلی ہے چشم قیس کی لیلائے شام زلف
اتو کلاہ مہر کو ہو عکس دام زلف
بہٹکا رہی ہے خضر کو ظلمات شام زلف
بو دو دن چمن مین سنبل طغرائے لام زلف
طاؤس نالہ کش ہو گرے ابر شام زلف
دریا سے پانی بہکی چلا ابر شام زلف

مردان عشق خشک ہین بالونکی عشق مین
پیتا ہے شیرون کا لہو آٹھو پہر نشانِ الف

کی مشق نفی ہمنے جو انکار وصل مین
شاید ملا دیا الف قد سے لام زلف

آفت کے تبان فرنگی محل منیر
باتین دم مسیح چلیپا ہے دام زلف

ردیف قاف

اے دل ہوا جو زخمی تیغ جفائے عشق
داماں زخم دل سے بہی آئی ہوائے عشق

ممکن بدون گریہ نہین مدعائے عشق
برسات کے سوا نہین چلتی ہوائے عشق

دریوزہ گر ہون دولت حسن و جمال کا
تو بادشاہ حسن ہے مین ہون گدائے عشق

پابند آبرو سے محبت کو کام کیا
کہاتا ہے استخوان گہر کب ہمائے عشق

عاشق ہون پائجامہ دوپٹہ پر آپکے
جوڑی سے جھکو ہاتھ لگی کیمیائے عشق

آسیب عاشقی سے نہون شعلہ رو بلا
پریون کے سر چڑہا رہی دیو بلائے عشق

الفت نے آپکی یرقانی بنا دیا
ہر چشم تر ہماری ہے جام طلائے عشق

دیوانے ہم فریب محبت سے کیون نہ ہون
آئی پری کا روپ بدل کر بلائے عشق

دل جنکے شیر ہین وہی کرتے ہین عاشقی
اے غافلو نگردن کیلیے ہے طلائے عشق

عاشق کے مردہ پر ہین الفت کی شدتین
مردار سنگ ہوگئی سنگ جفائے عشق

اللہ رے اضطرار دل بیقرار کا
پہلو مین میرے کوئی نہ ٹھہرا ہوائے عشق

تہوری سی بہی اذیت الفت بہت ہوئی
بڑہکر پہاڑ ہوگئے سنگ جفائے عشق

سبزہ کے بدلے مہر گیا کیون ہو نمود
چلتی ہے میرے گلشن دل مین ہوائے عشق

آلودہ ہے جو خون دل وا عذار مین
یاقوت آفتاب ہے سنگ جفائے عشق

اول ہمین اسکے ہے نظارہ کی دلیل
یہ واقعی کہ آنکھ سے ہے ابتدائے عشق

خاموش جی جلائیے آنسو بہائیے
سنلو زبان شمع سے یہ ماجرائے عشق

ہے حرف قاف قرب اجل کی بڑی دلیل
یعنی ہے قبر عاشقون کو انتہاے عشق

آزردگی مین بھی وہی الفت کا جوش ہے
توڑا جو دل حضور نے نکلی صداے عشق

ملک عدم کا کوچ کرو لیکے زاد پاس
اے تازہ واردان مصیبت سراے عشق

سرمہ سواد گور ہے عاشق کے واسطے
خلعت کفن ہے خون تمنا حناے عشق

مرنا ہے تلخکام محبت کو امر سہل
زہر اجل ہے سبزۂ تیغ جفاے عشق

قول اے منیر پڑھتے ہین نواب مہر کا
ہے دل مین آمد غم بے انتہاے عشق

ردیف کاف

ہو گیا خاک مگر ہوتی ہے تشہیر ابتک
مٹ گیا رنگ کھنچی پھرتی ہے تصویر ابتک

آپکی چوٹی کے موباف کا اللہ رے عروج
کینچلی سانپ کی ہے عرش کی زنجیر ابتک

تیغ ابرو کے سخنور ہین ازل سے مداح
طرح ہوتا ہے یہان مصرع شمشیر ابتک

چودھوین سال ہی پوری نہوئی قتل کی مشق
نہوا بدر ہلال لب شمشیر ابتک

عشق گیسو مجھے چھوڑے ہوے مدت گذری
سطر تقویم کہن رہتی ہے زنجیر ابتک

حسرت قتل مین ہارت سی ہوبین چوستے ہین
دانت کاٹے ہے ہین لب شمشیر ابتک

فصل گل جا چکی باقی ہے بہار سودا
عشق پیچان کیطرح پھولی ہے زنجیر ابتک

ناطقہ حسن فصاحت کا ازل سے ہی مقر
کلمہ پڑھتی ہے ترا طوطی تقریر ابتک

بیڑیان پر سو نکلتی ہین سیہ گیسو مین
اے پری کھیلتے ہین افعی زنجیر ابتک

شبنم صبح سے کس عذر گیا جوش جنون
کیون فلک کھینچ رہا ہے عرق شیر ابتک

کھا گیا سیکڑون کو روز ازل سے اترک
پیٹ خالی نظر آیا خصم شمشیر ابتک

مدتون سے ہے حبیبون کی مجھے حسرت وصل
ہے مرے دست تاسف مین کف تدبیر ابتک

شیب مین بھی ہے تری چھاتیون مین [illegible]
خوب ان ناریلون مین رہی اکسیر ابتک

حال بے پروا کہلے شمع رخون کا کیونکر
دن کو کہلتے نہین دیکہے لب گلگیر اب تک

رابطا بروو مژگان مین کبہی دیکہا تہا
شامل لفظ کمان ہے الف تیر اب تک

شاہد قتل کسی عاشق مژگان کی ہین کیا
شکل انگشت شہادت ہین تیغ و تیر اب تک

نیند کہو دی گئی مدت ہے اسے ڈہونڈہتے ہین
شمع ہاتہو مین لئے نالۂ شبگیر اب تک

کہسیاتے پہرتی ہین [illegible] ڈہونڈہتی ہین [illegible]
گہر کے دروازہ مین ہین بازو زنجیر اب تک

کبہی خونریزون کو حاصل نہوا اطلاق شباب
ابتدا سے ہے سفید ابروی شمشیر اب تک

وصل اس بت سے ہوا انکو مبارک ہو منیر
کسلیے شکر کے سجدے مین ہے تاخیر اب تک

ردیف کاف

کچھ اس غزل مین بہی نہوا آشنائے رنگ
پہٹ جائے یہ زمین الہی سمائے رنگ

تیرے حضور باغ مین کیونکر سمائے رنگ
ملتی نہین ہے حسن کی کثرت سے جائے رنگ

ہو خوش دماغ جیسے ہوا آشنائے رنگ
[illegible] پہنچی گئے عطر حنا سے رنگ

ہونٹون کیا اسکے لعل نہ دیکہے خدا کرے
تیغ ہلال لب سے کہین کٹ نہ جائے رنگ

اے عندلیب باغ جہان مین یہ تنگ شمع
گل بہی ہوا تو مین نہوا آشنائے رنگ

بلبل کا فصل گل مین چہکنا عجب نہین
ہے جام گل مین بادۂ حسن آزمائے رنگ

سیلاب ہے رطوبت فصل بہار کا
طاؤس کے پرونکا کہین بہہ نہ جائے رنگ

اپنی بہار دیتی ہے ہولی کی نذر مین
تیرے حضور فصل چمن کیون نہ لائے رنگ

زیبا نہ ٹہرے ضعف سے زردی بہی جسم پر
ڈہیلی ہوئی ہمارے بدن مین قبائے رنگ

رنگی جو اپنے ہاتہ سے وہ آبروی باغ
عطر بہار سے کبہی [illegible] پہ آئے رنگ

گلشن کا روپ دیکہو وہ نازک دماغ اگر
دامن مین اپنے باد صبا چہان لائے رنگ

دو رخ مین داغ عشق اگر پختگی دکہائین
بہٹی کے چڑہنے سے بہی گلو نکا نجائے رنگ

چاکِ جگر میں چاہیے خطِ شعاعِ حُسن — اس جنتری میں کھینچیے تارِ طلاے رنگ

ہے عکس نا کہ گُلِ رخسارِ یار کا — اُنچی ہوئی ہے سرو کے قد پر قباے رنگ

تارِ نظر کے بوجھ سے مسکی جو بار بار — پوشاک پھر حضور کی کیونکر اُٹھائے رنگ

تیری نگاہِ گرم سے جلتی ہیں دلمیں پھول — تیغِ نظر سے کیون نہو کشتہ طلاے رنگ

تیرے حضور خشک جو ہو جائیں شرم سے — پھولون کے جسم سے اُتر آئے قباے رنگ

نشہ ہے بہار کا یا رب خزان میں بھی — نہ کر شراب شیشۂ دل میں سمائے رنگ

ایجان تیری جنبشِ رنگت سے کے سو برو — گلہاے اشرفی کا ہے کھوٹا طلاے رنگ

تشبیہ دون جو یار کی مستی سواے فلک — اودھی گھٹا سے گلِ سوسن کا چھائے رنگ

دربانی اُسکی ڈھونڈتے ہیں شاہدانِ گل — زنجیرِ در کی بیل ہو پھر قباے رنگ

بعدِ زوالِ حُسن بھی اُس گُل کا عشق ہے — ہم مثلِ عندلیب نہیں آشنائے رنگ

ایجان دیکھ لے جو ترا حُسنِ سادگی — کیچ کر کے اپنے جام کو ہر گُل گرائے رنگ

آبِ بدن کی موج ہے گا کرن کا عکس — انگیا کی چھبکی آج جینے کی قباے رنگ

دیکھون جو بے ثباتیِ باغِ جہان کی سیر — ابدل ہوا تبسمِ گل کی اُڑائے رنگ

شیخی یہ کرکری تیرے آگے ہے باغ میں — خاک اُڑ رہی ہے فصلِ بہاری میں جائے رنگ

باغِ جہان میں حُسن کی رونق ہی خلق سے — خوشبو بھی تھوڑی چاہیے اپگل برائے رنگ

ہیچ بستہ آبروے گل تر ہو ملبلو — وہ رشکِ گل جو باغ میں اپنا جمائے رنگ

بے لطفیان سواے حنا کس سے اوٹھ سکیں — ٹھیرا ہے کون پاس تمہاری سوائے رنگ

بڑھ جائے تیرے یمنِ قدم سے یہ اوج باغ — ٹیکا جبین مہرِ فلک پر لگائے رنگ

تیرے حضور پھول نکالا زہرہ ہے آب آب — پائے نظر میں دیکھ کہیں پھر نجائے رنگ

آئینہ سان ہرن جو کھلے سیر باغ میں — اُس رشکِ گل کو سرخ دوپٹا اوڑھائے رنگ

رنگین میرے شعر سُنیں ہے جو قصدِ باغ — بالی میں موہ پروئیں گلِ مدعائے رنگ

ایسی بہار باغ جہان سب بے ثبات ہے
دامن اگر ہوا کا لگے چہوٹ جائے رنگ

ہے جوش حسن آتشین سے تلاطم میان باغ
پہولون سے ساغرون مین بہی جوش کہا رہے رنگ

کرتا ہے تیرے سامنے پروا حسن گل
دیوار باغ پہاندتے ہین باد پائے رنگ

اس شاہ حسن سے جو کرین پہول ہمسری
کہا جائے استخوان رگ گل کہلائے رنگ

پڑ جائے میری پختہ مزاجی کا عکس اگر
سو شوب پہ بہی اطلس گل کا نہ جائے رنگ

سو تی دکہائے کان کا وہ گل جو زلف مین
چہالا دہان یار کا ڈہونڈہے حنائی رنگ

ہر باغ کو ہو خوبی ابرو سے پیچ تاب
تلوار کی جو آنچ لگے جوش کہائے رنگ

فصل خزان نہین کسی بلبل کے سوگ مین
سوسن نے مسی لالے نے چہوڑی حنا کے رنگ

رنگنا جو اپنے کپڑے وہ مطرب پسر کہین
زہرہ گل قمر کا ابہی کاٹ لائے رنگ

مرتا ہون اکہ بنو کی تمنا مین اے منیر
اللہ عیش باغ کا مجکو دکہائے رنگ

ردیف لام

رخت زری پہن کے کسیدن چمن مین پہول
سلمے کی بوٹیان ہون ترے پیرہن مین پہول

خوشبو سوا ہو پہنے جو تو موتیون کے ہار
اپنی قبا بسائین ترے پیرہن مین پہول

تو سیر کو جو آئے تو گلشن سفید ہو
لائے گل سفید داغ بنین ہر چمن مین پہول

پہناؤ تم جو غیر کی گردن مین اپنے ہار
لائے گل قبائے رنگ او تارین چمن مین پہول

ملبوس زیست ذرہ افشان سی جل گیا
اوڑ کر چراغ رخ سے پڑا پیرہن مین پہول

ادمس گل کو شوق بادہ کشی ہو جو باغ مین
مینائی رنگ توڑ کے نکلین چمن مین پہول

مخمل بدن مین پہول گئے میرے ہاتھ پاؤن
غیرون کے ساتھ تم نے سیا جب چمن مین پہول

سودا تو نا بہی داغ جگر ہین گلے کے ہار
گویا پرو دیئے صدمے تار کفن مین پہول

بازو پہ اپنے رکہے جو سیٹے وہ لارو سرخ
یاقوت آفتاب کا ہو نورتن کا پہول

سودا رہا بہار کا مجکو چمن میں بھی
سمجھا میں چشم غول کو دیوانہ پن میں پھول

ہر زخم پر چھڑک عرق عارضِ صبیح
دامن بسائیں عطر گل یاسمن میں پھول

سبزہ چریں جو وحشئ عارض کی قبر کا
ہوں نافۂ غزال سے پیدا کفن میں پھول

اوراق گل میں لکھے ہیں صفتِ تیغ صبیح
رکھتے ہیں ہم بیاضِ گل نسترن میں پھول

گلشن میں کر کے وصف صباحت جنون کا
بکھر دیے ہیں جیبِ گل نسترن میں پھول

گر دوا سے نقش عارضِ محبوب تیغ زن
جنت کے جڑ لیے سپرِ داغ تن میں پھول

کوٹھی پر آج صبح ہا کون گل فشان
اوجھے ہوئے ہیں مہر فلک کی کرن میں پھول

مجلس مہک گئی سخن آبدار سے
موتی کے واسطے بنگئے درج دہن میں پھول

اے عندلیب جز گل زخم جگر کہیں
دیکھے نہیں ہیں گلشن چرخ کہن میں پھول

ہیں خال خط میں گال نہاں گیسوؤں میں ہار
دیکھا ہے کس نے چاند خزا میں گہن میں پھول

فصلِ خزا میں داغ جنون کی بہار ہے
اے عندلیب باغ میں کانٹے ہیں نہیں پھول

ڈوبیں گے اس کنوئیں میں جو عشاق و اعدا
اے گل کھلیں گے سبزۂ چاہِ ذقن کے پھول

اے حور تیرے گالوں نے تشبیہ تیری ہی
صبح بہشت ہو گئی شاخ سمن میں پھول

تم ہو گئے گل فشان تکلم جو فشار میں
تیرے پھر بنینگے موج شراب کہن میں پھول

یارب شراب پیکے وہ گل گرمیان کرے
پیدا ہوں آگ کے چمن نار دمیں پھول

میں کیا دکھائی دیتی نہیں بلبلوں کو بھی
پہنے تو ایسے ملگئے تیرے بدن میں پھول

اہل صفا جو دیکھینگے تیری بہار حسن
جوہر بنینگے آئینۂ انجمن میں پھول

ہیں خار خار غم مرے سینہ میں اسقدر
اے گل نہ ہونگے بعد فنا بھی وطن میں پھول

ابھی بہار حسن بتان ہے کمال پر
تا قوس ہو نہ جائے کف جبین میں پھول

تقریر آبدار میں شامل ہے وصف رخ
اے گل بہائے جاتے ہیں گنگ و جمن میں پھول

فیض بہار عارضِ رنگین کے زور سے
اے گل کریں گے شراب سے انجمن میں پھول

دیکھو بہار شہر خموشان کی غافلو
یعنی چراغ گور مین باغ وطن مین پھول

پہنے سہاگ کے ہار جو تو نے پلنگ پر
اے بحر حسن بہ گئے موج رسن مین پھول

جلتی جو آتش گل رخسار یار سے
تا صبح نخل شمع سے گرتے لگن مین پھول

رنگینی کلام ہے ہونٹون کے وصف مین
ڈوبے ہوئے ہین رنگ عقیق یمن مین پھول

پہنا تو قدر بڑھ گئی پھولون کے گہنے کی
سونیکے چبھ گئے بدن سیم تن مین پھول

شرما گئے وہ باغ مین شادی وصل سے
چشم رقیب سے بنگئے دولہا دولہن مین پھول

اولجھاؤ بالو مین دل پر داغ عاشقان
پھولینگے شاخ زلف شکن در شکن مین پھول

طرفہ بہار ہے چمن انتظار کی
داغ جگر بنے مرے بیت الحزن مین پھول

کرتا جو گریہ میان دل پر داغ عندلیب
چنبر کیطرح رنگ بدلتے چمن مین پھول

کانو مین سینکین ہین رگ گل کی جو اسے پڑی
زیبا ہے بالیونکی عوض بالی پن مین پھول

ہر شاخ تیر مین جگر وا عذار ہے
آئین ہین عجب قبضہ ناوک فگن مین پھول

ہو بوئے مشک شب نمک زخم عندلیب
رکھو جو صبح تک چمن انجمن مین پھول

بے آب بیقرار جگر چاک تیر سے ہین
پارہ کنو مین ہین کانو مین لی تمین مین پھول

جھگڑینگے باغبان دنکیرین و عندلیب
رکھنا تم اپنے ہار کے میری کفن مین پھول

وہ شمع رو جو شمع کو کرے شغل میکشی
اے باغبان چراغ سحر ہون چمن مین پھول

ایدا کبھی سما نہ سکے تو بہشت مین
ایسا سرور عشق حسین حسن مین پھول

کیا کام ذکر بلبل و گل سے ہوا اے منیر
کس کو پسند آتے ہین رنج و محن مین پھول

عاشق ہوا لیے وصل بت فتنہ گر مین بال
سو بار بگڑے اور بنے رات بھر مین بال

پہچکے [illegible] ہین عبث آپ گھر مین بال
پڑجائینگے حضور کی تیغ نظر مین بال

پہرتا ہے سر جو گرمی وحشت مین الجھون
حلقہ و پیچ مین کے بلغے مین و وران سر مین بال

پهر سو برس رہا ہے مگس ران سو آج نور ٭ کیا چهنی قمر کے ہین شپرے چتور مین بال ٭

مثل سواد شہر عدم آتے ہین نظر ٭ یہ رفتہ رفتہ بڑہ گئے میرے سفر مین بال

دنیا کے خوبرو ترے دروازہ پر ہین قید ٭ اُلجھے ہوے ہین گیسو زنجیر در مین بال ٭ ٭

سہرا اپنے ہے سونیکا آشفتگی دل ٭ ٭ شاید تمہارے دہوئی گئے آب زر مین بال

دل کی شکست خوب ہو زلفونکے عشق مین ٭ بڑہ جائے آبرو جو پڑے اس گہر مین بال

نشہ مین اپنے عاشق لاغر کو تاک کر ٭ کہتے ہین چہد گیا مرے تیر نظر مین بال ٭

چہیدینگے پلکین لخت دل اہل آبرو ٭ ٭ روزن کرینگے دانہ لعل گہر مین بال ٭

پیری مین راہ موت کی چلتا ہون سر کے بل ٭ اُڑتے ہین ملکے دو دچراغ سحر مین بال ٭

مدفون نسلقوان والے ہوے باغ دہر مین ٭ ریشون کی بدلے نکلینگی شاخ شجر مین بال ٭

دیکہینگے حسن گرم کی آتش فشانیان ٭ پریان لبسا ئینگی گل رنگ شرر مین بال ٭

اغاز خط مین سیب ذقن کی شکست مین ٭ پڑتے چلے ہین شیشہ رنگ ثمر مین بال

اہل عدم کو پیچ مین لانے سے فائدہ ٭ پہر بار کیون اُلجہتے ہین موے کمر مین بال ٭

درد گلو ہوا لب شیرین کو چوم کر ٭ ٭ شاید کہ کہا گیا ہون کوئی اس شکر مین بال

قاتل کی زلفین ڈالکے رو غن مین ملگئین ٭ مانند موج پہرتے ہین رنگ سپر مین بال

پهر لیسے پہورسے بال نہین ہوتی کیون جدا ٭ پیوستہ مثل رگ ہوئی گلبرگ تر مین بال ٭

گنڈا بنا کے بہنے جو بہپنا جنون گیا ٭ تعویذ کے خطوط ہوئے ہین اثر مین بال ٭

زلفون کو اپنے آئینہ مہ مین دیکہکر ٭ ٭ کہتے ہین پڑ گئے ہین نگین قمر مین بال ٭ ٭

حد سے زیادہ وحشی مژگان ہے ناتوان ٭ فصاد چہید تا ہے عیش نیشتر مین بال ٭

پہونچ سے حضور نے ٹالی ہے آدہی رات ٭ کنگہی ہوئی بنا لئے گئے دو پہر مین بال ٭

مرغ دل منیر کو پہندے مین پہانس لو ٭ باندہو گلوئے عاشق خستہ جگر مین بال ٭

ردیف میم

سر حلقۂ رندان بس مردان نہوئے ہم
پیمانہ کا سر شیشہ کی گردن نہوئے ہم

اے بخت سیہ یہ ہین بہا خون ہمارا
ہندو بچۂ خال کے چندن نہوئے ہم

کہتے ہین ترے شوق قد محبوس ہین اہل
کیون گوشہ نشین زرہ دامن نہوئے ہم

انسان بنے مختون سے شۂ خوبان
پر مردم چشم صنم توسن نہوئے ہم

سب سنگ لیے کہتے ہین گردش کی ہوین
پروردۂ آغوش فلاخن نہوئے ہم

ملجاتے ترے کا نکے پتو نہین اسطرح
برگ شجر وادی ایمن نہوئے ہم

کہتے ہین یہ اے ترک مرے غنچۂ نازک
نکتہ ہوئے پر قابل توسن نہوئے ہم

داغ غم زلفا ایک شب چمکا دم گل گشت
مہتاب شب سنبل گلشن نہوئے ہم

آزار دیا ضعف مین بہی غیر کے دل کو
کب مورچہ پارۂ آہن نہوئے ہم

پنہان نہوا عشق مسی مین تن پر داغ
گلدستۂ طاق گل سوسن نہوئے ہم

اے گل نہوا عشق دہن باغ جہانمین
عنقا کے لئے شاخ نشیمن نہوئے ہم

گو ضعف بڑہاپے کبھی دشمن سے نہ اوجھے
صد شکر کہ خار سر دامن نہوئے ہم

سنگ نہو بسوا آبلون کے رکھتے ہین پانو
اے بت تری نظرون مین برہمن نہوئے ہم

تقدیر نے احباب کا مجمع نہ دکھایا
دانہ ہوئے پر شامل خرمن نہوئے ہم

کہنے سے کسی کے نہ کیا آپ سے دل سخت
عاری ہوئے سب پارۂ آہن نہوئے ہم

جمعیت خاطر نہوئی زلف سے حاصل
زنجیر کے دانون کو بہی خرمن نہوئے ہم

غیر آئے ترے کوچہ مین پر ہمنے نہ روکا
اے بت سفر کعبہ کے رہزن نہوئے ہم

کاٹے ہوئے پر حسرت دیدار نہ نکلی
اے گل مژۂ دیدۂ روزن نہوئے ہم

آغوش مین نقشہ مسی لب کا نہ کہا
فانوس چراغ گل سوسن نہوئے ہم

ایک اور غزل پڑہتے ہین اس بحر مین دیکھو
کیونکر در الہام کے معدن نہوئے ہم

غزل

خواہان بزرگی پس مردن نہوئے ہم — پیر فلک گنبد مدفن نہوئے ہم

اے بت غم گیسو نے نہ لگا ہمین افسوس — مار شب آفت کے لئے من نہوئے ہم

سب ہے وہ سر نیزۂ مژگان سے سراپا — اے گل ثمر شاخ نشیمن نہوئے ہم

ملبوس پہ حسن سکے بوسو نہین مزا تہا — افسوس لب چشمۂ سوزن نہوئے ہم

کہتے ہین سب تجہے دیکہہ کے یون اہل انجم — تیرے رخسار کے خرمن نہوئے ہم

جی بہر کے گلے خنجر ابرو کو لگاتے — یارب ہمہ تن کسلئے گردن نہوئے ہم

مرغان جنان کہتے ہین وحشت کی ہوس مین — کیون بیضۂ ناقوس برہمن نہوئے ہم

پلکون سے تسکین رخت حسینا کی مٹاتے — جاروب کش گوشۂ دامن نہوئے ہم

اوس کوچہ کے چکر کے لئے کہتے ہین بہت — یارب صنم سنگ فلاخن نہوئے ہم

ای ترک عقیق دل پرخون سے بدلتے — حکاک نگین سم توسن نہوئے ہم

دروازہ گلستان کا خزان پر نہ کیا بند — بخیہ گر چاک در گلشن نہوئے ہم

داغ دل سوزان کا عشق مین صرفہ — صراف زر شعلۂ گلخن نہوئے ہم

دعوائے مسی کرنے نہ دیتے تری آگے — قفل دہن غنچۂ سوسن نہوئے ہم

کیا تفرقہ بخت سے ہے یون بہی نہوا میل — پارس سے تم پارۂ آہن نہوئے ہم

بت ہو گئے حیرت سے کسیکو نہ ستایا — پتھر ہوئے لیکن دل دشمن نہوئے ہم

گل کہاتے رہے وصل کی حسرت مین سراپا — ای گل تری کمخواب کی چکن نہوئے ہم

دی جان مگر ہاتہہ نہ آئے تری بازو — تعویذ لحد بنگئے جوشن نہوئے ہم

اے بخت سیہ کہل گئے بوسہ کی ہوس مین — پر خال لب طفل برہمن نہوئے ہم

آنسو مری کہتے ہین ہوئی عطر تو کیا لطف — ای گل تری تصویر کے روغن نہوئے ہم

پیسا بہی جلایا بہی ہمین بخت سیہ نے — مسی نہوئی آپ کے منجن نہوئے ہم

ہے نام خوش ہوا منیر اہل سخن میں
گو بزم جہاں میں بس مردن نہ ہو گئے ہم

ردیف نون

ہوا کھانے پھرا کرتے ہیں صبح و شام لگی ہیں — لگایا ہے بتوں نے ابلق ایام لگی ہیں
جیسے ٹھنڈی سڑک پر دیکھتی ہو کر جاتی ہیں — شراب ہیچو دیکھی چل رہی ہیں جام لگی ہیں
ہوا کھانے میں اشعار کر ٹھہرا ہوا ہے سب مجھے — ہوا ہے غیب سے مضمون کا الہام لگی ہیں
تری پلکی ہے پر جوش چشم آنکھیں ملکی روتا ہے — ملا جاتا ہے اے بت دشمن بادام لگی ہیں
گھر میں ڈاب کسکرہ ہوا کھانے نکلتے ہیں — کیا ہی عاشق و معشوق فی آرام لگی ہیں
اور ہر دم ہوں جیتا ہوں ہوا کھا کر ادہر ای — سحر تابوت میں ہوتی ہے مجھکو شام لگی ہیں
بت ترسا کے طعنوں سے سوار ہیں ہوا ایچو — برانڈی نبگلی کیفیت دشنام لگی ہیں
خفا ہو ہو کے کہتے ہیں کہ عاشق کچھ نہیں کہتا — ہوا کھانیکا بہی سیتے ہیں نہ الزام لگی ہیں
سواریں میں چڑھانا ابرو پر خم کا لازم تھا — کمانی چاہیے تھی اے بت خودکام لگی ہیں
سواری اوس بت ترسا کی کیفیت سے چلتی ہے — بنی ہیں گردشیں پہیوں کی دور جام لگی ہیں
سواد کعبہ کے مانند رنگت ٹپ کی کالی ہے — ترا سایہ بنا ہے جامۂ احرام لگی ہیں
تیرے بالوں کے ملنے سے اودھا اگھوڑا سوار تھا — بنی چابک سے ہمسر زلف سیہ فام لگی ہیں
ہوا کھانے میں میری جان بچی اوس فرنگن سے — سمند عمر عاشق کا کیا نیلام لگی ہیں
ہوا کھانے میں شوق بوسہ تمہی مجھ ماری — نہ آیا راس مجھکو یہ خیال خام لگی ہیں

منیر اپنی سواریں اگر نواب لیجائیں
ملا کریں حضور پلکوں کا انعام لگی ہیں

غزل

از رشک مرا سوخت بت سرو قدمن — خاکستر قمریست غبار لحدمن

زعیسی خود عمر دوبارہ ہوسم نیست
این جنس گرانمایہ بود مسترد من

ستانہ برون تاختم از میکدۂ دہر
جز سبزۂ مینا ندمد از لحد من

سنجید بہ کئے طبع محیط دو جہانست
شد کفۂ میزان قیامت سبد من

تکمیل جنون گشت زوال خرد ما
خضر رہ سودا شدہ پیر خرد من

گلچین جہالت شدم از ہمت عالی
در گلشن ایجاد نگنجد سبد من

گل کرد پریشانیم از فصل بہاران
سنبل شدہ آشفتگی حال بد من

در معرکہ بیکسیم یافت چو تنہا
سرناست و صد فتنہ براے مدد من

ضعف شکست دل شمدیدہ عیانست
مو از پی آئینہ بود عکس قد من

در سلسلۂ ہستی جاوید اسیرم
زنجیر بود گیسوی شام ابد من

جان داد حسود از اثر رشک بہ تلخی
شد زہر فنا سبزۂ تیغ حسد من

دل کشتۂ شمشیر بتانست در آغوش
تابوت شہیداست تو گوئی جسد من

آنیست تمناے منیر از تو شب و روز
در دشت نجف باد الٰہی لحد من

غزل

کعبہ سے مجکو لائی سواد کنشت مین
اصلاح دی بتون نے خط سرنوشت مین

پہرتے ہین کوچۂ بت قدسی سرشت مین
دیوانے لاتین مار رہے ہین بہشت مین

کفارۂ شراب مین پیتا ہون نقد ہوش
سرگرم ہون تلافی اعمال زشت مین

اکثر جزای سجدہ مین کہاتے ہین ٹھوکرین
لکھا ہے کیا خط کف پا سرنوشت مین

حورون سے گرمیان جو کہون اوس شریر کی
لگجای آگ آتش گل سے بہشت مین

سنتی ہے روز نغمۂ زنجیر عاشقان
وہ زلف بھی ہے سلسلۂ اہل چشت مین

زندان سے آنکھین سینکنے اوس گل کی گہر کو
دوزخ سے آگ لینے چلے ہم بہشت مین

بیگانہ اک ہمین نظر آئے پس فنا
بپدردون کا ہجوم ہی باغ بہشت مین

…یل مین دل کو گلے لپٹا لیا اوس شوخ نے — بنگیا لوحِ بیاضِ حسنِ گردن آئنہ
…لگئی یکسر صباحت اور رنگینی دسے گئی — عکس خسرو ہے جبین صبح گلشن آئنہ
…ہ جو آئے ایسی حیرت میکدہ مین چہا گئی — دخترِ رز کو ہوئی خشت سرِ دن آئنہ
…شق خود بینی مین کہیلا طائرِ دل کا تنکا — وہ ہوسکے کی ٹٹی بنا ہے صید افگن آئنہ
…وس بت دلا دل کے سامنے رہنے لگا — بنگیا میرے لئے دیوار آہن آئنہ
…سطرح کہڑکی مین ہے وہ مصفا جلوہ گر — چوکٹھے مین جیسے ہو ماہ روشن آئنہ
…ڈال لیتا میری آہِ سرد سے منہ پہ نقاب — پہونکتی ہے منہ چہپانا زیر دامن آئنہ
…بیضۂ فولاد مین زردی نظر آنے لگی — عکس عارض سے ہوا جسوقت کندن آئنہ
…دل مرا افسردہ تیری سرد مہری سے ہوا — آب یخ بستہ بنا ایماہ روشن آئنہ
…دل مرا دیوار مین رکھکر بنا نور و ضیا — اے پری چشمہ ہو بہر چشم روزن آئنہ
…عوض کوثر مین نظر آتی ہے کائی رات دن — جیسے عکس طوطی خط کا ہے مسکن آئنہ
…ایکدم دستِ حنا بستہ سی چہونا چاہیے — اسنیے چہالون سے ہے تنگ ایشوخ پیرہن
…آبرو سبزہ بنا پانی مکان یار مین — قدِ آدم پانی مین کہتا ہے مسکن آئنہ
…زخمیانِ عشق خط کا جوش حیرت دیکھکر — مرہمِ زنگار دے ایشوخ پر فن آئنہ

سبزۂ بیگانہ سمجھی دیکھکر طوطی کا عکس
ہوا اگر محوِ خطِ رخسار روشن آئینہ

سرو قمری مین جو پائے دل صفائی کا مزہ
ہر نمدپارہ کو سمجھے ابرِ بہمن آئینہ

آپکے نامہ کی پیشانی اوسی مطلوب ہے
چاہتا ہے یہ فریم ایماہ روشن آئینہ

حیف ہے میرا دل حیرت زدہ باہر ہے
اور گھر مین رہ سکے لوٹے اونکا جوبن آئینہ

وہ حلب مین اور یہ پہلو مین پہر آتا نہین
صورت دل ترک کرجاتا ہے مسکن آئینہ

ہمسری افعی گیسو سے کرے ای بت اگر
خشتِ فولادی کیطرح سانپ کا من آئینہ

ہوگیا ماہِ صفر روز سفر مجکو منیر
چہرۂ قاتل کا دیکہا وقتِ مردن آئینہ

غزل

زاہدونکو رہتی ہے کوثر کی چاہ
مجکو ہے دورِ مئی احمر کی چاہ

ہو مسی کی اوس بُت کافر کی چاہ
شیشۂ دل کو ہوئی پتہر کی چاہ

کون ہے عاشق قد دلدار کا
کسکو تہی اس فتنۂ محشر کی چاہ

بندونکو پابندیِ دنیا کہان
کشتیِ مے کو نہین لنگر کی چاہ

بلبلِ خالِ رخِ دلدار ہون
ہے گل داغ مہ انور کی چاہ

نشۂ مئی مین جو تو ابرو چڑہاسے
گردنِ مینا کو ہو خنجر کی چاہ

دیکہیئے نکلا ہے خطِ پشتِ لب
مور چونکو ہوتی ہے شکر کی چاہ

کانٹے سے کب نکہتِ گل کو ہوا نش
روحکو کیا ہو تنِ لاغر کی چاہ

ہے دلِ پرداغ کو سودای خال
مور کو ہے دانہ اختر کی چاہ

شمع سے پروانہ کو ہوتا ہے میل
کسلیے دلکو نہو دلبر کی چاہ

نقش کو نقاش سے رغبت نہین
کب کسی بت کو ہوئی آزر کی چاہ

تیر سے دل کا ہدف سے بت اوڑا
طائرِ بے پر کو ہے شہپر کی چاہ

کشتۂ باغ مین آتا ہے یاد
پہول کو دیکہا ہوئی ساغر کی چاہ

تو جو ہو پیش نظر اے مہ جبین
کبک کو کیا ہو مہ انور کی چاہ

لوٹ سے ہے پیر فلک اون انتو پیر
شیخ کو ہے سبحۂ گوہر کی چاہ

زلفونکے اوتری ہوی بال ونکو سے
تاجرونکو ہے اسی عنبر کی چاہ

گوشۂ دل مین رہیگا حسن رخ
آپ کے آئنہ کو ہے گہر کی چاہ

وحشت عشق لب گل رنگ سے
ہو رگ یاقوت کو نشتر کی چاہ

قمریونکو سرو سے کیا بیل سے ملے
ہمزہ سے ہے لاشۂ بے سر کی چاہ

دیکہتے ہین آپ کا چاہ ذقن
رکہتے ہین اہل چشمۂ کوثر کی چاہ

کعبہ مین اوس بت کا ہے انکو خیال
حاجیونکو بہی ہوئی پتہر کی چاہ

ہو گئے استاد سے فرقت نصیر
خاک ہو اکسیر کے یا زر کی چاہ

غزل

چشم کلیم سے کریم ذوالجلال دیکہہ
اے بت ہماری آنکہ سے اپنا جمال دیکہہ

در پردہ وے دیکہتے ہین ہمارا کمال دیکہہ
موسی کی طرح ہم نہین ٹلنے کی ٹال دیکہہ

اے بے مثال آپ تو اپنی مثال دیکہہ
ضد سے ہے تو آئنہ مین قوس جمال دیکہہ

مدت سے حیرتی ہین مین نقشک ترے
آئینہ دو رو یہ مین اپنا جمال دیکہہ

دن ہو گئے مہینے مہینے ہوے برس
عبرت سے روزنامچۂ ماہ و سال دیکہہ

ابرو پہ آئنہ مین لب بام کر نظر
اے ماہ آسمان پہ آکر ہلال دیکہہ

اس خوش خرام سے تو کہان اوڑکے جائیگا
اے کبک چوکتا ہے جو اپنی چال دیکہہ

زلفین وہان تنگ ہے آئین ہو بول و شو
عنقا تک اسمین قید ہوا ہے یہ جال دیکہہ

اے دل یہ گا ہوارہ جنازہ سے کم نہین
کیا اپنا کو دیکہہ رہا ہے مآل دیکہہ

برسات کا جو شوق ہے مجکو ولا کر و ز | ایجان ابر زلف مین برق جمال دیکھہ

اوقات کانپور مین ضائع نہ کر منیر
چل لکھنؤ مین صحبت اہل کمال دیکھہ

غزل

ہوئی تکرار نالے سے عجب نوبت مرے دل کی
ملے دو داغ جب باہم صدا نکلی جلاجل کی

نہی تشبیہ وصف ابروئے پرخم سے حاصل کی
زبان اپنی بنی ہے دستگی شمشیر قاتل کی

سواری پھر گئی آنکھوں مین کس لیلے شمائل کی
کہ پھانسین جبھہ گئین پائے نظر مین چوب محمل کی

فرنگستان مین بھی شاید چلی تلوار قاتل کی
نظر آتی ہے صحبت ناچ گھر مین قص بسمل کی

مرے تار سوال وصل کے پھندے بنا ڈالے
نکالی تم نے جالی رشتۂ آواز سائل کی

اسیر گیسوئے پیچان کیا نازک مزاجو نکو
تمہاری زلف پھانسی ہو گلوئے شیشۂ دل کی

نکلواتے ہین پیچے پاس سے عشاق مینکش کو
ہمیشہ آپ گردن ناپتے ہین شیشۂ دل کی

سخن مین پھول جھڑتے ہین مگر ریشۂ لب سے
ہوائی چھوٹتی ہے شربت دیدار قاتل کی

چڑھا کر تار قاتل نے رگ حلق بریدہ کے
ستار ہی مین گتین کیا کیا بجائین قص بسمل کی

پڑا ہے سبزۂ خط و ذقن کا عکس حیرت ہے
لگے ہین جیسے ضو آئینہ مین کائی چاہ بابل کی

بتوں نکلے حسن کا شہرہ خدا کے کان تک پہنچا
مگر پرواز اونچا ڈالے نے طائر آواز سائل کی

صدائے اشتیاق وصل نے پکڑی زمین ایسی
ترے دروازہ پر آواز بیٹھی تیرے سائل کی

دولائی اس جھپک سے تمنے اوڑھی چاندنی جنکی
بنی اس جسم رنگین سے نسخہ ہے چاندنی ماہ کامل کی

کہلا کر پان تو نے تلخ گوئی سے مجھے مار
گلوری تیری ٹھہریا سنگئی زہر ہلاہل کی

جبین و عارض جانانکی الفت جان ڈالی
کہیں تو ڈالے طلسم زندگی لوح اس حمائل کی

سر رو سے آرائش ہی اسباب تعلق کو
بہوت دست سے چوٹیان گوندھی سلاسل کی

اسیرو سنے کیا درماندگان دشت وحشت کو
نکالا آبلہ ہین ٹانگ مین ہیلین سلاسل کی

نہ بھولون تا کہ راحت مین بھی آزارِ محبت کو
نشانہ سے رہا کافورِ افسردہ دلی قائم
سوالِ وصل نے رستہ نپایا گوشِ نازک تک
جو آئی پاؤن لگا بوسے تمہارے ہاتھہ کو لیکر
ہوئی پوری مراد اوسکی لہو ملتی ہی ہاتھہ تمہین
کیا قتل اوس نے مجلس مین لہو سے بڑہ گئین تیرین
لبِ دریا وہ اکثر زلف کو دہوتے ہین چھپ چھپ کے
مرے ضیقِ غمِ فرقت سے دریا تنگ تر ہو
ٹہری ہی آنسو نکلی چاندنی نکلی تو کیا حاصل
ہماری بات کوئی کان کہکر وہ نہین سنتے
خوشی جاتی ہے دل سے جا کے معزولِ دل کو
تصور گرم جوشی کا ہے فصلِ اشکباری مین
ثبات اسکو نہین ہے اک طرف ہر سمت پہرتی ہی
رسائی رہروانِ عشق کی مشکل سے ہوتی ہی
اگر چھاپا او ڑالیگی مری رنگین بیانی کا
چمن مین دیکھکر اوس شاخِ گل کو باغبان لوٹے
مٹے جاتے ہین تلوے دستِ جانان بہشتی
نئے نسخہ سے لفِ عنبر افشان صبا ہوتی ہے
پہنچ جاؤن لحد تک قبل پیری کے تو بہتر ہی
دکھا کر چاندنی مین جوشِ سحرِ حسن گردونکو
تمہارے دولتِ دیدار شاید ہاتھہ آئے گی

مری ہر بند مین کہنے گرہ پڑ جی ہے مشکل کی
تری بندوق کی گولی مین ہے تاثیر قلقل کی
نہ آئی راہ پر نیت بہٹک کر تیرے سائل کی
سے نیگی چوب چینی ہر گرہ شاخِ انامل کی
اوٹھائی زخم سنکے کوچہ سے مہندی خونِ بسمل کی
ملی زنجیر کے نالے سے مہندی خونِ بسمل کی
ملیگا مشک گیسو چین مین دامان ساحل کی
شکنجہ ہوتی ہے مجھکو ہوس کا آغوشِ ساحل کی
پہپوندی سبزہ کے دوڑیگی سفیدی پاکاکل کی
کہلائین بالیکی مچھلی کو گولی نقشِ عامل کی
سحابِ غم کا آجانا مگر بدلی ہے عامل کی
مری برسات کی رُت مین ہے گرمی تیری محفل کی
عروسِ دہر کی ہی ناک موم شمعِ محفل کی
دلِ سنگین مین تیرا کے صنم سختی ہے منزل کی
سے نیگے گل کتریگی مقراضِ منقارِ عنادل کی
لگائین ڈالیان نخلِ تمنا سے عنادل کی
کفِ پا مین بہت کہنچواتے ہین شاخین انامل کی
کہلی پڑتی ہے تیری سرمین وہ جوڑے گل کی
سحر ہوسکے تو کھوئی راہ ہو جائیگی منزل کی
کفِ دریا بنا دوگے ہتیلی ماہِ کامل کی
ہتیلی شام سے کہجلا رہی ہے ماہِ کامل کی

کیا ہے بیدلی نے خانہ برباد ایک مدت سے — ہوئی ہے طائر بے آشیان ہے آرزو دل کی

تری محفل مین خوبان جہان پا بہار گرتی ہین — شکن شانہ پہ چرایا چاہتے ہین فرش مخمل کی

ہماری انگلیان کاٹینگے وہ نامہ لکھنے پہ — کھلین گی ناخن شمشیر سے گرہین انامل کی

ضعیفی آئی ہے مضمون ہستی کا غلط پایا — سحر پیری کی پیشانی ہے شاید خط باطل کی

تلیون کہان ہو ونگے عشق کی تلوا مین قدم سر — کہ تاریخ ولادت بیت ہی ابروی قاتل کی

بنا ہے دل کا نقشہ اپنی نگیا مین وہ رکھتے ہین — بچھاتے ہین نئی بنگلے مین کرسی خانہ دل کی

سند کامل ہوئی پیچان تیری گلعذار کی — خط رخسار پہ مہرین ہوئین چشم غزال کی

نظر آتی ہے کیفیت تجلی کی ہر انگلی مین — شراب حسن سے لبریز ہین قلمین انامل کی

مری میراث مین کیونکر نہون جوہر صفائی کی — سکندر سے ہی مجھ تک ایک پشت آئینہ دل کی

ہوا میر جنون کی داوڑ کی تیری بگھی کو — لگا دے جو کڑی ہی بہت غزال وحشت دل کی

رہی سرقہ سے نفرت عرش کو مضمون سے آگے
مین اسطرح مشق شعرگوئی ہمنے حاصل کی

غزل

کیفیتین ہین فیض جناب امیر کی — رکھی سبیل بادہ خم غدیر کی

دل خیر مانگتا ہے بتان شریر کی — ناقوس برہمن ہین صدا ہے فقیر کی

یارب نہین تلاش قلیل و کثیر کی — سائل نہون کسی سے دعا ہے فقیر کی

مستی رہیگی عشق جناب امیر کی — توبہ نہین ہے بادہ خم غدیر کی

تاکو نشانہ کردو رہائی اسیر کی — حاجت ہے مرغ روح کو پر ہائے تیر کی

مجھپر زیادتی ہوئی برنا و پیر کی — حد ہوگئی گناہ صغیر و کبیر کی

پیوند ہین بہانستا ہون تانے سے بہنگی — جالی بنا رہا ہون نقوش حصیر کی

الفت تک پہونچتے ہین اسباب سلسلہ — تار کمند عرش ہے سیلی فقیر کی

دم مارنے کا حکم نہین قید خانہ مین
زنجیر بولتی نہین تیرے اسیر کی

حیرت سے تک رہا ہی جو منہہ ایک ایک کا
آئینہ کو تلاش ہے کسکے نظیر کی

دریا کو باندہ دیتے ہین اللہ والے لوگ
پانی مین ڈوبتی نہین کشتی فقیر کی

مجلس مین ہون روح مری انس لفظ مین
ممکن نہین کہ جان بہی چہوٹے اسیر کی

کہینچے ہین سے چلے گوشۂ عزلت مین مدا قہ
دی ہے بہت زکوۃ نقوش حصیر کی

شیرین لبونکا عشق ہی جنت مین بہی ہمہ
صورت بنی ہے نہر لبن جوے شیر کی

لازم ہے کلیون کے لیے آب تیغ بہی
مسواک ہی وہان جراحت مین تیر کی

تہوڑا بہت یہانکا ہمارا ہی آنکہہ مین
بہرتے ہین ہم قلیل مین بڑہتی کثیر کی

پیدا ہوئے ہین خلق مین مستیکے واسطے
اول سے جانتے ہین حقیقت اخیر کی

دنیا کو آسمان دنی سے ہے دست بیچ
یہ پیرزن مرید ہوے آپسے پیر کی

پوا کیا سوال ید اللہ نے مسرا
دست خدا سے بہر گئی جہولی فقیر کی

طوفان اوٹہا سے آپنے کہیلا جو کوئی کہیل
دریا بہی جو روی زمین پر لکیر کی

پہونکین گی بورسے مین باسے فقیر کو
خاصیت آتشی ہے نقوش حصیر کی

طوفان نوح ہو تو نہ بہیگے کسیکا بال
کافی ہے کائنات کو کملی فقیر کی

آیا جنون خرد کو دیا عشق نے جواب
کی آج بادشاہ نے بدلی وزیر کی

خالق نے عمر بہر کے تڑپنے کیواسطے
بسمل کو خو نہین مری ہٹی خمیر کی

تر ہوا انہونکو رحمت حق کی ہے جستجو
میخوارونکو تلاش ہی ابر مطیر کی

اہل فنا ہی وارث اہل فنا ہوے
پائی حباب بحر نے ٹوپی فقیر کی

مجروح عشق کودک شیرین دہن ہوا
آئی دہان زخم سے بو شہد و شیر کی

یہ ہے خلاف وضع جو چہوٹین تعلیان
ہے شرط میکشو نہین گناہ کبیر کی

بیڑا غم جہان سے ہوا پار نزع مین
باد مراد سانس تہی وقت اخیر کی

حاسد کا سینہ چاک ہے سنکر مرا سخن
منہہ مین مرے زبان ہے پیکان تیر کی

قید قلم سے اپنی رہائی محال ہے
تصویر بہی اسیر رہیگی اسیر کی

کہنچکر کسیکا پوست کہین پوستین بنا
خالی نہین فقیر سے گدڑی فقیر کی

دوزخ مین آگ پوجتے ہین جاکے برہمن
کیا گرمیان ہین عشق بتان شریر کی

ہم جفسونکا شکار ہوا مین ضعیف و زار
پہانسی ہوئی گلے مین صدا ہمصفیر کی

کیا سرنگون زمانہ رہا تیرے سامنے
گردن جہکی سلام کو برنا و پیر کی

کیون لنترانیون سے جلاتے ہین گلبدن
کیا تہی چراغ طور مین بتی حریر کی

اللہ رے مرے نفس سرد کا اثر
سردی ہے آگ مین کرہ زمہریر کی

اللہ مشتری ہے مراد دل دکان ہے
سوداگری ہے بادۂ خم غدیر کی

اے خضر میرے فقر کو حاصل نہین فنا
آب بقا مین چلتی ہے کشتی فقیر کی

میٹہا ہے خوب شہد قناعت سے منہہ مرا
چکہتا ہون چاشنی لب نان شعیر کی

اب طوق خار دار کا کیا اور ہو خراش
ہر آہ دل خراش ہے تیرے اسیر کی

تزئین تن ضرور ہے ترک لباس سے
خلعت کو میرے چاہیے کشتی فقیر کی

ہستی مری زمانہ مین ہے جائے گومگو
تصویر ہون تری دہن بے نظیر کی

سے پہنے جو پہول ماہ رخان صبیح نے
بہتی ہوئی ہے صاف کف جوے شیر کی

اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی
سید ہی کہی تو ہوگئی اولٹی کبیر کی

شام شب وصال سحر ہوگی بات مین
قلعی کہلے گی آئینہ چرخ پیر کی

ہوگا یہ اضطراب جو میرا مزار مین
کس طرح آنکہہ ٹہرے گی منکر نکیر کی

ہر غم مین روح مانگتی ہے جسم سے مدد
دیتا ہے بادشاہ دوہائی وزیر کی

میخوارون پر ہے سایہ فگن رحمت خدا
چہتری لگائے پہرتے ہین ابر مطیر کی

خالق نے خاکسار کو اپنے کیا لطیف
مٹی کی عطر مین مری مٹی خمیر کی

یکسان ہوا اخیر کو انجام جزو و کل
میزان برابر آئی قلیل و کثیر کی

کوڑی کے مول اطلس گردون ہے بکے
مرد دون کے آنکھ مین نہین حسرت حریر کی

سودائے زلف یار سے پیدا ہوئے طلسم
مار سیہ بنا جو جنون مین لکیر کی

آرے ہوا آفتاب قیامت کے بہشت مین
سہیلی ہے دہوپ جلوۂ حسن شریر کی

دریا سے گھٹے جو آنسوؤنکی قطرے بڑھ گئے
کثرت قلیل کی ہوئی قلت کثیر کی

مجھسے ہی میری طبع کو ہین سرد مہریان
شاید ہے عنصر ونین ہواز مہریر کی

میرے ہجوم آہ و فغان سے نبائی راہ
اولٹی پہری گلے کو صدا ہمصفیر کی

ایمان فروش ہونگے خریدار سلطنت
دنیا نہین دکان ہے تاج و سریر کی

جاتا ہے کوئی کعبہ کو بتخانہ کو کوئی
منزل جدا جدا ہے ہر اک راہ گیر کی

تار نگاہ دیدۂ یعقوب تار ہین
یوسف کا پیرہن کفنی ہے فقیر کی

صحن زمین سے دنیکا طوفان لے اوڑا
موجین گئین فلک کو نقوش حصیر کی

سایہ ہے دام زلف کا بازوی صاف پر
مچھلی تمہارے جال مین ہے جوے شیر کی

کیا ہم کو لطف زیست کہ مرتے ہین آپ پر
حالت تمام عمر ہے وقت اخیر کی

جام جہان نماست ضمیر منیر دوست
ساقی سے کچھ چھپی نہین حالت منیر کی

غزل

دل عشاق سے حسن قد و عارض کی شہرت ہے
ہمارے سینہ کوبی نوبت صبح قیامت ہے

سپر عاشقونکو حسن و زلف رونکی دولت ہے
زر گل کا نہین توڑا اگر بلبل سلامت ہے

دل وحشی بسان کشتۂ شمشیر حسرت ہے
ہمارا قالب خاکی نہین مجنونکی تربت ہے

دور خون پا ہے بیڑیونکے حلقہ حلقہ مین
ہمارے خانۂ زنجیر مین یاقوت کی چھت ہے

اس سے ہے سیہ روزی مرے وحشی کی قسمت مین
مرا سر ہے وہ نافہ جسکے اندر مشک ظلمت ہے

پتا کیا پوچہتے ہو غافلو گور غریبان کا
سوادا اس شہر ناپرسان کا دو شمع تربت ہے

چہرا ہے پہرتے ہین ہمیشہ دل وحشی عنان پر
ہمیشہ چار کی کاندہی مقام اہل غفلت ہے

توانگر اپنے سامان طرب پر ایسے غافل ہین
کہ ہر نقارخانہ مین نفیر خواب غفلت ہے

نہین دیوانہ ہون جسکی جنونکا غل ہی محشر مین
کف میزان مین بہی میری لئی سنگ ملامت ہے

ملایا ہے فلک نے خاک مین کیا کیا عجیبونکو
مری نظرو نمین جو ڈہیلا ہی کافور صباحت ہے

شب ہجران بسر ہوتی ہوی دیکہی نہین ہمنے
سفیدی بیضہ عنقا کی شاید صبح فرقت ہے

مرید حسن جانان شمع مد کو ہم سمجہتے ہین
مگر فانوس گرد ان آستین دست بیعت ہے

خجل ہے میکدہ اتنا ہماری روسیاہی ہے
کہ ہر شیشہ نظر مین قطرہ اشک ندامت ہے

سمجہتا ہون نہین خود بینی کو بدتر سنگسار سی
بت پندار میری نظرو نمین سنگ ملامت ہے

لگا دے سبزہ رخسار کی تصویر رضوان نے
تہون کا طوطی خط سبزہ دیوار جنت ہے

منیر اس گہر مین آکر حشر تک باہر نہ نکلے ہم
جو دیکہا چشم باطن سی لحد کنج قناعت ہے

غزل

تمہاری زلف رخ کا لطف ہم ای مہ لقا سمجہے
اسی بال آئینہ کا اور اسکو آئینا سمجہے

اگر اس صاف بہتی پر سے ہو برہم تو جانیدو
کسوٹی زلف کو عارض کو ہم لوح طلا سمجہے

سیہ قلبونکی صورت کہوٹی باتین کیون نہ ہون توبہ
پری چہرے کو سمجہے زلف کو کالی بلا سمجہے

وہ دیوانہ ہی جو آسیب سے تشبیہ بیجا دے
اسے ہم دولت حسن اور اسکو اژدہا سمجہے

خزانہ زر روسے سانپ ایسے زیر کہاتے ہین
گہن زلفونکو عارض کو مہ پنہا سمجہے

لگائین داغ اس تشبیہ سے دونونکو کیون ناحق
دہوان سمجہے اسے اور اسکو شمع مدعا سمجہے

معاذ اللہ ہم کیونکر جلی چیزون سے نسبت دین
بنفشہ اسکو اور اسکو گل باغ وفا سمجہے

جو اس تشبیہ سے بہی ہو پریشانی طبیعت کو
اسی کافور سمجہے اسکو مشک جانفزا سمجہے

نازک مزاجی سے نہو منظور نسبت
شب قدر اوسکو سمجھو اور اوسی بدر الدجا سمجھے

گھٹتی ہو قدر حسن اس تشبیہ ناقص سے
اسے شام اوسکو چراغ مدعا سمجھے

عجب اندھیر ہے جی جل رہا ہے ایسی باتوں سے
اسے دریاے خوبی اور اوسے موج صفا سمجھے

نہیں کچھ آبرو آئینہ میں بھی اف روئے زیبا کی
اسے آئینہ دولت اوسے بال ہما سمجھے

جو یہ تشبیہ بھی گیسو و عارض پہ نہو صادق
شب معراج اسکو اور اوسی نور خدا سمجھے

غزل یہ نظم کی فرمایش نواب سے یعنے
تصور اوس کا ہے میری فکر کو جو نارسا سمجھے

منیر ان ساری تشبیہوں کے بعد اب اور کیا کہیے
اسے قرآن اوسے سطرین اگر سمجھے بجا سمجھے

غزل

وہ زلف ہوا سے مجھے برہم نظر آئی
اوڑتی ہوئی ناگن قد آدم نظر آئی

ہے پنجۂ رنگین میں ہمارا دل بیتاب
یہ آگ تو سیماب سے باہم نظر آئی

آغاز میں ہستی کی اجل آگئی اے دل
جو چیز مؤخر تھی مقدم نظر آئی

شبنم کی ہے انگیا تلے انگیا کی پسینا
کیا لطف ہے شبنم تہ شبنم نظر آئی

مجروح کیا الفت ابرو نے دم حج
محراب حرم ناخن ضیغم نظر آئی

اونی ہے پا یجامہ سراپا کی لطافت
پرچھائیں تری جو مجسم نظر آئی

زنجیر پہننے سے ہوا قیدیوں کا نام
ہر ایک کڑی حلقۂ خاتم نظر آئی

توبہ کی مگر زشت ہے اوس حور شیم سے
کیون آتش مے نار جہنم نظر آئی

تم بالونکو کھولے ہوے گلشن میں جو آئی
ہر شاخ شجر زلف نمط خم نظر آئی

بد ظن نہو کس طرح منیر آج خدارا
مسکی ہوئی اے بت تری محرم نظر آئی

غزل

مرغ جنون نکے واسطے مسکن بنائینگے
شاخ غزال شاخ نشیمن بنائینگے

مرکر بھی میکدہ ہی مین مسکن بنائینگے
مینا ہی موکو گنبد مدفن بنائینگے

گلشن مین گیسوے بت پرفن بنائینگے
موج نسیم صبح کو ناگن بنائینگے

دودہ ہین کو خاتم زر سمجھے گا جہان
اکسیر کا تیرے سے لیے منجن بنائینگے

باریکیان جراحت مژگانکی دیکھکے
عینک برای دیدۂ سوزن بنائینگے

قاتل سے بسملونکو علاقہ ضرور ہے
سیلی جھری کی شہرگ گردن بنائینگے

وصف مسی مین خامہ بنیگا جو موج دود
شاعر دوات کو گل سوسن بنائینگے

مرنے کے بعد صحبت گردش وہی ہی
لوح مزار سنگ فلاخن بنائینگے

نقاش جا کے طور سے آئین گو چراغ
تصویر یار کے لیے روغن بنائینگے

برباد ہونے پہ بھی گرد اپنی دیکھا نیکو
دشمن ہوا ہین قلعۂ آہن بنائینگے

سرخی تری کتاب کو اے ترک چاہیے
شنجرف خون کا دو سرہمن بنائینگے

دشمن کو ساتھ دست کے لائینگے تیرے پا
قصاب کو رقیب برہمن بنائینگے

عیسی تمہارے زخمیو نکے جب نزار کے
پلکین برای دیدۂ سوزن بنائینگے

ہنس ہنس کے کہتے ہین خط عارض کو دیکھکر
ہم صاعقہ کو حافظ خرمن بنائینگے

لکھنے مین ہم کو وہ ہی تشبیہ یا خطہ وصف
خامہ بدون منت قط زن بنائینگے

وہ دا رسے پڑھ نظر ہی تنظرا ہل دید کی
ہنگواکی بجلیان تری چلمن بنائینگے

جلوے یہی رہی جو بتان فرنگ کے
شہنشہی سڑک کو وادی ایمن بنائینگے

مستی سے لگا کے آپ لکھینگے جو ہمکو خط
نامہ کی مہر کو گل سوسن بنائینگے

رکھین گے پھر کسی سے ملاقات ظاہری
جیمین یہ ہے شہر کو دشمن بنائینگے

غزل

آنکھین خدا نے بخشی ہین دیکھنے کے واسطے
دو کشتیان ملی ہین ڈبونے کے واسطے

عریان چلو نہین قبر مین سونیکے واسطے
کافی ہے مجکو پوست بچھونیکے واسطے

کشتونکے کھیت ہین جو حضور آج ہنس پڑے
موتیکے دانے ملگئے بونیکے واسطے

نیند اوڑ گئی ہے رنگ طلائی کی یاد مین
پارس کا سرمہ چاہیے سونیکے واسطے

افسوس سامری کو جلاتے ہین وصل مین
جادو جگا رہے ہین وہ ٹونیکے واسطے

تڑپا ہون خاک پر تو کیا چرخ نے کرم
بجلی گرائی میرے بچھونیکے واسطے

خوابیدگان خاک ہین گریان ہزار پر
شعلونکی آنکھین کھل گئین رونیکے واسطے

پگھل کے مر گیا ہون کہ میرا کفن تمام
جالا بنا ہے قبر کے کونے کے واسطے

جینا ہے سب کو موت ہے تصویر کی طرح
نقشے جمے ہوئے ہین نہونیکے واسطے

سنگین دلی سے صفحۂ نگونکی ہو چمک
سنگ محک ضرور ہے سونیکے واسطے

گویا زبان ہون دہن روزگار مین
کیا کیا مزے ملے مجھے کھونیکے واسطے

نقش نگین مہر مرا نقش آب ہے
پیدا ہوا ہون نام ڈبونیکے واسطے

دانتونکے عشق مین یہ ہوا غرق لاغری
دوڑا ہون موتیونکے پرونیکے واسطے

چلی لگی ہے بوسۂ حسن ملیح کی
زخمونکے منہ کھلے ہین سلونیکے واسطے

پیلا ہے فرش پر تو مہ آج میکشو
لاؤ شراب چاندنی دھونیکے واسطے

شاید کرینگے چشمۂ خورشید مین غسل
شبنم چلی ہے پانی سمونیکے واسطے

اوس حسن پر نمک مین عجب ہے نمود خط
دیکھا ہجوم مور سلونیکے واسطے

قارون کا بھی خزانہ لٹا دیجیو منیر
ممسک کا مال لوٹے کھونیکے واسطے

غزل

ثابت رہا فلک مرے نالونکے سامنے
ٹھہری سپر حباب کے بھالونکے سامنے

سو شمعین ہین غش مین گیسوؤن والونکے سامنے
گل ہے چراغ طور بھی گالونکے سامنے

پھولونکا رنگ زرد ہے گالونکے سامنے
سنبل مین بل نہین ترے بالونکے سامنے

رکھوائے جھاڑ اوسنے نہالونکے سامنے
قلمین لگین بلور کے ڈالونکے سامنے

جاتا ہون جب خزان مین نہالونکے سامنے
آنکھونسے نہرین بہتی ہین تھالونکے سامنے

پھولے شفق تو زرد ہو گالونکے سامنے
پانی بھرے گھٹا ترے بالونکے سامنے

تارے ہوئے غروب خط و خال دیکھ کر
گورونکے پاؤن اوٹھ گئے کالونکے سامنے

آنکھونمین پھرتے ہین نہین آتی ہین وہ پری
پھرتے پڑے ہین دیکھنے والون کے سامنے

دیکھا ہے عاشقون نے برہمن کی آنکھ سے
ہر بت خدا ہے چاہنے والونکے سامنے

چھٹ جائینگے اسیر چھپا زلف خم بخم
کٹتی ہین بیڑیان ترے بالونکے سامنے

بیتاب دست شوق ہین جوبن کے روبرو
بوسہ مین جان بلب ترے گالونکے سامنے

افراط ہو سے مجکو یہ جوش سرور ہے
بجواؤن جلترنگ پیالونکے سامنے

جلد بدن ہے تختۂ مشق سیاہ غم
رہتی ہے یہ کتاب رسالونکے سامنے

آنکھین تمہاری دیکھ کے کچھ سوجھتا نہین
بھولا ہون چوکڑی مین غزالونکے سامنے

دروازہ پر بتون کے لگایا گئے الاؤ
ہولی جلائی ہمنے شوالونکے سامنے

زلفونمین دیکھتا ہون ترا چہرۂ صبیح
لبریز جام شیر ہے کالونکے سامنے

تیری گدا سے بند ہے عالم کا ناطقہ
آتے نہین جواب سوالونکے سامنے

کھینچے بتون اپنی طرف ترا پنکے دل
قبلہ نما پھرے ہین شوالونکے سامنے

چوری سے بوسۂ کف پا لین جو اے پری
ہونٹ اپنے چوم لون ترے گالونکے سامنے

پونہچا فلک کو فقر کا رتبہ حضور عرش
کمل چڑھے ہین چرخ دوشالونکے سامنے

اہل کتاب ہین صف مژگان کے روبرو
کاغذ کے دستے آئے رسالونکے سامنے

فیاض سائلونسے نہین کرتے سرکشی
شیشونکے سر جھکے ہین پیالونکے سامنے

دست جفا او شہا ہین کی کیا جسم زار پر — گا شا ہون تیغ ناز کے چھالونکے سامنے

شیشے کو حسن گرم نے پارہ بنا دیا — آئینے اور سے گئے ترے گالونکے سامنے

تیغ نگہ کو سو تیونکی گر آب چاہیے — آئینہ رکھکے دیکھیے چھالونکے سامنے

جلتے رہے بتونکی حضور مین شمعرو — پریان ستی ہوئی ہین شوالونکے سامنے

ہمچشمون پر لگائی ہین اوس بت نے گوٹیان — تو ٹے ہوئے ہین شیر غزالونکے سامنے

جادہ نہبت بنا مری وحشت کے فیض سے — گوٹے سکے گو گھر ہوئے چھالونکے سامنے

میرے ہنر کا کوئی نہین قدردان منیر — شرمندہ ہون مین اپنے کمالونکے سامنے

غزل

سخت جانی کا صحیح افسانہ ہے — شاہد تیغ زبان دندانہ ہے

مقتل عالم مرا ویرانہ ہے — دیدۂ بسمل چراغ خانہ ہے

شمع روشن عارض جانانہ ہے — خال مشکین شمع کا پروانہ ہے

دل مین عکس چہرۂ جانانہ ہے — آئنہ کا آئینہ مین خانہ ہے

کون دنیا مین رہے دیوانہ ہے — ایک اوجڑا سا مسافر خانہ ہے

تیری محفل کعبہ ہے اے شمعرو — طائر قبلہ نما پروانہ ہے

آنکھین ملتا ہون تمہاری زلف سے — پنجۂ مژگان برنگ شانہ ہے

شمع رویون کی تجلی دیکھیے — کرمک شب تاب ہر پروانہ ہے

آب خنجر کیا شراب ناب تھی — رقص بسمل لغزش مستانہ ہے

خلق عالم کو یہ نہجتا ہے گزند — نفس امارہ سگ دیوانہ ہے

بادہ نوشان ازل ہین سیر چشم — جس طرف دیکھین ادھر میخانہ ہے

ابر آتا ہے تو بکتی ہے شراب — نقد رحمت حاصل میخانہ ہے

ایک تیرے سے نام کا کرتا ہون ذکر
کہاتے ہین انگور پیتے ہین شراب
کس طرف کرتے ہو سجدے زاہدو
چشم مستی کے ہون ابرو کا نہین
ٹھنڈے ٹھنڈے سوتے ہین نیند مین
کیا سنے سودا ترا اے خود فروش
بکتے ہین بت مری بیتابیان
کیا ترا آئینہ رو صاف ہے
خوب تعزیر گناہ عشق ہے
گرم نالے سرد ہین اے ہمصفیر
کی مے مفت آج قاضی ذحلال
اختلاط اپنے عناصر مین نہین
کیا سکندر کو دکھائین گرمیان
ہوگئے مثل سلیمان اہل عشق
دل ہے آئینہ تو اسکندر ہو نہین
عرش تک گردون سے دیکھا اے صنم
کھیل جاتے ہین ہزارون جان پر
جان دیتا ہون مگر آتی نہین
پاتے ہین نقد زر گل بے حساب
آج ہے محو شنادہ شعرو
دل کہان یہ نفس امارہ کہان

سبحہ کو ورد سبحۂ یکدانہ ہے
بس یہی مستون کا آب و دانہ ہے
کعبہ ایک اوجڑا ہوا بتخانہ ہے
لن ترانی کا بیان افسانہ ہے
گور اپنے واسطے تہ خانہ ہے
مول جو ہے ہمنے کہا بیعانہ ہے
سر جھکنا سجدۂ شکرانہ ہے
زنگ جبین سبزۂ بیگانہ ہے
نقد جان لیتا ہیسان جرمانہ ہے
ظاہرا کنج قفس خسخانہ ہے
فی سبیل اللہ ہر میخانہ ہے
جو ہے میرے جسم مین بیگانہ ہے
دوزخ اپنا ایک آتشخانہ ہے
اے پری کیا ہمت مردانہ ہے
حسن کی دولت مرا نذرانہ ہے
سات زینہ کا یہ بالاخانہ ہے
عشقبازی بازیئے طفلانہ ہے
موت کو بھی ناز معشوقانہ ہے
باغ عالم اوسکا دولت خانہ ہے
ہر سر یاہی پہ پیدا دانہ ہے
آئینہ پیش سنگ دیوانہ ہے

عقبیٰ مثال کس سے ہو بیان
میکدہ کے کام دلسے لیجئے
سبحۂ مریم تمہارا شانہ ہے
خم کا خم پیمانہ کا پیمانہ ہے

لکھنؤ کا مجھکو سودا ہے منیر
دل حسین آباد پہ دیوانہ ہے

غزل

دبستان بتخانہ کا سبق کتبہ پر ایمان ہوئے
یاد ہے روئے صنم صورت قرآن ہوئے

لطف ہے پنجۂ وحشت کہ گریبان تک ہوئے
حد سے اے خضر جنون پار بیابان ہوئے

چمن کوچۂ جانان کے جو افسانے شنو
شیخ سعدی بھی حکایات گلستان ہوئے

محو یاد لب جان بخش ہے سکندر
حضرت خضر رہ چشمۂ حیوان ہوئے

تیری رفتار اڑاتا ہے مجھے کہتا ہے
چال اپنی نہ کہیں کبک خرامان ہوئے

آپکو غیر نے بہکایا ہے وحشت کہا یا
بوسہ ہے ہونٹوں کا لیا چاہ زنخدان ہوئے

قتل کر کے مری لاش کو کفن بھی نہ دیا
سر مرا پا در یار پہ سر و سامان ہوئے

خار خار دل وحشت زدگان جب دیکھو
صاف اپنی خلش خار مغیلان ہوئے

خود فراموشوں کو تکلیف بہت دیتا ہے
اپنی گردش نہ کہیں گنبد گردان ہوئے

یہ تو فرمائیے چاند آج کدھر نکلا ہے
کس طرف ماہ تمام اپنا درخشان ہوئے

وحشت دل سے پریشان ہوئے ہیں اعضا
اے پری جیسے تری زلف پریشان ہوئے

لب لعلین پہ اگر پان کی دیکھی لالی
کشتیں جڑ نکی یاقوت بدخشان ہوئے

دیدۂ غول سے ہم چشم بہ پر جوہر تیغ
راہ جنت نہ کہیں روح شہیدان ہوئے

طاق نسیان سے بہت بڑھ کے طاق ابرو
عاشق اوس کا نہیں جو سجدۂ یزدان ہوئے

اے صنم مصحف رخسار جو تیرا دیکھا
صاف سوختہ اطفال دبستان ہوئے

جیسے خورشید کی صحبت سے ہو ذرہ منیر
فکر اشعار تو کیا فکر تن و جان ہوئے

غزل

فصل بہار آئی ہے پیمانہ چاہیے
بلبل کے ساتھہ نعرۂ مستانہ چاہیے

عشاق شمع حسن کو کیا کیا نچاہیے
پرواز رنگ کو پر پروانہ چاہیے

پیری مین رات دن ہمین پیمانہ چاہیے
رعشہ کے بدلے لغزش مستانہ چاہیے

وحشت مین بات عقل کی شنانہ چاہیے
کانون مین پنبہ کف دیوانہ چاہیے

کنگھی بناؤن چوب عصاے کلیم کی
تسخیر مار گیسوے جانانہ چاہیے

دریاے وحدت و چمن و سبزے ہین
دُرّ یگانہ سبزۂ بیگانہ چاہیے

آب و غذاے عاشق زندان محال ہے
روز آب و دانہ دُر یکدانہ چاہیے

ہین سائل کمال جنون ہون مر لیے
کچکول کاسۂ سر دیوانہ چاہیے

اسرار حق ہین دلمین مگر دل ہے بیخبر
اس گنج کے لیے یہی ویرانہ چاہیے

سیر بہشت چاہتے ہین نشہ مین مدام
مستونکو چشم حور کا پیمانہ چاہیے

گو بے نقاب سے ہتے ہو پر دلمین ہو حجاب
در پردہ ہم سے آپ کو چھپنا نچاہیے

عاشق بنا کے ہم کو جلاتے ہین شمع رو
پروانہ چاہیے انہین پروانہ چاہیے

اے پیر مے فروش در توبہ کی طرح
وا روز حشر تک در میخانہ چاہیے

تا مرگ آشنا نہوا ایک سبزہ رنگ
تربت پر اپنی سبزۂ بیگانہ چاہیے

دشمن ہے وہ تو تم بھی نہو دوست اے منیر
اپنا برا کیا ہے اچھا نچاہیے

غزل

پیے ماسنگے جام دلمین لبالب شراب ہے
کاسہ فقیر کا قدح آفتاب ہے

نا پائدار خلقت دہر خراب ہے
گھر ہوا اگر فلک کے برابر حباب ہے

آہ شرارہ بار سے دل نقش آب ہے
جس مین ہوا کہ گرم ہے یہ وہ حباب ہے

بخت زبون سے جام مرا نقش آب ہے
کیا آج کل سے گردش جام شراب ہے
تازہ مرے مسیح کو ذوق شراب ہے
سوز خیال گیسوے پیچ و تاب سے ہے
دریا مین بے ثباتی عالم کو دیکھ لے
دل ٹکڑے سے ٹکڑے ہوئے الفت کے جوش مین
کھلتا نہین ہے کسیکے وجود و عدم کا حال
افراط مے کشی سے خم بادہ ہنس گیا
مجکو بتا رہا ہے ترے گھر کی راہ خضر
اہل فنا کو رنج رسائی سے فائدہ
کیا ہو سکے نشہ زندگی مستعار پر
روشن ہوا ہے نام زمین آسمان مین
ہے گوری گوری گالون مین سرخی بہار کی
پر رنگ نکھار رہا ہے جو تا صبح روے یار ہو
دریا دلوں سے جاہ وحشم کو کہاں ثبات
ہم بادہ کش ہیں عالم بالا کے مے پرست
مشکل ہے بت امیر کا عاشق ہوں اے خدا
مرکر بھی میں بتوں کے دلوں کا غبار ہوں
پھر جہان میں اہل فنا درد مند ہیں
چن چن کے خال یار مضمون لکھ لئے
مرتا ہے وہ بلا سے ہو جسکو تم اے بنو سو

منزل مرے ستارہ کی برج حباب ہے
اول سے دورہ قدح آفتاب ہے
بریان سا آفتاب سے مرغ کباب ہے
پہلو مین دل نہین ہے یہ شامی کباب ہے
جام جہان نما سے زیادہ حباب ہے
شیشہ کو آپ توڑ دیتی ہے یہ وہ شراب ہے
سچ پوچھیے تو عقدہ لاحل حباب ہے
بدلے لہو کو میرے بدنمین شراب ہے
شیطان آج ہادی راہ ثواب ہے
دل توڑنا کسیکا شکست حباب ہے
آب حیات مین بھی فنا مے حباب ہے
کیا آفتاب آپکی مہر خطاب ہے
غازہ تمہارے چہرہ کو رنگ عتاب ہے
آئینہ میں جلا کہ شب ماہ تاب ہے
موجوں کی چوب دشمن کو میں حباب ہے
اونکے ہاتھ میں قدح آفتاب ہے
ہر داغ میرے سینہ میں مہر خطاب ہے
کعبہ میں دفن عاشق خانہ خراب ہے
دنیا میں جو حباب ہے گر چشم پر آب ہے
نقطہ مری غزل میں جو ہے انتخاب ہے
اللہ کی جناب تمہاری جناب ہے

لپٹی پھرتی ہیں آپ کی شیریں کلامیاں
تلوار کا حضور کے منہ میں لعاب ہے

دھو دھو کے پاؤں گلبدنوں کے پیا کیا
میری زبان پہ نہر گلاب ہے

آئینہ رو کوئی مرے دل سے نہیں صاف
مدت ہوئی کہ آئینہ خانہ خراب ہے

گھوڑا لگاؤ توسن باد بہار کو
قمچی تمہارے ہاتھ میں شاخ گلاب ہے

ہے میری قبر پر نگہ گرم آپ کی
اپنا غبار تو وہ تیر شہاب ہے

کیا احتیاج شہر عدم کو حصار کی
بیفائدہ کمر میں حسینوں کی ڈاب ہے

دیکھا جو اس میں منہ ہوئی شمشیر ناتیز
قاتل کی آئینہ میں بھی خنجر کی آب ہے

جز گریہ اور کچھ نہیں پایا ہائے تیرہ روز
بخت سیہ نہیں ہے الٰہی سحاب ہے

جز و ضعیف کو بھی سمجھتے ہیں ہم قوی
ہر پشہ حقیر نظر میں عقاب ہے

اللہ رے ناتوانوں کی نازک دماغیاں
درد سر اُن کو باعث بوئے گلاب ہے

تار شعاع بن کے کمر آتی ہے نظر
کیا تیری گرد ہنی میں ذرہ آفتاب ہے

دھوکا ہے سارے خشک و تر روزگار کا
دریا اگر حباب ہے صحرا سراب ہے

پیری عبث چڑھائی ہے وقت اخیر میں
ہم صحبت ایک عمر کا عہد شباب ہے

آب رواں کا رونے نے بخشا ہے پیرہن
زیبندہ میرے سر کو کلاہ حباب ہے

پیری میں ہے کمال سیہ کاریوں کا شوق
ریش سحر کو حاجت رنگ خضاب ہے

بیت الشرف ہے ساغر مے سے مرا مکاں
برج حمل میں طاق شراب آفتاب ہے

حوروں سے خفا ہے ہمارا بہشت میں
سچ ہے کہ غیر جنس کی صحبت عذاب ہے

کرتا نہیں نگاہ ادھر غیر کے سبب
ابلیس آج ماہ کا تیر شہاب ہے

مہمان گھر میں چور ہے سوتے ہیں پاسباں
دل میں خیال یار ہے آنکھوں میں خواب ہے

خود بینیوں کی دھوم ہے تا چرخ اے پری
آئینہ تیرے دیکھنے کا ماہتاب ہے

پردہ کی احتیاج نہیں تجھ کو اے پری
دامن شعاع حسن کا جائے نقاب ہے

قطرہ ہی عرق کی گل رخ پہ رنگ عطر
مدت ہوئی کہ گور ہیں لٹکے ہوئے ہیں پاؤں
دیوانوں سے گزر ہے اوس شہسوار کو
نام بتاں لیا ہے نکیرین کے حضور
وردِ زباں ہیں اہل زباں کو حکایتیں
مستی دہانِ تنگ ہیں سنتے ہیں مہ جبیں
حیرت زدوں کو فکر نہیں انقلاب کی
جولانگہ جہاں ہیں نہیں جای بود و باش
برپا ہے کہیں تو کہیں ہے غبار دل
کیا کھولوں پردہ شیخ و برہمن کے حال کا
کھینچا کسی نے عطر کسی نے اوڑا دیا
قندیل ہیں چراغ قمر کی ہے روشنی +
رنگت بدل گئی کفِ ساقی ہیں دیکھئے
انجام دیکھتے نہیں دیوانوں کا کبھی
اللہ ری ہماری قاروں مزاجیاں
حصہ ہیں بادہ خواروں کو ہے رحمت خدا
پڑھتے ہیں فاتحہ مری تربت پہ آشنا
کیا احتیاج ہے تری کل کو ڈور کی
انجام دیکھتا ہوں ہیں آغاز عشق ہیں
اصلاح خاص حضرت ناسخ سے ای منیر

اِن موتیوں ہیں آب کی بدلے گلاب ہے
انچو ہی گھر ہیں آپ سمجھے پاتراب ہے
چشم پری نگر عوض مہر رکاب ہے
کیا شیشہ اسوال کا تیھر جواب ہے
دروازہ تیرے گھر کا کھلتا نجاب باب ہے
شاید عدم لوگوں کو ذوقِ خضاب ہے
تصویر کے اجارہ ہیں عہدِ شباب ہے
ہر شہسوار دیکھئے پا در رکاب ہے
کیا میری مشتِ خاک کی مٹی خراب ہے
اللہ ہے حجاب ہیں بت ذو حجاب ہے
مٹی میرے غبار کی کیسی خراب ہے
جالی کی تیرے چہرے پر اسے بت نقاب ہے
پھولوں کی یہ چھڑی ہو کہ سیخ کباب ہے
شاید کہ ناتمام جنوں کی کتاب ہے
بت کو خدا سمجھتے ہیں کیا انقلاب ہے
میخانے کے وہ ہوش سرو جو سحاب ہے
لوح مزار صفحۂ ام الکتاب ہے
سررشتہ احیات ہیں کیا پیچ و تاب ہے
خطبہ ہیں کیا لکھی ہوئی ساری کتاب ہے
میرے گماں ہیں یہ غزل لاجواب ہے

ہرگز نہوں گو طالب اکسیر اے منیر

اکسیر ہم کو خاک در بو تراب ہے

جیتا خلاف وضع لسان نبات ہے
ان روزوں لطف حسن پہ آفت بات ہے
پریوں کو وحشیوں کی طرف التفات ہے
ہے خضر بھی اسیر عجب وار دات ہے
رطب اللسان ترا چمن کائنات ہے
ہر مدح سے غنی مرے خالق کی ذات ہے
شاعر ہوں ای منیر فنا سے نجات ہے
موتی پروئے بال میں جوبن کی بات ہے
ہوتی ہے صبح دیکھئے تھوڑی سی رات ہے
دایم حیا کریں گے حسینوں سے حیرتی
محروم تشنگان شہادت چلے گئے
اس لطف ظاہری کو سمجھتا ہوں خواب سا
اے ہوش الفراق وہ جاتے ہیں شام سے
اوس سرو قد کی یاد جگاتی ہے رات بھر
کس چال سے وہ چلتے ہیں دیکھوں قریب صبح
قسمیں ہزاروں کھاتی ہیں ہم چھوڑتے نہیں
پھر ٹالتے ہیں وعدۂ فردا پھر آج آپ
مقتل میں عاشقوں کو بلایا ہے یار نے
رنگت ہے مہندی کی تری ہاتھوں میں بیر والی
دیدار کا مزا نہیں بال اپنے باندھ لو

اے خضر آبرو ہے اسے آب حیات ہے
دو دن کی چاندنی ہے پھر اندھیاری رات ہے
افسانہ جنوں میں نہیں ماجرا ت ہے
وہ زلف دام ہاتھ آب حیات ہے
شبنم نہیں لعاب زبان نبات ہے
تعریف کائنات کی کیا کائنات ہے
ہر ایک سبحہ جو دل رنگ ثبات ہے
کیا پیاری پیاری تاروں بھری آج رات ہے
کروٹ ادھر کی لیجئے یہ کون بات ہے
آئینہ جمال میں آب حیات ہے
تیغ ادا سے یار میں آب فرات ہے
پھرتی نہیں نگاہ آپ یہ کہنے کی بات ہے
اے جان الوداع یہ رخصت کی رات ہے
سولی پہ آئی نیند یہ کہنے کی بات ہے
دو پہر کے گئے ہوئے ہیں قیامت کی رات ہے
قابو میں آ گئے ہو نکلنے کی گھات ہے
اک حشر ہو چکا ہے ابھی کل کی بات ہے
ہے روز حشر جائزہ کائنات ہے
شاید یہ خون طائر رنگ ثبات ہے
کچھ مجھ کو سوجھتا نہیں اندھیاری رات ہے

دیوانہ تیرے حافظ شیراز کیوں نہ ہوں
شاخ غزال دشت شاخ نبات ہے

سرگوں نہ بیٹھے سے ہیں جو اٹھتا ہوں کہتے ہیں
باقی ہے ایک زلف ابھی آدھی رات ہے

آہوں سے ہو فروغ مری بزم زیست میں
آنکھ ہی روشنی چراغ حیات ہے

پردہ زمیں کا رستے کیا رہ نہ گیا رہ میں
سینہ خیمہ سپہر گریبے قنات ہے

جاتا ہوں میں جہاں تک گریباں تک جنوں
لیلیٰ ریاں ہیں کوچ کی تھوڑی سی رات ہے

کرتے ہیں سب صفائے سینہ کی پردہ میں گفتگو
مہر دہان خلق ترا اسم ذات ہے

اللہ کے ہی لفظ میں نقطہ کہیں نہیں
حقا کہ لاشریک تری ذات ہے

انساں کی بھی جا کے ندر ہی رابستہ لئے
بے نور تارے ہو گئے تھوڑی سی رات ہے

روشن ہے تو تیرے شبستان باغ دہر
ہر گل چراغ قافلۂ مدرکات ہے

ہم رو سیاہ ابھی ہیں سگے میں کے بہر
منہ سے ہٹاؤ زلف سیہ چاند رات ہے

گل میں سنے کہاں سے ناک سا کو میں بن گئی
چھلہ بتوں کا دائرہ کائنات ہے

پھر پھائیں بات تو حور جسم ہے آپ کی
کتنا بدن سڈول ہے کیا خوب گات ہے

حوریں کہاں سے لائیں گے واعظ لطف غیر
اس واسطے بہشت میں دن کو رات ہے

ملجائیں نگاہ تو جب سے تا کہ سے میں
سیل فنا مری نظر التفات ہے

مر جاؤں رہے ہوش بیٹھوں نگا کسی طرح
کیا گھر سے کوئی نکلے کہ ساون کی رات ہے

پیتا ہے نہ لگا کے وہ شیریں دہن شراب
شیشہ ہر ایک کوزۂ قند و نبات ہے

روٹھا ہے سے ہا کے ساقی ہیں لبیاں
لڑتی نہیں زبان لڑائی کی بات ہے

سودا اسے زلف یار میں گل کھائے شیخ جلنے
گولے کے پھول پھوڑ دو والی کی لات ہے

اللہ لے لیکتا یہ شفق سرخ پوش ہیں
شاید شہید تیغ ستمگر کی برات ہے

پھر کیا مزا جو ڈھونڈ نکالیں عدم میں ہم
اپنا دھرم بھی آپ بتاؤ تو بات ہے

لے صبح ہجر سیری ستانے سے فائدہ
سدا آج وصل کی پہلی ہی رات ہے

ہے ہوائے دم عیسیٰ مرے میخانہ میں
قطرۂ نشہ جو اڑے جام سے جگنو ہو جائے

اس قدر تنگی معیشت ہے گلوگیر مجھے
شیر مادر بھی پئیں اطفال تو اچھو ہو جائے

کوئی زخم بدن اپنا نہ ہو یارب بیکار
ہر زبان دہن شمشیر کو تالو ہو جائے

الجھیں گیسو سے معطر جو ملکر رہوں
شام کو عطر کے شیشے ہر اک آنسو ہو جائے

شوخ چشموں کی محبت کا مزا ہے وہ بلا
نبض بیمار کی ہو چو دم آہو ہو جائے

گدگدائے جو مجھے نالۂ دلچسپ کروں
کنجی ارگن کی ہر انگشت پری ہو جائے

مری وحشت سے شب غم میں اڑیں ہوش فلک
کہکشاں نظروں میں ہو جو رم آہو ہو جائے

کشش زلف جو کھینچے تن لاغر کو کبھی
سیرگاہ رگ جاں پیچ اگر گیسو ہو جائے

مجکو رلوائے وہ چلا دا اگر کھیلے شکار
گولی بندوق کی ڈھل ڈھل کے ہر آنسو ہو جائے

وصف قد وصف رخ صاف نہ پہلو جو لکھوں
سرو قامت الف آئینہ رد ہو جائے

پہنے وہ شمع شب وصل جو کاہی پوشاک
جھاڑ بلور کا شرما کے لجالو ہو جائے

موسم گل میں جو کھیلوں میں لڑائے کانٹا
چنگل باز سے بڑھ کر کہیں چلو ہو جائے

زلف منہ سے جو ہٹا دو دم گلگشت چمن
زر گل نقرۂ صبح شب گیسو ہو جائے

بال کھوٹو پر اگر کھول دے وہ حور مثال
سنبلہ شرم سے ہو اپر چھپالو ہو جائے

ران پر چاند سے چہرے کا اگر عکس پڑے
چاندنی قلعی آئینۂ زانو ہو جائے

سایۂ زلف صنم میں جو کروں یاد خدا
ہر نماز اپنی نماز شب گیسو ہو جائے

عطر پوشاک میں ملئے سر ساحل جو کبھی
کف دریا بھی حضور آپ کی چلو ہو جائے

سر کو وحشت میں جھکا کر میں بنا دوں پتلا
صورت چشم پری کاسۂ زانو ہو جائے

سحر کی چال چلو تم دم گلگشت چمن
جو کلی پا تلے میں ہو گل جادو ہو جائے

حلقۂ زلف میں پھنس جائیں جو کاہیدہ کمر
اے پری خانۂ زنجیر میں جھاڑو ہو جائے

حسن سے کھیل چوپاس جائیں اگر کھیلے آپ
پھونک پاسے پہ جو اڑا دیجئے جگنو ہو جائے

انپ کی طرح جو بل کھاتی کہوری چوٹی — کیچلی کا تری مو باف پر الٹو ہو جائے
بلوا دو بھاد تو تم بھی نہ سلجھنے پاوا — دل مرا زلف میں پھنسکر گرہ مو ہو جائے
غ میں گھڑی جو پہنے وہ سراپا افسوں — ہر کلی کرتی کی برگ گل جادہ ہو جائے
ہر بل بیٹھنے کا وصف اگر نظم کروں — مرغ مضمون ابھی شاہیں ترازو ہو جائے
رنگوں فکر سخن میں جو رہوں بہتر ہے — خط تقدیر خط کاسہ زانو ہو جائے

اسد اللہ رسد گر بہ دگارے دل
اے منیر افسر شاہان جہاں تو ہو جائے

ر و کا بوسہ بد کے سر وہی لگائے — ہم جان ہار جائیں جو بازی لگائے
ر دحرم میں کیا دل وحشی لگائے — مطلوب ہی نہ ہو تو کہاں جی لگائے
آواز پاٹ دار ہے اونچی لگائے — زہرا کی آسمان میں ٹہنگلی لگائے
و باس آپ کے لئے پھرتی ہے چار سو — باد صبا کو عطر کی چوری لگائے
بعد فنا بھی ہوں انہی گھر کا میں پردہ دار — دیوار سایہ میں مری مٹی لگائے
آنکھیں لڑانے دیجئے محرم سے ایکدن — انگیا کی گھات پر کوئی کشتی لگائے
کوچے سے آپ کے نہ انہیں کوچ کاٹئے — پائے طلب میں شوق سے مہندی لگائے
پیوند خاک کیجئے اس تیرہ بخت کو — صاحب وہاں گور میں مستی لگائے
نشو و نما کہاں نمکیں حسن سے نصیب — کیوں کر زمین شور میں کھیتی لگائے
ہو جسم شوق زخم میں ٹانکے تو کیا عجب — تلوار اگر لگائی ہے جلدی لگائے
مخفی نظارہ کیجئے دریائے دہر کا — مثل حباب دیدہ کی ٹٹی لگائے
کشتہ کا مرغ روح ہے مشتاق خال رخ — اڑتے ہوئے شکار کو گولی لگائے
واقف ہوں ہم بھی شہر عدم کی سواد سے — صاحب وہاں تناسخ میں مسی لگائے
دیتا ہوں میں عناصر اربعہ کا اتحاد — چورنگ مفت کا ہوں سر وہی لگائے

سینہ میں راہ کیجیے دل لینے کے لئے
مطلب ہو زخم سے کوئی برچھی لگائے

گند ہوا ہے روز کوڑی کی چوٹی وہ کھوپڑیز
کس کو سمند عمر کو قمچی لگائے

تلوؤں سے ملئے دیدۂ پرخون کشتگاں
سو ہو مژہ سے پاؤں میں مہندی لگائے

ناحق نہ کانپور میں گھبرائیے منیر
پھر لکھنؤ میں جاکے کہیں جی لگائے

ابرو کی تیری ضرب دو دستی چلی گئی
جتنی کسائی سیف یہ پستی چلی گئی

پیش نظر حسینوں کی بستی چلی گئی
آئینہ کی بھی حسن پرستی چلی گئی

اچھا کیا خدا نے شراب حرام کی
رندوں کے ساتھ بادہ پرستی چلی گئی

کس شہر سے مثال دوں اقلیم عشق کو
جتنی یہ اُجڑی اور بھی بستی چلی گئی

روزہ میں صیام میں توڑو شراب سے
ہم فاقہ مستوں کی وہی مستی چلی گئی

وحشت کدہ سے رحمت حق نے بھی کی گریز
بدلی ہمارے گھر سے برستی چلی گئی

کھائیں خدا کی راہ میں لاکھوں ہی ٹھوکریں
تا لامکاں بلندی و پستی چلی گئی

مستوں نے ترک مے کی قسم کھائی ہے تو کیا
توبہ کہاں وہ بات جو مستی چلی گئی

ان ابروؤں نے ایک اشارہ میں جان لی
یکدست تیری تیغ دو دستی چلی گئی

دل ہی گیا تو کون بتوں کا کرے خیال
کعبہ کے ساتھ سنگ پرستی چلی گئی

ہے آسمان تک تری گریاں کا مضحکہ
بجلی بھی روتی دیکھ کے ہنستی چلی گئی

گو دل کے بدلے دولت دنیا و دیں ملی
تو بھی یہ جنس ہاتھ سے سستی چلی گئی

داغ شراب دامن تقوے میں رہ گیا
نشا کو روح شیخ ترستی چلی گئی

تحت الثرےٰ کو پہنچی ہماری فروتنی
ہم جتنے پست ہوگئے پستی چلی گئی

کیونکر ہو اجتماع نقیضین سے منیر
آتے ہی موت کے مری ہستی چلی گئی

زخمی نہ بھول جائیں مزے دل کی ٹیس کے
للہ چھڑکے جاؤ نمک پیس پیس کے

غصے سے زہر چکھتے ہین دل سے انیس کے
الماس پیستے ہو عبث دانت پیس کے

میلی نگاہ ہوتی ہے آئینہ دیکھ کر
نظارہ مدتوں سے ہین وہ نفیس کے

خلوت میں ہی تصور جانان ندیم ہے
طالب جلیس کے ہین نہ خواہان انیس کے

مٹنے نہ پائے جوہر شمشیر یار کے
ٹکڑے جگر کے ہوگئے لگ کر نفیس کے

پھیکا ہی ذائقہ دہن زخم کا رہا
کیا بدمزا ہوا ہیں نمک پیس پیس کے

فلک کسی کو نہ دے گا زر نجوم
یعنی درم ہین یہ کف دست خسیس کے

کٹ کٹ گیا ہین دیکھ کے مضمون قتل کا
اے بت قلم ہون ہاتھ تری خوشنویس کے

دن ہیں ہر مہینے مین ابرو نظر پڑے
اس سال سارے چاند ہوئے ہیں کلیس کے

حرف آگیا شکستگی دل کے لکھنے مین
ٹوٹے قلم ہزاروں شکستہ نویس کے

لکھتے ہین چھپ کے کاتب اعمال سبکا حال
اعمال نامہ پرچہ ہین خفیہ نویس کے

مکتوب میں عبارت رنگیں لکھو نصیر
فقرے نہیں پسند دقیق و سلیس کے

بلوا گئی مجکو تری تقریر ہنسی کی
تقدیر سے الٹی ہوی تدبیر ہنسی کی

دیواروں میں ہے قہقہہ دیوار کا نقشہ
اوس شوخ نے بنوائی ہے تعمیر ہنسی کی

فقروں میں جو ہے رمز تو لفظوں میں کنایہ
سیکھی یہ کہاں آپنے تحریر ہنسی کی

سر تا بقدم ہون دہن زخم سے خندان
اے جان سراپا ہوں میں تصویر ہنسی کی

میں خواب میں رویا ہون ترے سامنے ہنستے
دیتے ہین معبر سبھی تعبیر ہنسی کی

خوش ہوگئے ایسے کہ جما نقش مسرت
ہر دانت پہ ان کے کھنچی تصویر ہنسی کی

ضحاک سے کچھ کم نہیں غماز کی باتین
افزون سم افعی سے ہے تقریر ہنسی کی

پامال خزان ہوتے ہین ہنسنے کے سبب پھول
انجام برا رکھتی ہے تاثیر ہنسی کی

جلجائیں گے ہم برق تبسم سے سراپا
اے جان بُری ہوتی ہے تاثیر ہنسی کی

روتے ہوئے دیکھا تو کہا آپنے زخمی
کیا خوب نکالی ہے یہ تدبیر ہنسی کی

میں نے انہیں چھیڑا ہے وہ رُلوائینگے مجکو
وہ عفو نہیں کرنے کے تقصیر ہنسی کی

بھولے سے بھی ہنسنے کا نہیں تجھسے منیر اب
کھائی ہے قسم اے بُت بے پیر ہنسی کی

رنجش ہو تو پھر لطف ملاقات نہیں ہے
چپ چپ ہو مری باتوں سے یہ کچھ بات نہیں ہے

چلمن میں وہ اسگلے سے اشارہ نہیں ہوتے
در پر وہ بھی ان روز عنایات نہیں ہے

میں نے جو کہا تم ہو پری بولے وہ ہنسکر
بے پر کے اوڑانا تو کرامات نہیں ہے

احسان نہیں خواب میں آئے جو مرے پاس
چوری کی ملاقات ملاقات نہیں ہے

قطرے سے بھی کم ہے مری آنکھوں میں آ بارش
بھرتے نہیں دو جام یہ برسات نہیں ہے

زلفوں کو ہٹاکر رخ انور سے شب وصل
کہتے ہیں سر شام سے اب رات نہیں ہے

للہ جو بوسہ کبھی مانگا تو وہ بولے
یہ حسن خدا داد ہے خیرات نہیں ہے

کعبہ ہوں کہ مسجد ہوں بھویں آپ کی لیکن
مطلب بھی ملے قبلہ حاجات نہیں ہے

للہ منیر اب ہیں سونے دو نہ چھیڑو
لو دیکھ لو صبح ہوئی رات نہیں ہے

قاصد بتوں کا قاصد رب جلیل ہے
دستانہ نامہ بر میں پر جبرئیل ہے

کہدو قریب مرگ تمہارا علیل ہے
ہچکی لگی ہے نوبت کوس رحیل ہے

تو خوش قدوں میں قدرت رب جلیل ہے
اے سرو تیری قمریوں میں جبرئیل ہے

معراج معصیت کو مری طاعت ذلیل ہے
میزان حشر میری سخن کی دلیل ہے

سیراب تشنگان شہادت ہوئے تمام
شاید لب تیغ یار میں آب سبیل ہے

بیمار مجکو شوق شہادت نے کر دیا
شہرگ میں آج جنبش نبض علیل ہے

شور فنا ہے قلزم ہستی میں غافلو
کہتے ہی چشم نرگس نے دیکھا خدا کا در
کوچے کو نہیں اگر چلیں لوگ سر کے بل
رہتے تو ہم مقابلہ کرتے حباب سے
باندھا ہے بیخودی میں تری آنکھوں کو مریض
کرتا ہے اوس کے قامت موزوں کی ہمسری
محروم بندگان خدا ہیں سلام سے
کعبہ سے اور دل سے بھلا کیا مناسبت
لاکھوں ہی حسرتوں کا کیا خون آپ نے
قانع ہوئی وفور طلب سے تری فقیر
اے شیخ شہر حسن پرستی نہیں گناہ
فرعون ڈوبتا ہے اور ترستے ہیں ستہ پا
تزئین احتیاج نہیں منہ سے سند لو
کس درجہ لاغری نے کیا مجکو پائمال
اہل دوئی تک اوس کو سمجھتے ہیں منتظر
لاریب فیہ عالم علم خدا ہے تو
لفظ صفا حضور کے دل سے سنے ملا
میں ناتوان نکہت گل کا اسیر ہوں
آئینہ میں بھی منہ نظر آتا نہیں کبھی
انگلی اوٹھا کے کہتے ہیں منصور سے یہ دار
الفتی سلام تیری مسافر نوازیاں

دریا میں جو حباب ہے کوس رحیل ہے
برچھی تمہاری سرمۂ عرفاں کا میل ہے
تلوار سے زیادہ تمہاری سبیل ہے
کیا کہیے اپنی زیست کا وقفہ قلیل ہے
میں ہوں علیل رائے بھی میری علیل ہے
ہر سرو بیوقوف قد اس کا طویل ہے
پتھر کو بھی مزاج بتاں میں دخیل ہے
معمار اس محل کا خدائے جلیل ہے
جو داغ میرے دل میں ہے چشم قتیل ہے
صد شکر احتیاج ہماری کفیل ہے
بندے ہیں جیسے تم کو نام اوسی کا جمیل ہے
کشتی سے سفینہ دریائے نیل ہے
مسی تمہارے ہونٹوں کو بوسہ کا نیل ہے
ہر رونگٹا بدن کو مرے پائے فیل ہے
احوال ہی لکھ رہی ہیں کہ وہ بے بدیل ہے
اک طفل مکتب آگے ترے جبرئیل ہے
آئینہ آپ کا کف دست بخیل ہے
موج ہوا مست پر جبرئیل ہے
ثانی ترا کہیں نہیں تو بے عدیل ہے
اس راستے سے شہر وصال ایک میل ہے
گویا وطن میں اپنے مرا ابن السبیل ہے

حکم نجات پائیں گے ہم روز باز پرس ۔۔۔ اللہ کا رسول ہمارا وکیل ہے

دیکھا ہے میں نے خواب میں کل تا جدار شب ۔۔۔ گیسو ہیں آج شانہ دندان فیل ہے

عیسے مقام تری کوچہ کے راہ رو ۔۔۔ کہتے ہیں چوبدار کو ہیا ایک میل ہے

جاتے ہیں تیرے کوچہ سے عشاق نالہ کش ۔۔۔ فریاد صور حشر صدای رحیل ہے

اٹھ لیتا ہے کعبہ سے اصنام کے لئے ۔۔۔ اس بتکدہ کا میر عمارت خلیل ہے

دشت جنون میں سیکڑ ون پریاں نظر پڑیں ۔۔۔ ہر لوک خار تحمل سلیمان کا سبیل ہے

ہم جنس غیر جنس بہی ہیں سوز عشق میں ۔۔۔ اس آگ میں ہر ایک سمندر خلیل ہے

دانتون میں پان سیکے وہ کہتے ہیں ناز سے ۔۔۔ دیکہو تو ہر گلوری میں میری کیل ہے

اکثر مرا سخن ہے پسند اہل علم کو
یہ اے منیر رحمت رب جلیل ہے

شب کے ہیں ماہ مہر ہیں دن کے ۔۔۔ روپ دیکھے بتان کم سن کے

بوسے ہیں بے حساب ہر دن کے ۔۔۔ وعدے کیوں ٹالتے ہو گن گن کے

ہیں وہ دیوانے جذب باطن کے ۔۔۔ آتری ہے شیشہ میں پری جن کے

اہل دل دیکھتے ہیں آپ کا منہ ۔۔۔ آئینہ میں صفائی باطن کے

دل روان ہو خیال یار کے ساتھ ۔۔۔ جائے مسکن بہی ساتھ ساکن کے

لاغرون پر ہے ظلم جان شکنی ۔۔۔ اے اجل توڑتی ہے کیوں سنکے

رہے کلکتہ میں بخیر [illegible]
صدقے [illegible] امام حسن کے

سایۂ قد سے نہایت قدر عالی ہو گئی ۔۔۔ تیرے ہاتھوں میں چھڑی طوبا کی ڈالی ہو گئی

عاشقانہ رو سے سخن معجز بیانی کیوں نہ ہو ۔۔۔ سرخی قرآن ترے ہونٹوں کی لالی ہو گئی

ہو گیا معمور عالم جب کیا دریا دعام ۔۔۔ تخلیہ چاہا تو دنیا صاف خالی ہو گئی

جو گلے سے مال نکل آگیا چکر مین چرخ
پیر گردون شمع فانوس خیال ہو گئی

پرتو دندان انور نے سفوف کر دیا
تیری تھالی جو لڑکی ہیرے کی تھالی ہو گئی

زندہ جاوید ہین مانجھین اوس شوخ نے
ہر طرف جو ہو گئے اون کی بحالی ہو گئی

سر پھرا اپنا جو سودا یا د اعزازی کا ہوا
جوش مے سے گردش جام سفالی ہو گئی

آسمانون کو کیا پامال تیرے رقص نے
ای پری زہرہ بھی تصویر تھالی ہو گئی

ناوک مژگان سے آئینہ مشبک ہو گیا
سید اسکندر جو تھی چاندیکی جالی ہو گئی

دی سزا گلچین نے خندان دیکھکر تیری بغیر
باغ مین ایک ایک گل کی گوشمالی ہو گئی

سیکڑون پریان اسیر ہین ہین حلقہ گیسو مین
ہر کڑی زنجیر کی سونے کی بالی ہو گئی

تو نے تارون کو گرایا مثل کرم شب چراغ
شور محشر رقص مین ایجان تالی ہو گئی

گریہ شبنم رطوبت زا یہان تک ہو گیا
نکہت گلشن ہوائے برشکالی ہو گئی

روسیاہی تھی جوانی کی یہان پیری مین بھی
ظلمت اعمال شب سے صبح کالی ہو گئی

پیسے لیتا ہے تیری فرش منقش کر قمر
شمع گردون بھی زبان شیر قالی ہو گئی

دیکھا ہے صفا کہ عکس روی رنگین کی بہار
سامنے تیری سپر پھولون کی ڈالی ہو گئی

بد زبانی مین نکر رہ گئے جب دونون نہہ
چار شربت کی عبارت تیری گالی ہو گئی

رنگ لائی ہین بنگالیون کی لے منیر
جو نرنگین آئی کلکتہ مین کالی ہو گئی

یک رنگی صحبت سے نکلنے نہین دیتے
جنبش کو بھی ہم رنگ بدلنے نہین دیتے

لخت جگر آنکھون سے نکلنے نہین دیتے
ان شیشون کو لعل اوگلنے نہین دیتے

ابرو کے لئے جان نکلنے نہین دیتے
رستہ دم شمشیر کا چلنے نہین دیتے

چھواتے نہین ابروی خمدار کو سرمہ
شمشیر مہ نو کو بھی ملنے نہین دیتے

تصویر رخ و زلف کی کھینچین نہین پاتے
تم ابلق ایام کو چلنے نہین دیتے

تم سامنے ہو یا نہ ہو نقشہ تو ہے دل میں — ہم آئینہ سے عکس کو ٹلنے نہیں دیتے

سو باف کی کلیوں میں بساتی نہیں مجکو — چنپا کا کبھی عطر وہ ملنے نہیں دیتے

میرے دلِ پرداغ سے گرمی نہیں کرتے — سونا پہ طلاوس کا گلنے نہیں دیتے

بریاں رہوں یکدست نہ کیوں انکے ستم سے — کاٹا ہے اگر ہاتھ تو ٹلنے نہیں دیتے

کرتے نہیں تلواریں بنا مونہیں پہ ہی رو — دریا پہ نہنگوں کو نکلنے نہیں دیتے

دلواتی نہیں وقت شنا دست حنا ہی — مہندی کفِ دریا میں وہ ملنے نہیں دیتے

گرمی میں نہیں لیتے وہ مصحف کی ہوا بھی — اعجاز کا پنکھا ہے جھلنے نہیں دیتے

رفتار سے بھی جنبش ابرو میں ہے پرہیز — تلوار کہیں راہ میں چلنے نہیں دیتے

آزردگی دل او نہیں منظور ہے ایسی — گرتا ہو جو شیشہ تو سنبھلنے نہیں دیتے

گھوڑے بھی کو مرنو کی ہر ایڑ نہ اُڑا آیا — سانچے میں کالبوں کو وہ ڈھلنے نہیں دیتے

خط جاتے ہیں آتا نہیں دو حرف کا پرزا — اوستاد ہیں فقرہ کوئی چلنے نہیں دیتے

پیمانہ گر عمر عدو کا نہ بھریں گے — تاڑی جو کٹاری کی ابلنے نہیں دیتے

رکتے ہیں رگ جاں میں تری نوک مژہ کو — ڈوبے ہوئے نشتر کو اچھلنے نہیں دیتے

جس کو وہ جلاتے ہیں تڑپنے نہیں پاتا — اسپند انگیٹھی سے اچھلنے نہیں دیتے

کیا لطف منیر آپکو ہے عشق بتا نہیں
خود جل رہے ہو غیر کو جلنے نہیں دیتے

فروغ آتش مے ہو جو ہم شراب گرے — چھٹے ستارہ اگر برجِ آفتاب گرے

سنو جو کان سے او فتادگانِ خاک کا حال — برنگ شبنمِ گل موتیوں کی آب گرے

تری شراب محبت سے ہو اگر بیہوش — ہوا چمن میں مع خیمہ سحاب گرے

فروغ آہ ہو موقوف بے قراری پر — جلاؤں شمع اگر برق اضطراب گرے

ہمارے دل کی طرح ہو اگر فلک شفاف — پھسل کے گنبدِ مینا سے آفتاب گرے

دکھائیں جذب تری خاکسار اگر اپنا
ابھی تو شیشۂ تصویر سے گلاب گرے

کھنچے دلوں طبع حضور کی تصویر
خم فلک سے اگر رنگ انقلاب گرے

خم شراب جو ٹوٹے تو توڑوں سر اپنا
بہا دوں آب عناصر اگر شراب گرے

کسی سے اٹھ نہیں سکنے کا بوجھ ہستوں کا
زمین شق ہو اگر شیشۂ شراب گرے

اس انجمن میں ہے افتادگی کو ساتھ عروج
خود اوٹھ کھڑا ہو اگر شیشۂ شراب گرے

زمین میکدہ خستہ دلوں کی قدر بڑھاے
بنے عقیق اگر سیخ سے کباب گرے

بنا دوں جعد مسلسل کو واسطے موباف
سر فلک سے جو دستار آفتاب گرے

سوا سے سبزۂ شمشیر کچھ نہ پیدا ہو
جو تیغ یار کا ای باغبان لعاب گرے

شہید تیغ علی ہو اگر بقول صبا
فلک زمین پہ ذرہ پہ آفتاب گرے

فنا کے بعد بھی ہے داغ جستجو باقی
لباس زیست پھٹا رہ گیا رفو باقی

ہمارے کاغذ تصویر کا ہے آبی رنگ
ہر ایک رنگ میں ہے اپنی آبرو باقی

کھنچا حسینوں کی مٹی کا عطر دنیا میں
فلک نے رنگ مٹایا اگر ہے بو باقی

ہجوم یاس یہاں تک ہے خانۂ دل میں
کہ نام کو بھی نہیں چاہے آرزو باقی

خمار رنج سے خمخانہ میں کوئی نہ بچا
براے دور رہا ہے سر سبو باقی

کہاں سے آئے گی انگشت تیر کو مہندی
کہ ضعف سے مری تن میں نہیں لہو باقی

برنگ شمع خموشی سے باتیں کرتا ہوں
زبان قطع ہوئی پر ہے گفتگو باقی

چلی ہے آپ کی تلوار ساری گلیوں میں
رہا ہے ایک مرا کوچۂ گلو باقی

لگا ہے داغ عناصر کو اپنی قلت سے
ہمارے نام کا سکہ ہے چار سو باقی

ریاض دہر ہے نظروں میں گلشن تصویر
کسی شجر میں نہیں قوت نمو باقی

خدا نے عالم پیری میں آبرو رکھی
نماز صبح کی خاطر رہا وضو باقی

منیر کو بھی نہیں اپنی موت کا کھٹکا
کہ زندہ کون رہے گا اگر رہے باقی

دنیا و دین کے شغل ہوئے یاد کس لئے / دونا ہوا ہے نشۂ ایجاد کس لئے

خوش قد تمام بن گئے شمشاد کس لئے / بندے خدا کے ہو گئے آزاد کس لئے

ہولی وہ کھیلتے نہیں کیوں فق ہیں سب کے منہ / اڑتا ہے رنگ گلشن ایجاد کس لئے

قاتل ہمارے خون کا پیاسا اگر نہ تھا / نکلی زبان خنجر فولاد کس لئے

اے حور تیرے کوچہ کا شہرہ اڑا عبث / نکہت ہوئی بہشت کی برباد کس لئے

ہم عاشقوں میں ثانی منصور کون ہے / سولی بنا کہو قد جلاد کس لئے

تصویر بھی کھنچی نہیں مژگان یار کی / تیرا بنا ہے خامۂ بہزاد کس لئے

کیوں بے فروغ داغ دل اہل عشق ہیں / گل ہیں چراغ عالم ایجاد کس لئے

قاتل نمک فشاں ہے دم قتل طعن سے / شیریں ہے آب خنجر فولاد کس لئے

قبضہ میں آپ طوطے خط اڑ کے آگئی / کاہی ہے رنگ جامۂ صیاد کس لئے

حیرت زدوں کے زخم کو مرہم سے فائدہ / توڑے گئے ہیں قبضۂ فولاد کس لئے

سایۂ تصور کا کسے مجنوں بنائے گا / لیلی بنا ہے آپ کا بہزاد کس لئے

راہ سخن میں خضر کا طالب ہوں کیوں منیر
کرتا ہوں روز خدمت استاد کس لئے

تشنہ کامان شہادت آب خنجر پی گئے / سیر سب پیاسے ہوئے گو ایک ساغر پی گئے

ناتوان عشق اکثر اپنے آنسو پی گئے / مور چیونٹی کی تشنگی دیکھو سمندر پی گئے

پائے رنگین آنسوؤں میں دھو کر اکثر پی گئے / آب شبنم آتش گل میں بہا کر پی گئے

کیا قیامت گرمیاں ہیں تشنگان دید کی / دم میں آب چشمۂ خورشید محشر پی گئے

کس مزے سے کی لب و دندان کو بوسوں پر معاش / دانہ یاقوت کھایا آب گوہر پی گئے

الہی عاشق طرفیون سے ہوگیا قحط شراب
ساتون خم ہاے فلک ہفتم کے اندر پی گئے

خوب بوسے ہونٹون کے اے حور دلنی لیلئے
ہر لب زخم جگر سے حوض کوثر پی گئے

اشکباری روزی مقسوم کی ہارج ہوئی
آنسوون مین گھول کر قسمت کا دفتر پی گئے

سیر کب ہوتے ہین مستسقی حظ شاداب کے
العطش کہتے رہے دریای اخضر پی گئے

بوسۂ لبہای شیرین کی غرض سے مین جان دی
مرتے مرتے شربت قند مکرر پی گئے

آمد و رفت جہان کو ایک دم مین طے کیا
شیر مادر نزع کا شربت برابر پی گئے

پاسبانون کی خطر سے خشک نشامردان عشق
خون شیرون کا سگان کوئے دلبر پی گئے

شربت عصیان سبیل رحمت حق ہوگئی
دامن تر جیب نچوڑا اہل محشر پی گئے

سب سمجھے کیسے ہین رند قدح کا ہو دماغ
قلقل مینا کو بھی ہم مست ساغر پی گئے

رہے آسیب اونکو اونترا خوف روز حشر کا
نقش پائے یار جو چالاک ہوکر پی گئے

جان کنی میں لذت ایمان اوٹھای ای منیر
شربت ترجم غم سبط پیمبر پی گئے

پیدا نہ ہوگی دیدۂ بد کی گزند سے
کاجل ترا زیادہ ہے دود سپند سے

ساون کا لطف قامت و گیسو سے چاہیئے
طوبا مین آج ڈالئے جھولا کمند سے

یاؤنگی نزلہ ناز سے آب گہر کا بوجھ بھر
اوتری کلای موتیون کی دستبند سے

بالاغری مین توڑی گی گولی حضور کی
لاغر ہون اسقدر کہ نکلجاون رند سے

زلفون کے بوسے سانپ بھی مسموم ہوگئی
چڑھتا ہے زہر صحبت اہل گزند سے

طراریون کے پیچ سے پہنچی ہے عرش تک
سر پر چڑھی ہے زلف تمہاری کمند سے

گھونگھٹ خدا کے زلف کی طولانیا دکھاو ل
کعبہ کی بت گراؤ خدا را کمند سے

مشتاق ترک ناز ہین دل بستگان عشق
عقدے کھلینگے ناخن پای سمند سے

سایہ وہ ہون کہ طرح پریشان ہجر مرا
فرقت مین ہوگیا ہے جدا بند بند سے

چمکین گے دونون عارض انور جدا جدا
نکلے گی دوہری چاندنی حسن دوچند سے

کچھ بھی لگاؤ چاہئے پستان کی عشق مین
بنگلا خریدتے ہین ترے سینہ بند سے

فرہاد کو نصیب ہو شیرین کی صبح وصل
میٹھی چھری شیر کہین فیچین قند سے

ہجر جہان مین زلف کے سو دو سو دن پھرے
کھینچا جہاز عمر گذشتہ کمند سے

اے سرو سرفرازیہی ہے اگر شکوہ
قد سہی ہین گر سایہ قد بلند سے

جلتا ہے آج بزم مین کس خوشخرام سے
برپا ہے شور حشر خروش سپند سے

حور و پری نے غازہ بنایا خدا کی شان
چھوٹی جو مہندی پائے بت خود پسند سے

مطلع بھی صاف ہو تو نہو رویت ہلال
دیتا ہے ماہ نو تری نعل سمند سے

گھوڑا اڑا کے کھیلتے ہین وہ شکار حسن
پریون کی مشکین باندھتے ہین پر بند سے

بحر غزل ہین حد سکندر بناؤن گا
پتلی نکال دیجئے پائے سمند سے

واعظ کے منہ مین کیا سگ لیلی کی ہے زبان
مجنون ہوا دس پریکا ہوا اسکے پند سے

مدح علی مین ہون مین سراپا زبان منیر
لڑتا ہے بند بند مرا صفت بند سے

ثابت کیا بقا کو تری ذات کے لئے
گو ہین نفی ہوگئی اثبات کے لئے

مرتا نہین ہین حرف و حکایات کے لئے
منکر نکیر آئین گے کس بات کے لئے

دل سے یہ مدعا ہے کہ آپ یہان رہین
کعبہ بنا ہے قبلہ حاجات کے لئے

کیا دین جواب حشر مین خوبان بے دہن
اس معرکہ مین چاہئے منہ بات کے لئے

موزون کیا ہے حال نشیب و فراز دہر
میزان بنا ہون عرض و سماوات کے لئے

اللہ ری میری حسن پرستی کی گرمیان
دوزخ مین حور ہین آئین ملاقات کے لئے

بیچشمون سے وطن کو جو چار آنکھین ہوتی ہین
عینک خرید کرتے ہین سوغات کے لئے

پردہ اٹھا کیا مانع تر دامنی رہا
خیمہ لیا حباب کا برسات کے لئے

غفلت مین جانب لحد تیرہ جاتے ہین
آندہی چلی نظارۂ ظلمات کے لیے

ثابت ہے جرم حیرت عشق امیر خدا اگر
تصویر بھیجدین گے مکافات کے لیے

لے کر دگار عابد حسین فرنگ ہون
گرجا بنا رہا ہون مناجات کے لیے

تصویرین جان پائین گی نیرنگ دہر سے
مردے اوٹھین گی سیر طلسمات کے لیے

انداز گل خون سے کے جو موزون کیا کیے
کانٹون مین تل رہے ہین مکافات کے لیے

بخشو مجہے تو بخشدون ساری جہان کو
فردوس کا سوال ہے خیرات کے لیے

دکہو ہماری حسن پرستی کا جذب اگر
یوسف عدم سے آئی ملاقات کے لیے

نالون سے خفتگان عدم کو جگا سکے
مردون سے نیند مانگئے ایک رات کے لیے

سو بار ہجر یار مین آئے ہوئے لبون
دیکہا ہین مرگ مفاجات کے لیے

کلکتہ مین منیر نے کی سو اناگ گہر کی سیر
آیا وطن سے بزم طلسمات کے لیے

تلوارین مارین ڈہنگ جو دیکھے لگاؤ کے
پہنائے مجکو یار نے کپڑے کٹاؤ کے

ہین بحر غم مین شعر سفینے بچاؤ کے
ہم لوگ چڑہنے والے ہین کاغذ کی ناؤ کے

کرتے ہین قتل دوستونکو دوست خنجر سے
ٹیکے دئے ہین ہمنون نے خون گاؤ کے

تصویر بہی کہنچی ہوئی ہے ہم سے آپ کی
جنتی نہین ہین رنگ ہماری بناؤ کے

مسند ہے بادشاہ کی تکیہ فقیر کا
جہالر کرن کی بن گئی تنکے الاؤ کے

زندان آب و گل سے نہین روح کو نجات
ثابت ہوا جو مقبرے دیکہو لدا ؤ کے

پلکون کا وصف چاہیے لکہنا خطوط مین
دستے کرو اسطے ہوے محتاج تاؤ کے

گردون سے کم نہین ہے بہت عمر سا کی منیری
خورشید شاہ قرص ہین نان پاؤ کے

کہاتا الذیذ زہر ہلاہل ہے ہجر مین
الماس کی کنی ہوئی چاول پلاؤ کے

ٹھی کیا ہے یار کی میٹھی نگاہ نے
مصری کی ڈلی ہوئی چاہیے بخیہ کو گہاؤ کے

قیمت کے پوچھتے ہی بچاتے ہیں اُنگلیاں
توڑی ہزار لیتے ہین پردہ مین بہاؤ کے

دریاے مے مین اہل فنا کو ثبات ہو
لنگر حباب بنتی ہین شیشے کے ناؤ کے

فرقت مین کاٹتی ہیں نجوم فلک سے جی
گویا ہے زہر دانتون مین اس نیل گاؤ کے

کرتے ہیں کبر خاک کے پتلے حضور سے
مٹی کے بت اُتار دی گھوڑو نسو باؤ کے

وحشت سے سامنے نہین آتا سمند گار وال
بگڑے ہوئے ہین روپ تمہارے بناؤ کے

مثل نسیم صبح سبکدوش ہین منیر
بحر جہان مین ہم نہین محتاج ناؤ کے

بوسے سرِ قدِ یار کرے بہرہ ور کسے
ہاتھ آئے نخل طور کا دیکھین ثمر کسے

دروازے ہین کروگے اسیر اے قمر کسے
رہنے کو دوگے خانۂ زنجیر در کسے

دنیا مین ہے ہواے فنا سے مفر کسے
دریا مین سونپ جائین حباب اپنے گھر کسے

میر سمند عمر اوڑا شام سحر کو
کوڑا لگاے موج نسیم سحر کسے

آغاز خط مین عاشق جانباز ہو گئے
دیکھین تو خضر لائین گے اب راہ پر کسے

آنکھون سے گر رہے ہین در اشک گرم آج
درکار ہے نہانے کو آب گہر کسے

پیری قدِ خمیدہ کو کیون دیکھتے ہو تم
سمجھے ہوئے ہو ناخن پاے نظر کسے

محوِ طپش ہے پیکر وحشی کا عضو عضو ہے
درکار ہین اوڑانے کو عنقا کے پر کسے

ہنگام گریہ یاد ہین رخسار آتشین
قطرے جلائین دیکھئے بن کر شرر کسے

زاہد ہے چور نشہ مین دیکھا جو خط جام
یارب ہوا دعاے قدح کا اثر کسے

چاک قفس کے واسطے پیوند ہو گئے
گردون نے میرے بعد دئیے میرے پر کسے

رنگِ چمن حضور کے جاتے ہی اوڑ گیا
باندہے کمند موج نسیم سحر کسے

کیون رشک سے جلا کے کیا خاک چاند کو
کہلوائین گے وہ کشتۂ سیم قمر کسے

جو چاہتے ہین لکھتے ہین چھپ چھپکر رات دن
گردون امین کاتب اعمال پر کسے

کس کو ہوا ہے پھل تری تلوار کا نصیب
ماتم غم و الم کا خریدار کون ہے
صدمہ سے بال شیشۂ گردون میں آگیا
تحریر حال سینۂ زخمی سے فائدہ
پیوند خاک ہوگئے کیا کیا سفید پوش
کس واسطے ہے رنگ طلائی عرق فشان
دربان ہے مسیح ترے قصر پاک کا
کس سے لڑا ہی آنکھ سحر در شراب بین

اس باغ سے ملا ثمر بے شجر کسے
لکھ دل زمین کوچۂ زخم جگر کسے
تیغ دکھائی کوٹھے پر اپنی کمر کسے
پھیون چنگیر مین گل داغ جگر کسے
پہنائے آسمان قبائے سحر کسے
کیوڑا ملا کے یخنی کا آب زر کسے
کعبہ دکھا ہی فیض رگ سنگ در کسے
سٹ کرا گیا حضور کا پاہی نظر کسے

فخر جناب شیخ ہوئے رشک ای منیر
تم جیسے ہو سکے مرے استاد پر کسے

لے اوڑا ہر داغ کو نالۂ دل مایوس سے
غیر جلتا ہے داغ خاطر مایوس سے
تیری مجنون کی چھپ والون کو حاصل ہوشش
ہر مہ نو کو سمجھتا ہون محرم کا ہلال
عالم پنہان کی لاتا ہے خبر میرا خیال
آبروئے عشق رکھی کوہ کن نے ورنہ میں نا
ناز ہے سکہ کو تیرے نام سولے شاہ حسن
روبرو کہنا خوشامد ہے جو ہوتا دسترس
اسفل و اعلے کو یکجا کر دیا ہے دہر نے
مین وہ تیرہ بخت ہون سایہ پڑی میرا اگر
ہوگیا رسوا کسی مطرب پسر کے عشق مین

ای ہتو طاؤس نکلا سفینۂ ناقوس سے
سانپ پر گرتی ہے بجلی جلوۂ طاؤس سے
شمع لیلی بن کے نکلے خیمۂ فانوس سے
ناخن غم کو تعلق ہے دل مایوس سے
حال دل کا چھپ نہین سکتا اس جاسوس سے
ٹکڑے ہی پتھر کا اوڑائے شیشۂ ناموس سے
فخر ہے زر کو جلوس ہمنشین فانوس سے
آپ کو فرصت نہ دیکھ ہم کنار دولہن سے
داغ معصیت کو لگا یا ہے پر طاؤس سے
زاغ تیرہ ہو گیا ہی طالع منحوس سے
بانگ نے آئی شکست شیشۂ ناموس سے

بت پرستو کفر اپنا پردۂ ایمان ہے — کعبہ کی پوشش بنائی خرقۂ سالوس سے

تو وہ یوسف ہے کہ تو چشم یعقوب اکی طرف — دیدۂ سوزن ہوا روشن تری ملبوس سے

دور کردون میں نہیں ہین تو ہو وہی برگزیدہ — شمع کیسی نکلی سماء سقف گنبد فانوس سے

بادہ خوارون مین مہو گا کوئی مجہسا نامور — ہو سکے آتی ہے صہبا شیشۂ ناموس سے

فتنہ مین کرتے ہین پیکش سلطنت کی بندو بست — جام سے بنا ہے سنا ہو خاک کرکاؤس سے

بیخودی ہین دیکہکر دون کو بولی بیت — اوڑگئی چہت بتکدہ کی نالۂ ناقوس سے

عقل کامل کی ہدایت سے ہوا جوش جنون — مجھکو سودا ہوگیا تعلیم جالینوس سے

فصل گل میں اسقدر جوش رطوبت بڑہ گیا — رنگ گلشن میں ٹپکتا ہے پر طاؤس سے

دیکھکر میرے سیہ خانہ کو ایسے اوڑگئے — روشنی باہر نکلی شمع کی فانوس سے

ہند میں تنگ آگئے چلئے خراسان ای منیر
لیجئے خلعت حضور بادشاہ طوس سے

کہڑے ہین سرخ میان سے شمشیر کہینچیے — مریخ کی زمین میں تصویر کہینچیے

یہ چٹکیوں میں مجھکو اڑایا ہے آپ نے — اوڑ جائیگا رنگ اگر مری تصویر کہینچیے

تیج آبرو بہائیے صبح فراق کی — بہر علاج دل عرق شیر کہینچیے

باغ جہان مین سرو سخن گو کہین نہیں — گلشن مین آپ کو دم تقریر کہینچیے

کیون ہیچ دیکے باتون میں مجکو اڑا لی — انپر پتنگ پر مری تصویر کہینچیے

منظور ہو جو داد و ستد ہو آپ کو — ایک تیر دل میں ماریے ایک تیر کہینچیے

اوڑجائین مثل طائر وحشی مری حواس — پر کا قلم بنا کے جو تصویر کہینچیے

لوح مزار لوح جبین کو بنائیے — تا چند رنج شوئے تقدیر کہینچیے

جوش جنون میں مجکو ٹہرنا محال ہی — تصویر بھی مری مع زنجیر کہینچیے

جس طرح چاہیے خلش دل نکالئے — حاضر ہون کانٹو پر دم تشہیر کہینچیے

زردی بہ رنگ عشق نہیں اور رنگ میں
میری ہی رنگ سو مری تصویر کھینچیے

اوس گل کو داستان عنادل بہلائیے
دم میں ہزار نالۂ شبگیر کھینچیے

کیوں لکھیے رنج کشمکش دہر ای منیر
لازم ہے ہاتھہ ہی دم تحریر کھینچیے

اس غزل کی فکر میں دل کو پریشانی ہوئی
اے خضر بحر رمل میں ناؤ طوفانی ہوئی

ہجر میں بے نور شکل عیش اے جانی ہوئی
صبح عید اُنکی بیاض چشم قربانی ہوئی

انتشار دل فروغ طبع محزوں ہو گیا
دود شمع بزم غم میری پریشانی ہوئی

کر دیا مجروح بار منت احباب نے
بد احساں مجھکو شمشیر صفاہانی ہوئی

عکس آئینہ کے اندر نقش حیرت بنگیا
میری صورت آج وہ تصویر حیرانی ہوئی

غور ہو کر دیدۂ اہل جہاں میں گھر گیا
چشم عالم کشتی ملبوس عریانی ہوئی

دامن شب کیا تمہاری چوٹی کا موباف ہے
رات فرقت کی نہایت آج طولانی ہوئی

خوبرو دور فلک سے اوڑ کو جا سکتے نہیں
جو پری تھی شیشۂ گردوں میں زندانی ہوئی

صورت مرغان وحشت خود وہ رنگ اوڑ گئے
میری تصویر اے جنوں وقف پریشانی ہوئی

پردۂ در پر کھڑے ہیں خوبرو بگڑے ہوئے
آپکی چلمن تیوں کی چین پیشانی ہوئی

نقش زر کی ہیں مسخر اہل عالم آج کل
اشرفی اس عہد میں مہر سلیمانی ہوئی

چشم تنگ محتسب میں پھر گیا دور شراب
کشتی مے چشمۂ سوزن میں طوفانی ہوئی

تیرے قیدی کے قدم سے آنکھیں پر لیوں لکیر
پاؤں کی زنجیر تسبیح سلیمانی ہوئی

پردہ دار فقر اے بیمہر ہے ترک لباس
پوستین شمس تبریز اپنی عریانی ہوئی

ہو گیا آئینۂ رخ کو پسینے سے فروغ
شبنم گل روغن تصویر حیرانی ہوئی

تیرہ روزی کے سبب سے اشکباری بڑھ گئی
ای فلک میری گلیم بخت بارانی ہوئی

بار رہا جبکہ سر اٹھا حاصل کیا کیف شراب
بیشتر قصر حباب مے میں مہمانی ہوئی

منہ کی کھائی جب ہلال عمر دو روزہ پر غرور
سیلئے غم سرخی کیف مے فانی ہوئی

نام پیدا کر کے داغ ظاہری کھوتے ہیں لوگ
آبرو پوشاک دھونے کے لیئے پانی ہوئی

دو مٹایا کرتے ہیں لکھہ لکھہ کے خط سر نوشت
تختۂ رمال میری لوح پیشانی ہوئی

پنجۂ خورشید میں بھی یہ اثر دیکھا نہیں
سارے تسبیح آپ کی ہاتھوں میں افشانی ہوئی

شام سے پیرلین کی نظارہ اوڑا ہے صبح تک
رات میری آنکھوں میں کحل سلیمانی ہوئی

چشم دریا بار نے رتبا گھٹایا اسقدر
خشت محراب در پل میری پیشانی ہوئی

پنجۂ مژگاں کف افسوس ملتے ہیں بہم
الفت چشم و مژہ میں یہ پشیمانی ہوئی

جلوہ بے سر ہو گیا جز و جمال اسے مہ جبیں
چاندنی کا نور شمع روے نورانی ہوئی

عشق حیرت نے بچایا خوف عقبی سے ہمیں
صبح محشر بھی کف دریاے حیرانی ہوئی

اپنے دل پر جو گذرتی ہے کہیں کس سے منیر
دوستی ناداں کی سخت نادانی ہوئی

باغ جہاں میں خواہش دولت فضول ہے
کہتے ہیں اشرفی جسے گولر کا پھول ہے

دانتوں کی یاد کاہش جان ملول ہے
ہر ساعت فراق میں ہیرے کی چول ہے

نقد بہار حسن جزاں کو پہنچ گیا
خط چہرۂ حضور کا قبض الوصول ہے

بے سبب یار عشق اوٹھایا ستم کیا
انساں ازل کے دن سے ظلوم جہول ہے

کھاتی ہیں زہر یاس تری جستجو میں لوگ
الماس سو وہ راستہ کی خاک دھول ہے

کام آئیں گے کبھی نہ کبھی طالع سیاہ
آخر تو ہر حسین طلبگار بھول ہے

عاشق کے ہوش اوڑنے سے رونق کہیں کھل
رنگ پریدہ آپ کی ہیکل کا پھول ہے

مجروح کر کے دل کو بچاؤ نہ تالیاں
ہونے دو رقص بسمل اگر با اصول ہے

کم قدر کر دیا ترے جانے نے اسقدر
نظروں میں اطلس شفق صبح لوٹ ل ہے

سب کچھ ملا اگر دل بے مدعا ملا
ترک طلب سے مطلب کل حصول ہے

الفت سے ایک جان و دو قالب ہوں یار کے
اے شیخ اتحاد ہے یہ یا حلول ہے

آنکھیں سو جائیں ہم نے لہو رو کے ہجر میں
اے اشک گرم کیوں تجھے فکر نطول ہے

اہل فنا کی کاسۂ سر میں ہے جوش سے
پوشیدہ ہر حباب کی ٹوپی میں پھول ہے

دیدے جو اشک آنکھوں میں آئیں تو ڈھونڈیں
عرش بریں سے رحمت حق کا نزول ہے

موئے کمر کا عقدہ کھلا تیری ناف سے
تار رہ عدم کا گرہ ہجر کا طول ہے

منہ دیکھنا عجوزۂ دنیا کا ہے گناہ
یاد آیۂ حجاب کی شان نزول ہے

خالی نہیں ہے تیری محبت سے کوئی دل
اس حال کا ہر ایک محل میں حلول ہے

رفعت غبار دل کو ملی قید زلف میں
مشک سحاب گرچہ گیسو کی دھول ہے

بیگانگی کا پان بھی لینا نہیں پسند
دست ادا سے زہر بھی کھانا قبول ہے

مر کے پتا دیا مجھے آب حیات کو
بہر شراب زیست تنک تیری بھول ہے

کیا فائدہ دعا سے اثر ہے عدم میں قید
عنقا کی روح طائر رنگ قبول ہے

کانٹوں میں کھینچی ہیں تری بدزبانیاں
جو گالیوں کا جھاڑ ہے گویا ببول ہے

غیروں کے پاؤں پڑ کے تو آئیں گے تیرے گھر
یوں ایڑیاں رگڑ کے بھی مرنا قبول ہے

افضل یہی ہے سب سے کہ ہو اس میں تیری یاد
دل کے سوا جو عضو بدن ہے فضول ہے

ہے عشق روح لو لب شیریں یار کا
زنبور شہد طائر جان ملول ہے

شکر ہی کی لذت اس کو وہاں نعمتوں کی چاٹ
درویش کم خوراک ہے سلطان اکول ہے

اس ناتواں کا سایہ ہے بخت سیاہ پر
چیونٹی کا پوست فیل شب غم کی بھول ہے

تیرے حضور چاند کی شیخی ہے کرکری
بگا بھی نور کا ہے تو کیا خاک دھول ہے

دل لیکے دیں وہ حشر کے دن یہ بھی ہے محال
لیں نقد جان بھی قرض تو سہل الوصول ہے

عاشق ہی کی دعا ہے زمانہ میں بے اثر
شاید رقیب حاجب باب قبول ہے

قطع حیات تیغ دو دستی سے کیجیے
میری کمند عمر کا دو ہاتھ طول ہے

مغرب سے اُلٹے پاؤں پھرا وہ آفتاب
حکم علی سے کس کو مجال عدول ہے

لوگوں کو آپ چال سے گمراہ کرتے ہیں
پاپوش کی کرن مژۂ چشم غول ہے

سہوا ہوئیں ہیں معصیتیں سب سے بیشمار
یارب بھری حساب میں لاکھوں کی بھول ہے

خورشید لکھنؤ میں ہے پس کا نیو ریس
کیا تیرہ روزیوں سے مرا دل ملول ہے

نفس نبی سے رتبۂ ذاتِ نبی کھلا
تفسیر مرتضیٰ ہی تو مصحف رسول ہے

جزوِ کلام حق ہیں ائمہ سب اے منیر
ام الکتاب نور الٰہی بتول ہے

دل چھپا ہے تری محرم میں تماشا اور ہے
اے پری انگیا کی بنگلے میں یہ گھر اور ہے

انقلاب حیرت دل سے تماشا اور ہے
رنگ ہر تصویر کے کاغذ میں میرا اور ہے

جس سخن کی نہ نکالی اوس میں نکتا اور ہے
تکیہ سنجاب کی پہلو کا تکیہ اور ہے

مست گل پیش نظر تھے اب ہیں عاشق سانولے
گھاٹ پر تیغ نگہ کے آج میلا اور ہے

کام اگر در سے زیادہ ہے رہِ سودائے زلف
کوچۂ زنجیر میں جانیکا رستا اور ہے

حسن تیں سب دل کی نکلیں پر سیہ روزی ہی
اس چمن میں آشیان مرغ عیسیٰ اور ہے

سنبھل سودائی مجنوں پر بہار آئی نہیں
پھولنے پھلنے کو شاخ زلف لیلیٰ اور ہے

کٹ گئی ہیں انتظار یار میں راتیں تمام
تارے گننے کو شب مرگ تمنا اور ہے

چھلیوں پر لن ترانی کی بہت ہے متزر قسم
مشق کرنے کو بیاض چشم موسیٰ اور ہے

خس ہر مجکو بھی طوبیٰ کی زینت اگر
ناک کٹنے کیواسطے گردن کا ٹھپا اور ہے

آتش گل کس طرح بھڑکے ہوا ہی باغ سے
شمع کشتہ کو جلا دے وہ مسیحا اور ہے

رقص بسمل تینے دیکھا ساغری بھی چلے
ناچنے کے واسطے طاؤس مینا اور ہے

میری رگ رگ میں کشمکش ہے تری نوک مژہ
چنبر گردن کی ہنسلی ہیں یہ کانٹا اور ہے

سور کی آواز ہے گل کیا سنو اس ابر میں
نعرۂ مستانہ طاؤس مینا اور ہے

کوٹھے پہ تیری قد و بالا کا جلوہ دیکھکر
لوگ کہتے ہیں فلک پر ایک طوبیٰ اور ہے

محتسب ہوتا ہے اندھا شیشۂ دل دیکھکر
چشم افعی ہیں زمرد ہے یہ مینا اور ہے

مومی آتش دیدہ ساں بل کہا رہی ہے کہکشاں
دیکھ لے اے چرخ برق داغ سودا اور ہے

کاغذ سوزن زدہ تصویر میری بن گئی
عاشق مژگاں کا ہے ہیرا و نقشا اور ہے

فافلو مٹنا ہے نقش کن فنا آئی قریب
وصل کاف و نون ہیت گذرا ہے تھوڑا اور ہے

بوسوں کے نیلے نشاں ہر دل ہیں خط سبز ہیں
ساغر عمر خضر پر ہے یہ مینا اور ہے

کشتیاں لاکھوں ڈبوئیں تو نے اے بحر فنا
غرق کرنی کو جہاز عمر دنیا اور ہے

پھر جھپک کر گالیاں ایسی ہی دی حاضر ہوں میں
ای پری رو کوئی اس گوٹی کا لہجا اور ہے

خط میں ہے مضموں خوشخوانی ڈرانے کیلئے
سیر کرتا خن سے لکہا ہے یہ فقرا اور ہے

جو ہوا عصیاں سے نادم تو نے بخشی سلطنت
کیا در توبہ کی اندر لال پردا اور ہے

سب میں شہرہ ہو چکا باقی رہا وحشت کا نام
کہو دشت کو ایک مہر داغ سودا اور ہے

آپ فقرا دیں تو بیٹھ محتسب ساغر چلے
کشتی نوح جس سے بہ جائے وہ چھینٹا اور ہے

ساقی سرکش نے کی اعتنائی ڈہل گیا
مے پرست گردن مینا کا منکا اور ہے

کوئی کہدے یوں صبا سے جا کے پیغام منیر
اب ہمارا صدمہ فرقت سے نقشا اور ہے

آتش فشاں رہیں کے جو جلوے جمال کے
داغ اوڑیں گے آگ سے بار و دخال کے

کیا آئے ہیں وہ عطر حنا سر میں ڈال کے
کافور آبلے ہوئے پاے خیال کے

سرخی سے بڑھا گئی بن جمال کے
سورج بناو آگ سے جوہر نکال کے

رنگت نکالنے کو ترش رو ہوا ہے قند
چمکا دو سیم ماہ کٹھالی میں ڈال کے

تلخی الم سے جراحت کو التیام
سیتا ہوں زخم پوست کی ڈورے نکال کے

ٹھہرے عیب قد جمشید کے اوٹھ چلے
پر دار ہو رہے ہوے تیغ ہلال کے

منظور ہے جو چاندنی کی سیر آپ کو — پھینکوں ہوا میں آنکھوں کے تارے نکال کے

کیں سرد مہریاں سے لگنوں پلا کے کیوں — دی آبرو حضور نے شوری میں جہال کے

ابرو کا وصف کرتے ہیں اے آفتاب جن — مضمون تیغ لاتے ہیں سانچے میں ڈہال کے

پیش نظر ہے بنت انگیا کی چاہئے — ہچکی بناؤں آنکھوں سے تارے نکال کے

رکھا خناک خدا نے جوانی میں بھی ہمیں — بیچا ہے موشباب کو شیشے میں جہال کے

موج سخن کا رنگ بڑی اعتراض سے — چھریاں بتاوں بات میں شاعر نکال کے

افسردہ سرد مہریوں سے اشک چشم ہیں — تیغ لبستہ چشمے ہیں مرے کوہ بلال کے

بیزری کدورتوں سے مکدر ہے دل مرا — کیا کیا بگولے اٹھتے ہیں گرد ملال کے

سررشتہ سبکو سر ہیں ہوا ابرو کے عشق کا — چلتے ہیں پگڑیوں میں کمان ہلال کے

لاکھوں ہی منتوں سے ہیں دل کو داغ غم — کہوں کہ چراغ لعل ہیں کوہ بلال کے

بازی لگا کے جیت سے لئے عاشقوں کے دل — کرتی کی گوٹ رنگ دکھاتی ہے چال کے

وحشت سے تے آستین سے کے پرزے اوڑا دئے — تیغ خزاں ہیں گر گئی شاخ غزال کے

عاشق لہو میں ڈوب گئے اس کے واسطے — کیا کیا جمے ہیں رنگ تمہارے اوگال کے

اللہ رے اوس صنم کی نظر کے سفیدی — نا توس آبلہ ہوئے پاے خیال کے

وہ شہسوار عرصہ ادشتادگی ہے یا ہے — اوٹھ اوٹھ گئے ہیں پاؤں صفوف جدال کے

سارا چمن ہے حلقہ بگوش اوس کی زلف کا — گھاسے تر کی کان میں حلقے ہیں جال کے

کیا دلبری کی مشق بڑھائی ہے لے بتو — دل ڈہونڈہتے ہو بات میں پہلو نکال کے

خواب اجل مدام تصور کے ساتھ ہے — موزوں ہیں تجلی مری پائے خیال کے

شرم گنہ سے دست تاسف نکٹ سکا — دانت اپنے قطرے ہیں عرق انفعال کے

رو یا ہوں خوب ہجر میں اے یار لا انتہا — رکھے ہیں جام دیدۂ پرنم کھنگال کے

رونے سے میرے کام روانی ہوئی محال — تر ہوگئے سخت ہو گئی عقدہ سوال کے

سباب جمع کرتی ہیں دانتوں کی یاد کا
طاؤس دست زلف میں نیرنگ ہو گیا
الگذری شب شباب کہاں تا زگی کا لطف
دانتوں کی یاد دیکھ وہی کے ساتھ ہے
نقشے لکھے گئے ہیں ترے لب ہوکر آج
کی سخت ظلمت شب فرقت ہرا لا بال

دیوانے تیری چھنتے ہیں تنکے خلال کے
سینے کے چھلے بن گئے سب حلقے جال کے
پاسی ہوئے ہیں پھول حسینوں کے گال کے
عنقا کے آشیاں ہیں ہیں تنکے خلال کے
چھاپ پڑ گئے ہیں خط کف دست سوال کے
گھر میں مرے چراغ نے پھول ڈھال کے

نظارہ کر رہے ہیں غزل پر جو لے منیر
آنکھوں سے صاد ہوتے ہیں اہل کمال کے

کیسے ہوتی ہوئے ترک اسقدر پیاس آب تیغ کی
گلے کے نور سے بڑھ جائے گی تنویر جوشن کی
صدا گانے کی سنکر اہل محفل مست ہوتے ہیں
شراب سرخ کی رنگت گلے سے پھوٹ کر نکلی
عجب آویزۂ یاقوت کا عالم کو دکھلائے
چمک ہر عضو نورانی کر حسن عضو ثانی ہے
گلے میں آنچے رومال دریائی آج باندھا ہے
بہار تازہ تیرے قرب سے کمخاب پر آئی
پڑی ہیں نگلے دوراں سے سر پیچ آفت کے
زمرد کی چھڑی ہے سبزہ عارض سے بہر تیلی
دل عاشق کے جینے سے مگر محفل کی رونق ہے
نہ ہوگا پست قسمت کوئی ایسا باغ عالم میں
ملے ہاتھ جو تیرے تلوں سے ریتہ ٹرا دو…

تری تلوار کا چھپا ہے شہرگ میری گردن کی
تری بازو کو اکے ہیں چڑھیں گی شمع گردن کی
تمہاری گنگری قلقل نہیں مینا سے گردن کی
ہوئی لال آتش مے میں صراحی تیری گردن کی
تمہارے کان میں ایسا لو ہے شمع گردن کی
سر پستاں نہیں گھر میں ہیں دود شمع گردن کی
ہوئی ہے سبز مردنگی میں روشن شمع گردن کی
ہری ہو ہو کے پھولیں بوٹیاں ایسا چمن کی
مری گپڑی نے سنجاف گوہر کی دامن کی
… سینہ کا ڈورا ہوا تیری چلمن کی
کہ میرے عنصر آتش سے ہے شمع روشن کی
کف تارو ہر طرح مری شاخ نشیمن کی
تراشوں بت جو سنگ پا ہوں پیشانی برہمن کی

میں وہ طائر ہوں جسکے زمزمہ کا غل ہی جنت میں
پر جبریل ہی کویل مری شاخ نشیمن کی

زباں موج مئے حال اوس بت کافر کا ہی گویا
بیاض گردن مینا ہی پوتھی برہمن کی

تڑپ نعلوں کی گویا جنبش ابروی خوباں ہے
اشارہ کرتی ہو اسے ترک پتلی پایہ توسن کی

تری راہ طلب میں ہیچ راحت کی برابر ہی
نہی سنگ جراحت مجکو سختی قلب رہزن کی

جوانان چمن لوٹیں گے جوبن اپنا آپسمیں
خضاب ہوی سنبل ہوگی مسی جہڑکے سوسن کی

پھر آیا منہ میں پانی اسقدر جیسی تجھے دیکھا
چمن میں ہر طرف مسی ہی پہرتی ہی سوسن کی

تری آواز سنکر نقش دیوار تحیر میں
ہمارا قد خم گشتہ ہی تجلی گوش روزن کی

جنہوں نے حسن کے ناموس میں رخنے کیئے [illegible]
نہی ہی جال سلمہ کا تجلی دشت ایمن کی

نہ کیوں کر بل کریں دہاگی کیصورت ناتوانی سے
ہمارہ ہو بانکپن نے نوک پیدا کی ہے سوزن کی

تڑپتا ہی جو تیرا ناتوان زخموں کو ٹانکو سنی
نہیں ہیں دام ماہی گیر موجیں آب سوزن کی

زرگل مانع فریاد بلبل ہی گلستاں مین
اوٹھی ہی کوچۂ منقار میں دیوار کندن کی

بہی جو آب تیغ یار دل کی حسرتیں نکلیں
نہاکر اوڑھ لوں چادر جو چھوٹی آب آہن کی

جگر ٹکڑے کیا ظاہر کی اس شیریں کلامی نے
تری میٹھی چھری کا دستہ کیا ہڈی ہی دشمن کی

جلے جاتے ہیں ہر بت تو جو تیرے پیچ کرتا ہی
تپ صحبت کی گرمی آگ ہی سنگ فلاخن کی

کہنچا جاتا ہے تیر خنجر ابرو اسی جانب
نہی ہی سنگ مقناطیس سختی قلب دشمن کی

تم اپنی کمر کی تعریف مجھسے روز سنتے ہو
بت پندار کو بھی ہوگئی حاجت برہمن کی

منیر اللہ نے ایسا کیا آتش زباں مجھکو
کہ برق طور معنے ہی تجلی طبع روشن کی

رہرو ملک عدم ہی جو جوان و پیر ہے
اس مرقع میں ہر ایک چلتی ہوئی تصویر ہے

اے پری میری صباحت کی عجب تاثیر ہی
میرزا مال نظر کا پاش جو ہی شیر ہے

آجکل جوش صفا سے اور ہی تنویر ہے
رنگ تیرے چہرہ پر آئینہ تصویر ہے

پختگی ہندی زبان کو باعث توقیر ہے — ریختہ کی سرزمین شعر میں تعمیر ہے

جوش حیرت سے فروغ ماہ بے تاثیر ہے — میرے گھر میں چاندنی صبح شب تصویر ہے

اپنے بخت بد کا تجھکو حال کرتا ہوں رقم — جو مری تحریر ہے نقل خط تقدیر ہے

ابروے خمدار سے مژگان برگشتہ ملیں — ریشہ شاخ کمان ہر جو تمہارا تیر ہے

تیرے پرتو سے ہرا ہر داغ دل گلگوں ہوا — دھوپ اس گلشن میں گویا روغن تصویر ہے

عقدہ کاہیدگی حیرت سے لاحل رہ گیا — ہر شکست استخوان یا غنچہ تصویر ہے

کیا مسلسل گفتگو میں ہے دروغ پر فروغ — ہار جھوٹے موتیوں کا آپ کی تقریر ہے

جس نے دیکھا تیرے منہ کا وہ اوسیکا ہو گیا — خواب مرگ اہل جہان کو سرمۂ تسخیر ہے

خط جو روے صاف پر نکلا ہوئی شیرین بیان — سبزہ مینا آئینہ کا طوطی تقریر ہے

مصحف رخسار پر کیا بالیں ہی اعجاز ہیں — جو ترا فقرہ ہوا ہے بت آیہ تسخیر ہے

صورت حرف غلط بنکی بگڑی سیکڑوں — دفتر ایام مشق کاتب تقدیر ہے

دام گیسو میں پھنسا کوئی اتش قدم — ہو گئی آتش دید میری پاؤں کی زنجیر ہے

جوہر تیغ آپ کی رفتار پر ہیں بیقرار — آج کل طاؤس رقصان سبزہ شمشیر ہے

قید کی گردش میں ہے آرام تیری زار کو — پائے خوابیدہ کی کروٹ جنبش زنجیر ہے

یادگار نوک تیغ غم ہے باطن کی خلش — پھانس میرے دل کی ہوے ابروے شمشیر ہے

ڈھونڈتی ہے صبح کو اس روشنی میں بارہا — دست زہرہ میں چراغ نالہ شبگیر ہے

بے ثباتی کے شکنجہ میں پھنسے ہیں شعلہ رو — ہو گیا ثابت کہ لا نفی آتشگیر ہے

ابروے پرخم کے ہیں مداح سرتا پا بشر — سیکڑوں جلدوں میں بسم اللہ کی تفسیر ہے

ہو گیا منہ پریشان صبح سر پر تو فسوں — چٹکی لینا شمع رخ کے واسطے گلگیر ہے

فکر مضمون رنگین ہیں اے مضطرب تمام — تشنۂ طغرا میری نظم و نہیں تری تحریر ہے

گنج استغنا ہے مجھکو آبروے مثل گہر — نقد میں گر دیتی چہرہ پر اکسیر ہے

سر میں رباب و رع سودا ہے رکھنے لگے
دیکھ کر کشتوں کی حیرت صاف کھنچ کر رہ گئے
ہم وہ مجرم ہیں ستم کے لیئے ہونگے فیل ر
پڑ گئے اس درجہ دنداں تاسف کر شا
ہے یہ وحشی چند فقروں میں مقید کر لئے
نیت خالص بتا دیتی ہے راحت تجکو
سیکڑوں دیوانے ہیں سودائی گیسو اسیر
حال افتادوں کا میری پائمالی سے کھلا
پردہ دار قید گیسو ہے ہماری آبرو
ہجر میں میری طرح بیکار ہیں میری حواس

خشت خم سے گنبد و دستا کی تعمیر ہے
آپ کی تلوار سے ہر گلشن تصویر ہے
دو دھاچوں کی بہار ہر دو اسطے تعزیر ہے
پنجۂ نجاست کی ہر انگلی سے قطع گیر ہے
آپ کی پالتوں کا پھا دام آہو گیر ہے
جو غبار آیا دل عندیدہ میں اکسیر ہے
وادی وحشت میں خود رو سنبل زنجیر ہے
بہر خواب مخمل مہتا ہمارا تعبیر ہے
روزن گوہر میں پہا افعی زنجیر ہے
میری نظروں میں یہ چشمہ پنجۂ تخمیر ہے

کیا کروں تعریف نواب بہادر کی میں
جن کی فکر خوب میں اعجاز کی تاثیر ہے

گنا جوانی و پیری کو داغ یاس مجھے
عدم کو لے ہی گیا بیخودی کا پاس مجھے
خدا کی حمد سے خوشبو سے باغ ہستی ہے
پیا جو خون جگر آب زر کی حرص گئی
بہا لیں مدرکہ جسم وقت ہوش لہو
امید رحم ہے ای کام بخش گل مدد ہو
تری گلیں تصور بھی نہ پہنچا میں
ہوئی ہے گرمی بزم طرب تپ محرق
میرے دماغ میں ہے نشتر سے غیرت

کیا نصیب زمین ہند ہر لباس مجھے
تلاش کرنے نہ پائی میرے حواس مجھے
بہار دیتی ہے عطر گل سپاس مجھے
خبر نہ تھی کہ ہو اثر لہو کی پیاس مجھے
ملے برنگ حنا پنجۂ حواس سے مجھے
چبا ہی جاتے ہیں دنداں یاس سے مجھے
عبث اور انہی ہو اطلاع قیاس مجھے
خدا بچائے خوشی بھی نہ آئی راس مجھے
ملا ہے شیشۂ ناموس کا لباس مجھے

نمو کیا تھا ہی کشت امل کو قطع کیا — اثر میں ناخن تدبیر بھی ہو دیاس مجھے

فنا قبول ہے اپنی بھی رخصت ہستی سے — حباب دیتی ہیں کیوں بقچہ لباس مجھے

پھر ہو لحد سے اوگا سبزہ پر طوطے — رہی تھی آب زبان سخن کی پیاس مجھے

صدائے سینہ زنی قہقہہ سے آتی ہے — زیادہ غم سے خوشی کر گئی اداس مجھے

خزر دستے رہ شہد کے آیا ہوں وحشت میں — منا لی آتش نہ یا رب مری حواس مجھے

تمہارے عشق نے اپنا گھر میں غرق کیا — غلاف تیغ تبسم ہوا لباس مجھے

پھروں پر لگا کے موت بالش سر میں — کہ دیو خواب اجل سے نہ ہو ہراس مجھے

یہی نہی بیابان ہر دو ہوتا ہوں ہاتھ وحشت میں — ہوئی بہار میں داغ پلنگ سے طاس مجھے

دکھا رہے ہیں جو شمشیر حسن کے جوہر — سمجھ چکے ہیں پر یہ روا و شناس مجھے

ز تخیل سے یارب بچائیو مجھ کو — کہیں گرا ہو نہ اندھے کنویں میں پیاس مجھے

سفید داغ سمجھتا ہوں صبح محشر کو — شب فراق میں اتنے تو ہیں حواس مجھے

کیا ہے تیغ شکر ریختیوں نے کام شہید — ملا ہے شہد تبسم میں زہر یاس مجھے

دکھاوں آگے اگر اہل ہوش کو حیرت — کہیں ہے آئینہ مجلس حواس مجھے

سفید آہ پیری نے کر دیا ایسا — کہ جوئے شیر ہوا دہن لباس مجھے

بنے گی جان اگر جا نماز ابی کا — پھٹکنے دیگی اجل بھی نہ اپنے پاس مجھے

عزیز ہجر کر ہم ہو گئی بھی گئی نہ طمع — ستا رہی ہے دریا کے نیچے پیاس مجھے

منیر گنج قناعت ہے نسخۂ اکسیر
سوا خدا کے نہیں ماسوا کی آس مجھے

صحرا کو دی ہے ایسی تعلی بہار نے — حوروں کے کان چھیدے ہیں ہر نوک خار نے

ور وسعت کو چمن سے بدلا مزار نے — پہلو ہمارے خوب دبا ہے فشار نے

پھیرے ہیں نگاہیں سرمہ چشم نگار نے — برچھی بلا ی زنگی ابلق سوار نے

کی پیتیم پروری اہل وقار نی
دامن سی آنسو پونچہے مرہ کوہسار نی

لازم تہی قدر زندگی مستعار کی
مانگے کی چیز کہوی دل بیقرار نی

اہل فنا کے زخم مین پنہان ہوے تمام
بہر دی ہی خم حباب مین نالی کی کنار نی

دم بہر تم آئے سبزۂ گلشن کے سامنے
دیکہا یہ خواب مخمل رنگ بہار نی

نالون سے کین سپہر پہ آتش فشانیان
افشان چنی جبین قمر پر شرار نی

غرق عرق ہے دیدۂ گریان سی خط سبز
غوطے کہلائے خضر کو دریا کی دہار نی

بخت سیاہ بعد فنا بہی ہے پردہ پوش
کملی اوڑہائی ظلمت کنج مزار نی

مثل قلم چلے جو تہ تیغ تیر صید پر
وصلی کیا زمین کو مشق شکار نی

مردان عشق مین تری بیجان سے زیر دست
شیرون کی پنجہ پہیر دیے مشت غبار نی

سبزہ نہ سمجہو کشتۂ گیسو کے کہیت مین
سر سبز کر دیا ہی اثر زہر مار نی

دشمن کا دل بہی میری رسائی سی تنگ ہی
بن بن کی پہانس کی ہی جگہ جسم زار نی

خونریز پہ مال کو کیا کیا چہپاتے ہین
سینہ کی پاس رکہی ہی گودڑی کٹار نی

رو رو کے تیرے صید نے گیسو کو تر کیا
سوتے بنائے چشمۂ دام شکار نی

پہولون کی آبرو یہ بہی تیرے سامنے
کہین کلیان گلاب سی بہر آبشار نی

آنکہین ملا کے دور کئے خار خار دل
پہانسین نکالین سوزن مژگان یار نی

راحت دہی یاد قامت جانان نی وقت نزع
سایہ کیا مسافرون پر نخل دار نی

عارض کے بوسے ملگئے بالون کی آڑ مین
کروائین چوریان شب گیسوی یار نی

ہمسایون کی بہی آنکہون سی پامال کر دیا
دیوارین پہاندین ابلق لیل ونہار نی

زلفون مین تمنے ہار لپیٹے جو اے تیلو
دامن مین پہول بہر لئے شبہائے تار نی

رونق بڑہی جو جامہ تن پر پڑی شکن
بلبلین زر کہلی چہاپ دین گودڑی کو ہار نی

باری دعا قبول کی پروردگار نے

ملتی ابرو می خمدار کی تصویر سے کیسے
دیدیا پیک اجل نے خط شمشیر کیسے

دیکھنے زیر دے وہ زلف گرہ گیر کیسے
کاٹئے اے یار خدا افعی زنجیر کیسے

یار بھی خواب میں ہے بخت بھی خوابیدہ ہے
دیکھیں بیدار کرے نالۂ شبگیر کیسے

پھر بھٹنے میں مرے واسطے رسوائی ہے
اتنے شہروں میں کیا عشق نے تشہیر کیسے

کسکو ہاتھ آئے ترے سرخی لب کا مضمون
دیکھیں پڑھنے کو ملے پان کی تحریر کیسے

کھل سکے کس سے میری حیرت دل کا عقدہ
خواب تصویر کی معلوم ہے تعبیر کیسے

مرے خونریز کی باتوں کا ہے عالم مشتاق
دیکھیں آواز سنا ہے لب شمشیر کیسے

کس کو اوصاف خط سبز سنائیں آپ
ملی گی پالنے کو طوطی تقریر کیسے

کس کا دل چھین منظور زبان بندی ہے
آپ کھلوائی گا سرمہ تسخیر کیسے

نقشہ زلف کی افشاں نظر آئی کس کو
دیکھئے تارے دکھاتے شب تصویر کیسے

شکوہ بھی لکھ نہیں سکتا ہوں میں اے احمد کو منیر
صدمہ ہجر سے ہے طاقت تحریر کیسے

عیب داغ جگر اے رشک مسیحا کیا ہے
سچ کہو اشرفی مہر کا بٹا کیا ہے

جان شیریں کو بس دم بھر کو نہیں چین کہیں
بوسہ لوں ہونٹوں کو ایسا مجھے میٹھا کیا ہے

رونمائی کے عوض بیچی گا کیا مجھ سے
آپنے صفحۂ رخسار کا ہدیہ کیا ہے

کیسے شیریں نہیں تقریر کئے سکتے ہیں
آپکی باتوں کا پھر کا مزا کیا ہے

زخم اس درجہ ہرے ہیں کہ مری آنکھ و نہیں
چمن جوہر شمشیر کا سبزا کیا ہے

دیکھ کر میرے تن زار کو گھبراتے ہو
پہلے ان کو یا یہ نظر میں کوئی کانٹا کیا ہے

مرہم رو کی حقیقت نہ سن اے رشک چمن
سبزہ گوش کو شبنم نے رلا کیا ہے

دیکھ مجروحوں کا ہر روز تڑپنا اے ترک
رقص بسمل کا زمانے میں تماشا کیا ہے

تری الفت میں جو انان چمن مرتے ہیں
کہا کہ افیون جو الاسنے اچنبا کیا ہے

کس کے رو کے سے رکا ہیک تصور اپنا
بند ہے قفل در یار تو کھٹکا کیا ہے

ہم نہ چھوڑیں گے تجھے حکم سلیماں سے بھی
ای پری دیو سیاہ شب یلدا کیا ہے

داغ سودا شب تاریک میں ہو راہ نما
مشتعل شعلۂ ادراک کی پروا کیا ہے

نہیں لازم لب لعلیں کی حلاوت کا غرور
لال شکر کے لئے شہر میں رتبا کیا ہے

سفر مجھ کو نہیں نقصان اپنا
کتنے عمر کو دنیا میں کرایا کیا ہے

نقد جاں قرض دیا ہے تا جو طلب کرتے ہو
دی ہوئی چیز کا ایمان تقاضا کیا ہے

پوچھنا کیا ہے تمنائے منیر اے قاتل
تجھکو معلوم نہیں دل میں مرے کیا کیا ہے

وہ اگر قتل کریں جادۂ شہید ملجائے
سبزۂ تیغ سے خضر رہ مقصد ملجائے

عیش میں روز قیامت ہو انکو کا رونا
عید کو دن جو گلی میں ترے خورشید ملجائے

سبزۂ خط ہے جو فناک تو بوسے لب لو
پیاس بجھ جائے اگر آب زبرجد ملجائے

خاک عاشق کی بسی مرگ بھٹکتی نہ پھرے
دفن کو شاہد مست کا جو گنبد ملجائے

چمن حسن کا گلدستہ کوئی ہاتھ آئے
تیرے مکتب کی گلستان مجلد ملجائے

حوریں جا لگیں رندان کی لگائیں آ کر
ای نشۂ حسن اگر بوسۂ مسند ملجائے

بہاری تھرسے تجھی چوم کر چھوڑونگا میں
نشہ میں بوسہ اگر اے بت بجنو دلجائے

موت بہتر ہے کہیں وصل بت نوخط سے
ایسی طوطی کی عوض سبزۂ مرقد ملجائے

ڈھونڈتا پھر کر دکھ دیتے میں متاع دل زار
مال گم گشتہ اسی خاک میں شاید ملجائے

تر سبا شرسا پچوں کا ہو جو سینہ تختوں کو
شام کو شہر سے کلکتہ کی سرحد ملجائے

اوس کی کمخواب کی بوٹی سے بنائیں اکسیر
خاکسار ول ہو جو وہ زینت مسند ملجائے

رقص زہرہ کی صدا آنے لگی تیوں سے
فصل گل کو تری خوبی آمد ملجائے

چوکہتا آئینۂ دل کا لگاؤں اوسپہ
جو ترے ہاتھ کی لکھی ہوئی ابجد ملجائے

طوق قمری کا پڑے پاسے نظر میں بانا
خواب میں مجھکو جو وہ سرو سہی قد ملجائے

پہ کر بیٹھے در دولت انور پرا بھی
شاہ خاور کو اگر آپ کی مسند ملجائے

آنکھیں پرنور کرے کحل جواہر سے منیر
یا الٰہی مجھے خاک در احمد ملجائے

تیرے حضور حسن حسینوں کا ماند ہے
تصویر ماہ مصر کی کاغذ کا چاند ہے

ہم مست ناتوانیوں میں بھی ہیں سیر چشم
آنکھوں کا ہر گڑھا ہے گلگوں کی ناند ہے

مریخ نیزہ تیغ ہے ٹیکے کے چاند سے
دستار آفتاب کا طرہ بھی ماند ہے

خوش صورتان دہر ہوا پر ہیں اندلوں
رخسار ہر حسین کا کا گل کا چاند ہے

نقدی کی فکر رہتی ہے صوفی کو وجد میں
یہ جست و خیز ہوتی ٹھونگی کو پھاند ہے

رحمت خدا کی جوش پہ ہے مست سے نصیب
پھیل سحاب کی لئے ہر موج پھاند ہے

جو سر چڑھا نگاہ سے ساقی اوتر گیا
میخانۂ جہان میں بھی کود پھاند ہے

پھولوں کی فصل گل میں قبا کیوں نہو سفید
تھالا ہر ایک درخت کا دہوبی کی ناند ہے

رونق جو لاغری سے ہے بخت سیاہ کی
قد خمیدہ کیا سپر شب کا چاند ہے

پیدا ہے عکس چہرۂ گلگوں وہم شنا
لبریز رنگ باغ سے دریا کی ناند ہے

مانگا جو بوسہ یار نے خالی دیا جواب
یا رب ہلال لب ہے کہ خالی کا چاند ہے

کیا کہکشاں کا دستہ قبا میں لگا ہے یار
اے چرخ نیل تیرے ستاروں کی ماند ہے

دریا میں عکس رخ نے دکھایا نیا طلسم
ابرو ترا حباب کی ٹوپی کا چاند ہے

بنے آب موج خندہ ہوئی حسن ڈھل گیا
بیٹھا تمہاری تیغ تبسم کا چاند ہے

جاتا ہوں لکھنؤ سے بہت دور اے منیر
خالی میں کیوں کہوں کہ سفر کا چاند ہے

عدو سے لڑتی ہیں آنکھیں نہ پھر یہیں کہتے
تم اپنے قبضہ میں تیغ نظر نہیں رکھتے

ہوا ہے کوچۂ قاتل نہ نکلے دل سے کہیں
کھلا ہوا در چاک جگر نہیں رکھتے

کسی سے گھر و دو روز ہ پرائے صنم تک بھی
سپر حباب کی ہم دوش پر نہیں رکھتے

چلی ہے باغ جہان میں مفلسی کی ہوا
سر اپنے گانٹھ میں غنچے بھی زر نہیں رکھتے

جو میری آہ کا کھٹکا ہے تم کو ہر ساعت
گھر میں کس لئے زنجیر در نہیں رکھتے

کھڑے ہیں کوٹھے پر آپ اور دیکھنا ہے محال
ہمارے طائر نظارہ پر نہیں رکھتے

غبار دل اہل صفا ہے یا کینہ
گرہ میں گردشی گوہر نہیں رکھتے

نقاب یاد دے کی نقد جان کی بدی زندگی
گرو تم آئینہ رخ کا گھر نہیں رکھتے

یہ شہر سے زیر فلک ہم عروج وحشت میں
کلاہ آبلہ بالائے سر نہیں رکھتے

کبھی پیام نہ بھیجا بتوں نے میرے پاس
خدا ہیں کیسے کہ پیغامبر نہیں رکھتے

کریں خرید جوان مہر خوں کا لفقہ جمال
گرہ میں سکۂ سیم و قمر نہیں رکھتے

کبھی ہوئی نہیں وہ ایک بات پرست تم
ہنر و سخن تکیہ پر نہیں رکھتے

خیال خال میں مایوس آبرو سے ہیں ہم
امید بارش ابر سپہر نہیں رکھتے

منیر کیا کریں ہم دعوی سخنگوئی
کسی طرح کا کمال و ہنر نہیں رکھتے

آنسو ابر رشک قمر بہتے ہیں چشم تر سے
ایسے طوفان میں جائیں تمہارے گھر سے

فاقہ توڑ دوں گزک خال رخ دلبر سے
روزہ افطار ہو یارب نمک اختر سے

کھیت کشتوں کا جو پامال ہوا چل اٹھکر
چونکا اوٹھا سبزۂ خوابیدہ تیری ٹھوکر سے

مفت میں بار علائق نے ڈبو یا ہمکو
کشتی عمر رواں بیٹھ گئی لنگر سے

ہر گرانی سے تن زار پسا جاتا ہے
ہڈیاں چور ہوئی جاتی ہیں بار سر سے

زرد انگلیاں کو ہنکر جو ترشرو ہوئے آپ
دانت کھٹے ہوئے شاید کہ ترنج زر سے

نور مہتاب بچھونے کی برابر کیپا ہو — چاندنی چھوٹی ہے ایا وہ تیرے بستر سے

زلفیں تر ہو گئیں آیا جو عرق ابرو پر — رات سب بھاگ گئی آب دم خنجر سے

دانت تم پیستے ہو سنگدلی سے ہر روز — طرفہ ہیرا ہے کہ پس جاتا ہے لگا پتھر سے

نکہت زلف کو آنے سے جلے داغ جگر — آتش گل بھڑک اوٹھی نفس اژدر سے

آبرو والوں کے دل چھید لئے پلکوں نے پر — آپ نے موتیوں کو بیدہ دیا نشتر سے

کر دیا خاک ہمیں نالۂ آتش زا نے — نکلے گا جیتے ہی ققنس میرے خاکستر سے

تیغ قاتل سے گل زخم کھلے سینہ میں — لائے ہم پھولوں کی ڈالی چمن جوہر سے

تیری مسند کا تصور رہے میری آنکھوں میں — صف مژگاں نہیں کم بادلے کی جھالر سے

تری مستی کی دہڑی کا ہے زنخدان پہ عکس — بھر گیا چاہ ذقن شربت نیلوفر سے

عرق رنگ طلائی ہیں گٹھو رہے رنگ کے — پان انگیا کا بھی دہو کی آب زر سے

جام خورشید عطا کر کے پلا نورانی — خم گردوں کو بھرا یار نے اک ساغر سے

فتنۂ حشر سے سبقت کا ارادہ نہ کرو — کیا غضب کرتی ہو آگے نہ بڑھو محشر سے

شاد و آباد ہوں نواب نصیر الدولہ
بھر دیا دامن امید زر و گوہر سے

غیر آنکھیں نہ دکھائیں سحر و شام مجھے — نہیں درکار یہ پھوڑے بادام مجھے

نزع کے بعد فنا تا کبھی آرام مجھے — مردوں کو ہاتھ وہ بھجواتی ہیں پیغام مجھے

مئے گلرنگ پلا کعبہ میں ایسا ساقی شوخ — ساغر ناف نہیں دی عوض جام مجھے

تیری فرقت میں جو نیرنگ بہار گردوں — شکل خون جبینی ہے شفق شام مجھے

فرقت یار میں کیا حیرت سی کی آنکھیں دیکھوں — پھوٹی کوڑی نظر آتی ہیں یہ بادام مجھے

کعبہ کو جاوں اگر چھوڑ کے گھر چیرا اوس کا — یا الٰہی ہو کفن جامۂ احرام مجھے

عکس آئینہ گردوں میں ہے کس گل رو کا — اطلس چرخ نظر آتی ہے ہو لا م مجھے

منہ لگا کر قدح بادہ دیا کرتے ہو / کب تک ایجان لے بوسہ بہ پیغام مجھے
بال الجھیں نہ کہیں گالیوں کے بچھو ہیں / چوٹی گندھوا کو دیا کیجئے دشنام مجھے
دوسی نقاش کی ہیں زیر نگیں سب مہریں / ہر نگینہ میں ملا ایک وہی نام مجھے
کمر یار کی الفت میں ہوا ہوں معدوم / ڈھونڈ کر بھی نہیں پانے کا مرا نام مجھے
نقطۂ خال کی الفت میں ہوا سرگردان / دور پرکار رہوی گردش ایام مجھے
نام رکھنے ہی سے بدنام میں ہو جاونگا / راس آتا نہیں ای جان جہان نام مجھے
یہ نئی رسم نکالی ہے حنا اخیر کرے / عوض بوسہ دیا کرتے ہیں الزام مجھے
مثل گل پانچوں کی باغ میں کلیاں کھلیں / طرز گلگشت دکھا ہی جو وہ گلفام مجھے
ای پری قدر بڑھی عرش کی تارہ توڑوں / بوسہ لینے کو جو ہاتھ آئے لب بام مجھے
بے نقاب سکہ ہی اسباب نشاط ای ساقی / ساغر بادہ ہے خورشید لب بام مجھے
تپ ہجراں کی حرارت کی نئی گرمی سے / ہوئی تبخالہ لب گنبد حمام مجھے
شجر قد میں ہو پھولنے کی چڑھی کا عالم / پھول مارے جو چمن میں وہ گل اندام مجھے
بوسۂ سیب ذقن میٹھی ادا سے بخشا / یار نے آج مربّی کا دیا آم مجھے
آفت جان ہیں وہ نوخیز انار پستاں / ہاتھ ملوائیں گے کب تک ثمر خام مجھے
جھاڑ کانٹوں کے ہیں اور آبلوں کی فانوسیں / شیشۂ آلات کا منظور رہے نیلام مجھے
بادہ خواروں میں ہے ابھی طفل دبستاں ہوں ہنوز / مکتب دہر میں پڑھنا ہے خط جام مجھے
طیش زن رنج اسیری ہے بہت ای صیاد / صدمہ سے خانۂ زنبور رہے گا دام مجھے

ہوں جدا رشک سے استاد کی خدمت سے منیر
فرخ آباد میں کیوں کر ملے آرام مجھے

پرہیز فقیروں سے سزاوار نہیں ہے / کملی مری کچھ سایۂ ہمیار نہیں ہے
چڑھتی ہیں بھویں ہونٹوں کا جب لیتی ہیں بوسہ / میٹھی چھری ہے آپ کی تلوار نہیں ہے

کیا سینہ پہ داغ کو مرہم سے علاقہ ‏/ شایان چمن سبزۂ زنگار نہیں ہے

کچھ زہر نہیں شیشۂ مے منہ سے لگانا ‏/ یہ پنبۂ مینا ہے کف مار نہیں ہے

نباض رگ جان ہیں لگاوٹ کی نگاہیں ‏/ مژدہ ہے جو ان آنکھوں کا بیمار نہیں ہے

دل باتوں سے ہٹتا تو کیا مست نہ دکھایا ‏/ تیر یہ میں بھی شربت دیدار نہیں ہے

حسن نمکین کا لب پر زخم ہے مدارج ‏/ ایسا کوئی قاتل کا نمکخوار نہیں ہے

رلواتے ہیں الفت سے اشارے نہیں کرتے ‏/ برسات ہی پر تیروں کی بوچھار نہیں ہے

کیوں بوسۂ اغیار کا ہے داغ لگا ہے ‏/ چھوٹا ابھی تک لعل شکربار نہیں ہے

ایسا ہی بناوٹ کی نگاہوں میں دل زار ‏/ فرماتے ہیں یہ آئینۂ دلدار نہیں ہے

ہے شور زمانہ میں عبث اوس کی ہنسی کا ‏/ کھاری نمک خندۂ دلدار نہیں ہے

دیوانی نظر آتے ہیں مجروح اسی سے ‏/ ابرو ہی پری ہے تری تلوار نہیں ہے

تصویر جو مانگی عوض دل تو وہ بولے ‏/ ہدیہ کے لیے مصحف رخسار نہیں ہے

پوشاک مسالے کی ہے حسن نمکیں سے ‏/ کس طرح ترا وصل خریدار نہیں ہے

کیوں خواب میں آتی نہیں پھر رات اندھیری ‏/ ایسی میں مرا بخت بھی بیدار نہیں ہے

موزوں کیے یہ شعر منیر ایک پہر میں
تقصیر مری فکر کی زنہار نہیں ہے

کیوں سیکھے ورد زباں تعریف ابرو ہو گئی ‏/ تیری بسم اللہ کیا ای طفل گلرو ہو گئی

بے ثبات اسد ر جنبش چشم گلرو ہو گئی ‏/ ناوک کاغذ کی نظر میں چشم آہو ہو گئی

پوچھتے کیوں ہیں نجومی اون ہمو و نظار و حال ‏/ ماہ نو کی چیستاں کیا بیت ابرو ہو گئی

قیس کو ہمنام ہونے سے ملا وحشت کا پھل ‏/ بید مجنوں کی چھڑی بھی شاخ آہو ہو گئی

ترک عصیان سے ثواب حج کعبہ لگیا ‏/ باب توبہ سے عیاں محراب ابرو ہو گئی

دستگیری کر رہی ہے تیری آج کل ‏/ خود بخود میری چھڑی کی شام گیسو ہو گئی

عاشقوں کو مارتے ہیں تیر فراشِ انداز لول
دستہ ترکش تمہارے گھر کی جھاڑو ہو گئی

لیٹتے ہیں جتنی بھویں چشم اں ترمیں رانڈ دل
دیکھ قد و بحر یں تیری بیت ابرو ہو گئی

توڑتے ہو روز تم تلواریں ہم مرتے نہیں
سخت جانی اے صنم سنگ ترازو ہو گئی

قد کی موزونی و شالہ سے زیادہ بڑھ گئی
اے پری یہ چار پلوں کی ترازو ہو گئی

ملتے ہیں دست تاسف ہم بھووں کے عشق میں
ہر ہتیلی نقشِ بسم اللہ ابرو ہو گئی

زخم کھاتے ہی بڑھی پیاس آب تیغ یار کی
میری مشت استخواں کھل کھل کے جلو ہو گئی

سنبل گیسو چمن میں کیوں دکھایا آپ نے
کنگھی کی ہر شاخ شرما کر لجالو ہو گئی

موج دود آہ سوزاں سے معطر ہے دماغ
اس دھوئیں کی لٹ میں زلف یار کی بو ہو گئی

آبداری پائی نطق رشک کی باعث منیر
ہار سچے موتیوں کا نظم اردو ہو گئے

جلسوں میں گذرنے لگی پھر رات تمہاری
اس بھیڑ میں جاتی نہ رہے بات تمہاری

ہے جلوہ گہ دیر و حرم ذات تمہاری
ٹھہری ہے دو محلہ میں ملاقات تمہاری

جلوہ صفت شمع ہے گردن سے کمر تک
کس نور کے سانچے میں ڈھلی گات تمہاری

کھولے ہوئے گیسو نہ دکھا مجھ کو صورت
مہمان مرے گھر نہ ہوئی رات تمہاری

بچتی بہت کھیلتے ہو بچھ سے ایچال
کوڑی کی نہ ہو جائے کہیں بات تمہاری

آنکھوں میں نہیں سلسلۂ اشک شب و روز
تسبیح پڑھا کرتے ہیں ذرات تمہاری

کٹوا کے مرے دست تمنا کو وہ بولے
دو ہاتھ گھٹی آج ملاقات تمہاری

فرماتے ہیں ہنس ہنس کے مجھے دیکھ کے گریاں
کر ڈوبے گی آخر تمہیں برسات تمہاری

مستی جو لگا کر مجھے باتوں میں اڑاؤ
اڑ جائے دھواں بن کے خیالات تمہاری

پامال کی آنکھوں میں بساکے مجکو نہ کرنا
ڈرتا ہوں کہ ہلکی نہ پڑے بات تمہاری

کہتے ہیں تغافل سے مجھے زہر کھلا کر
ان روزوں بہت تلخ ہے اوقات تمہاری

جو کچھ کہو برعکس کوئی کہہ نہیں سکتا
کیا تاب ہے اوسلٹے جو کوئی بات تمہاری

کہتا ہوں کہ بوسہ بھی ملا جان بھی پائی
وعدہ مکر و خیر عنایات تمہاری

آنکھوں میں ہی سینہ میں ہی دل میں ہی تمہیو
کس پردہ میں پوشیدہ نہیں ذات تمہاری

حوروں میں ہوا کرتی ہیں تقریر کی نقلیں
ڈر ہے نہ بگڑ جائے کہیں بات تمہاری

پہنا کے کفن خاک کے پردے میں چھپایا
ڈھیر ہو وے خلعت یہ عنایات تمہاری

ہونٹوں سے جو پھر جاتی ہے منہ کیطرف پیچان
کیا نشہ میں بہکی ہوئی ہے بات تمہاری

کی قطع عبث زلف نہ تھا کوئی گرفتار
تنہا ہے بے لطف کٹی رات تمہاری

بدگو ہو یہ افسانہ رہے اہل جہاں میں
قصہ ہو بگڑ جائے اگر بات تمہاری

زخم ایک کٹاری کا عنایت نہیں ہوتا
کوڑی کوئی ملتی نہیں خیرات تمہاری

الجھا ہے مگر زلف میں تقریر کا پھا
سلجھی ہوئی ہمنے نہ سنی بات تمہاری

اللہ ری صفا منہ نظر آتا ہے بدن میں
آئینہ ہے ایجاد کرامات تمہاری

فرمائشوں کا بوجھ رقیبوں سے نہ اٹھا
صد شکر کہ ہلکی نہ ہوئی بات تمہاری

شیریں سے ہو دل کہیں فرہاد کا کھٹا
ڈرتا ہوں کہ شیریں ہے بہت بات تمہاری

کیا شعر مزیدار منیر آج پڑھے ہیں
ہر بات میں اعجاز ہے کیا بات تمہاری

فوج مژگاں کا کچھ ارادہ ہے
زلف پیچاں نے لام باندھا ہے

لب رنگیں کو کسنے چوسا ہے
دیکھو تو یہ عقیق جھوٹا ہے

کون آیا چڑھی سواری سے
نئے سواری کا کس کی ٹھہرا ہے

دانت کھٹے ہوئے اناروں کے
اُن کا سیب ذقن یہ میٹھا ہے

بوسۂ لب دیا جو بگڑے غنچہ
ہوش میں تمنے فتنہ ڈالا ہے

کاٹتے ہو ہمارے نام کے حرف
خوب شوشا ہے زور فقرا ہے

وصفِ قد کے وہ چند ہیں مضمون / کوئی مصرع نہیں ہے دوسرا ہے
واہنت کنگھی کا ہے نقش مجھہ پہ / مار گیسو جو کاٹے کہاتا ہے
خوب ہے وصل عاشق و معشوق / یہ بھی جوڑ یکا ایک لسنجا ہے
زخم دل پر نمک چھڑک دو / ذائقہ میری منہ کا پھیکا ہے
غیر کے گھر بجا رہے ہو ستار / تمنے در پر وہ ٹھاٹ بدلا ہے
کوئی تازہ کنواں جھکائیں گے / اندنوں اختلاط گہرا ہے
چیتکی انگیا میں تم نہ ٹکو او / گورے سینہ میں ٹہیل پڑتا ہے
بوسہ ہونٹوں کا لے گیا کس کو / دل میں کچھ آج درد میٹھا ہے
چین سے ہیں فقیر بعد فنا / قبر کو بھی سرہانے تکیا ہے

اے منیر آپ کیوں ہیں آزردہ
یہ تو کہئے مزاج کیسا ہے

کیا کوئی میکدہ میں چشم پر آب آتا ہے / آج کشتی میں جو مینائے شراب آتا ہے
بس کہ ہے پیش نظر پست و بلند عالم / ٹھوکریں کہا کو مری آنکھوں میں خواب آتا ہے
کثرت عیش ہو کیا ملک عدم میں یارب / رقص کرتا یم دنیا میں حباب آتا ہے
کوئی ہمسر نہیں دریائے فنا میں میرا / سب سے دستار بدلنے کو حباب آتا ہے
باغ عالم میں بہار آئی نمود خط سے / بن کے نوروز ترا عہد شباب آتا ہے
سارے گل آب ہوئے شرم سے تیرے آگے / چمن دہر میں طوفان گلاب آتا ہے
مجکو وحشت ہوئی آغاز جوانی میں شروع / نجد میں ہو کر گذر عہد شباب آتا ہے
جب سے دنیا میں برستا ہے مرا ہر قطرہ / کمل اوڑھے ہوئے ایک ایک سحاب آتا ہے
غافلو رتبہ ایام جوانی سمجھو / پندرہ سال کی رستہ سے شباب آتا ہے

آئینہ خواب میں ہے پیش نظر روز منیر

میرے نامہ کا اگر صاف جواب آتا ہے

دور سے بھی کبھی ملنے کے اشارے نہوئے
دعوے نور مین خورشید سے پیچھے نکلے
سیکھے لپٹو رہے کی غیر کی جانب داری
سامنے میرے ہوئہ کی نظر سے تیر اندازی
دل برباد مین آئی نہین افشاں کی یاد
نہ کیا وصل کا اقرار کبھی بہولے سے
کس کی مل دل سے رہا کرتی ہین شرم سکے
بہولے سے پھانس نکالی نہ ہمارے دل کی
ٹھوکروں سے مجھے پامال کیا نہ خنجر

ہم کہین کے نہ رہے تم جو ہمارے نہ ہوے
کبھی چھوٹے تری انگیا کی ستارے نہ ہوے
مثل دریا کبھی تم ایک کنارے نہ ہوے
تیغ ابرو کبھی ابرو کی اشارے تو نہ ہوے
جمع اس برج ہوائی مین ستارے نہ ہوے
ہم تو کہنے کبھی ممنون تمہارے نہ ہوے
تری انگیا کی کبھی پان کرارے نہ ہوے
ایک ساتھ کبھی شمشیر تمہارے نہ ہوے
ناچ مین ابرو پر چشم کو اشارے نہ ہوے

جان و دل کھو دے محبوبوں کی الفت مین منیر
کس کے ہونگے جو یہ بے رحم تمہارے نہ ہوے

آ جلد کہ زیست کوئی دم ہے
خوش چشم اتنا تو اے صنم ہے
چھٹتا نہین ہجر خطوں کا لکھنا
ساقی کلے دانت میرے دل پر
دونی ہین پیچ راستی سے
دم تم کو نہ دین گے زیر خنجر
جی تو جی ہم نہ چھوڑے
جان آگئی پتلیوں مین دیکھو
تم گانی ہو بجاتے ہیں غیر

جانی تری جان کی قسم ہے
سایہ بھی آہوے حرم ہے
انگشت شمشیر بیان قلم ہے
الماس تراش جام جم ہے
قد راست ہے گیسوؤں مین خم ہے
یہ جان لو زیست ایک دم ہے
دل سوز الیا د فور غم سے
آنکھوں مین روح انتظم ہے
ہر تال ہماری حق مین سم ہے

کوچے کٹ جائیں تو پہنچ جاؤں
باقی رہ عشق دو قدم ہے

جب بڑھ گئی عمر گھٹ گئی زیست
جو حد سے زیادہ ہو وہ کم ہے

کہتے ہیں دکھا کے جادوئے تیغ
نزدیک اس سے رہ عدم ہے

یعنی جھک کر لیں اجل سے
بوڑھوں کی کمر اسی سے خم ہے

دیتے ہو عدو کو چکنی ڈلیاں
ہم سے رو کے ہو کیا ستم ہے

منہ تم کو نہیں لگاتے اب ہم
بوسہ لینے کی بھی قسم ہے

اللہ ری اون کی بدگمانی
مرتا ہوں تو کہتے ہیں کہ دم ہے

صاحب دیتے ہیں کیوں زر داغ
بندہ تو غلام بے درم ہے

اوس بت نے جگر کیا ہے پانی
دریا میں جائے کوہ غم ہے

غم کھانے کا ہے اثر نرالا
سمجھے جسے فربہی ورم ہے

فانوس نہیں شب الم میں
ہر شمع کے جسم پر ورم ہے

کیا جانیں منیر شاعری ہم
استاد شفیق کا کرم ہے

کربلا کے جانے کا ساماں اگر یارب سے بنے
حرز خاک شفا ہر عقدۂ مطلب سے بنے

چپکے چپکے ہونٹوں کو بوسہ کا کوئی ڈھب بنے
مہر خاموشی کا نگ تیرے عقیق لب سے بنے

اژدہا سے زلف کا غم زہر بار ایسا کیا
پھانس جو دل میں لگی ہو وہ دم عقرب بنے

بادۂ انگور کا کب ہے علاج درد سر
جب زیادہ ہو بخارے یہ نسخا تب بنے

عشق مژگاں میں نکالوں پار نکلا کانٹا اگر
سوزن عیسیٰ ہی کچھ ہو کر دم عقرب بنے

سیکڑوں ہونے لگے رنگ حلاوت پہ شہید
خون شیریں ہی اگر تیرے عقیق لب سے بنے

تری انگیا کے ستاروں کی حضوری رشک ماہ
داغ چیچک روئے زہرہ کے لئے کوکب بنے

کیا غضب ہو آتش صہبا سے قسمت میں جلوں
دانہ یاقوت میری بخت کا کوکب بنے

ہو نہ اگر غصہ میں تو کاٹے کمال حسن کو | جوہر ذاتی ترش کر صاف لعل لب بنے
ہیں تو کیا میری شکیبائی نہ مکرر دی عبیر | چشم حیا و صبر یارب دیدۂ عقرب بنے
لعف مشکیں کرادیجئے پر جو پیسیں دانت پ | سو وہ الماس دندان عنبر اشہب بنے
فقر میں اندھیر کردے کاسۂ دل کی شکست | سو وہ چینی کر میری خاطر گلیم شب سے بنے
آپ پٹوں میں جو چھپا ہے رقیب اب اٹھو | کاسہ ہولی کا روزن خانۂ عقرب سے بنے
سحر کی باتیں وہ گل کرتا ہے کہدے اے نسیم | مشت غنچہ مونہہ جادو کی چپ ہی آپ سے بنے
راہ پستی کی فلاک کو دوریں چلنی پڑی | کیا تعجب ہے اگر گاؤ زمیں مرکب سے بنے
ہم سبق تصویر حیرت بن گئے تیرے حضور | کیا عجب ہے آئینہ خانہ اگر مکتب سے بنے
فقر ساماں سیلاب حوادث سے بچا | کشتی درویش بحر عشق میں مرکب سے بنے
تم جو گیسو کھولدو شادی ہو بر آئے مراد | رات کو دولہا ہمارا شاہد مطلب سے بنے
ہم وہ مجنوں ہیں چلیں احکام وحشت پر اگر | مانگ لیلیٰ کی ہمارا جادۂ مذہب سے بنے
وہ کھلاتے ہیں اگال اسواسطے تا جیت یوں | پوٹلی سیندور کی ہر عقدۂ مطلب سے بنے
ان حسینوں کی صفائی ہے فقط خواب و خیال | دھوکہ کی ٹٹی کے آئینہ پہ جیسے سب سے بنے
مست عشق دہن ہیں اوس بیجا نطق کو | سوزن عیسیٰ کا تاگا تشنگی مشرب سے بنے
اٹھوں سے چھیڑوں اگر حیلہ نزاکت کر دو | گدگدی انگشت [illegible] ہو الیا ذہب بنے
ابرو میں حق تمہارا سچی ہے اے خضر | نبات جیسی کپڑے میں چھانیں صافی شربت بنے
چاند کی صورت نکل کر جام جب جلوہ کرے | خم شراب ارغوانی کا چہ نخشب سے بنے
اے مہر عشق رنجداں کر اثر سے کیا عجب | جو کنواں مجکو جھکائے تو چہ نخشب بنے
شرح ہونٹھ لگا رنجدا شیرا گرے پر تو پڑے | شربت عناب لب آب چہ غبغب سے بنے
کان کو زیور کا مینا اور کو چمکا رات کو | بالی کی مچھلی کے چھلکے اے قمر کوکب سے بنے
تم جو بیدل کی پڑھو انشا تو دل کی قدر ہو | چاکر عنصر سے ہمارا شاہد مطلب سے بنے

ظرف عالی ساقی کوثر اگر بخشے ہمین
دورہ گردون ہماری وسعت مشرب بنے

عقدۂ مشکل نیا پڑنے لگا ہے ہر برس
کیا عجب تار نفس میری بلا کا نہہ مسرب بنے

نور کا گاتا جو تو گاہی طلسم تازہ ہو
شعلۂ آوارہ مطرب شخنشب بنے

یہ زمین اے چرخ ہے ایجاد ذوق دہلوی
کیون نہ ہر نقطہ غزل مین غیرت کوکب بنے

دل جو ٹوٹی تیرہ روزی سے پریشانی بڑھے
بال اس شیشہ کا بڑھتے بڑھتے زلف شب بنے

رند مذہب دیکھکر کہتے ہین مجھکو سب بشیر
اس کا غم کیا نا عبث ہی ایسی بگڑی ہی بنے

نور افشان اسقدر رگ وسواری ہو گئی
سم نے گھوڑی کو بڑی دی کستاری ہو گئی

کاٹ پلکون کا ہماری خاکساری سے بڑہا
یہ وہ تیغی ہے کہ جس سے تیز آری ہو گئی

تیرہ عالم سے ہوا کہاتی ہین روشن ضمیر
شمع کو زیبندہ آگ کی سواری ہو گئی

کوئی تر دامن چمن کی سیر کو آیا نہین
خود بخود مرطوب کیون فصل بہاری ہو گئی

پھول کر زلفین جو کی تقسیم ساقی نے شراب
کشتی مے سنبل گیسو کی کیاری ہو گئی

آبروی باغ تر ہنسائی تیرے گالون کی ہوئی
خوبروی ہنیہ ابر بہاری ہو گئی

بیٹھے تو خونخوار رن گویا مال ہم کر تری ہو
شیر قالین پر یہان مشق سواری ہو گئی

ناتوانی مین جو تڑپا رنگ گریہ جم گیا
چڑھ گئی جو رنگ رگ ابر بہاری ہو گئی

صحبت باد صبا سے بڑھ گئی آوارگی
کوچہ گرد اس شوخ کی خاکسواری ہو گئی

جب کیا بلبل نے تیری گلشن عارض کا وصف
طفل غنچہ کو گلستان حفظ ساری ہو گئی

تاکین دست حنائی سے ملایا جب مجھے
رنگ ماہی منہدی کی ہتھیلی تمہاری ہو گئی

دیری پکر چراغ زندگی گل ہو گیا
تیری دامن کی ہوا باد بہاری ہو گئی

سخت جانی ہو گئی نازک مزاجی کو منظر
شیشۂ دل پس گیا جب زیست بہاری ہو گئی

تا عشق سے ضعف عارض چلی جاتی نہین
منعت سے قرآن کی ہزاری بہاری ہو گئی

قتل کو وعدہ خلافی سے بلع کھل گیا
آپ کی تلوار بھی جوٹھی کٹاری ہو گئی

بوجہ سے کوہ شب فرقت کی دیکر مر گیا
گر پڑی چھت مجھپر ایسی رات بھاری ہو گئی

دورہ کی تو نے جب رخسار پر ڈالی نقاب
جدول قرآن رخ ایک ایک دہاری ہو گئی

ہو گئے لاکھوں تمہاری پائجامہ پر شہید
خون مین گلبدن کی ہر کٹاری ہو گئی

جب خواصی مین رقیب نیش زن کو دی جگہ
برج عقرب ای قمر تیری عماری ہو گئی

فقر کامل خاک مین تیری کدورت سی ملا
کر گری آرزو ن اپنی خاکساری ہو گئی

دیکھی سب رشاک کو اک بمنہ اپنی بو دیا
ایک لحظہ مین تمام اختر شماری ہو گئی

منہ دہو یا آپ نے تر ہو گئین پلکین تمام
نشتر مژگان کی دو ونی آبداری ہو گئی

آبروئے اشک کہوی ہمنے رو کر ہجر مین
دیکھنا پانی سی پتلی اشکباری ہو گئی

زلف کی افشان کا آئینہ کر لیا ہمنے حساب
اس شب گیسو کی بھی اختر شماری ہو گئی

ضعف سی جوش جوانی مین ٹرہی دل کی طپش
رعشہ پیری ہماری بیقراری ہو گئی

مسکرانا آبروئے گلشن خوبی ہوا
تیر شمشیر تبسم نہر جاری ہو گئی

تم جو بو چہ پر سوار آئے چمن کی سیر کو
نو عروس حجلۂ گل پر کہاری ہو گئی

رشک سی استاد کی فیض تلمذ سی منیر
فکر صائب مدح کی لایق ہماری ہو گئی

میری پیشانی کو ٹھکرائی اگر تو پاؤن سی
پر نہ چہوٹے ناخن محراب ابرو پاؤن سی

سینہ پر داغ مین چٹکی جو لی تو پاؤن سے
خوب اس کمخواب پر ہو جائی اتو پاؤن سے

ہم حسینون کی بھوون پر رکھتے ہین پانی نگاہ
روندتی ہین سبزۂ شمشیر ابرو پاؤن سے

بال اڑی ہی تاک بڑھائی زلف مشکین کی عبث
خاک مین ناحق ملا یا مشک گیسو پاؤن سے

ناخن پا سے میرا زخم گلو چھلا سے ئیے
گردن عاشق کی شہہ پر ہوا تو پاؤن سے

آج پہنا ہے مجھے سہندی کی جو پر دہ نکالہو
دیکھو رنگ حنا دو چار چلو پاؤن سے

زلف میں موتی پرو کر تا قدم چھوڑ دے — ٹوٹ جائیں بیضۂ افعی گیسو پاؤں سے

پاؤں کی ٹھوکر سے مخمل طور جیب مہر چھپا گیا — بول اٹھے ہنس کے چھوا ہم نے لجا لو پاؤں سے

صاف کہدے مجھے اے شمشاد لپٹا ہے کیا — دو دو شمع ساق پا زنجیر گیسو پاؤں سے

تم چل بیٹھو پرستش ای صنم میزان کی ہو — بت نئے چھو لو اگر سنگ ترازو پاؤں سے

سنبل سودائی مجنوں سبز ہو جائے ابھی — مجکو ٹھکرائے اگر لیلائے گیسو پاؤں سے

دل کا دکھنا تھا کیا اونکو جو آ پہونچے قدم — کھو دیا یکدست سیر اور دو پہلو پاؤں سے

پہلیوں میں شور محشر کا نمک پیوستہ ہے — چھو لئے رفتار میں کیا سیر بازو پاؤں سے

زلف ایڑی تک لٹکتی رہتی ہے رفتار میں — سیکھتا ہے چال کیا ہندو گیسو پاؤں سے

سر کو رکھکر وصل میں لپٹا جو وہ سرو روان — قد آدم بڑھ گیا رتبہ میں زانو پاؤں سے

سحر کی رفتار کا سکہ بٹھا دو چرخ پر — کھود و لوح قمر پہ نقش جادو پاؤں سے

کب خلش کھوئے کسی کی سوزن تدبیر غیر — نیش سے کیون کر نکالی پھانس بچھو پاؤں سے

قلقل مینا صدائے پا سے گویا بند ہے — کھو دیا نبض عنب کا توڑ لی اسکو پاؤں سے

کفش پا میں جان پڑتی ہے دم رفتار یار — ہر ستارہ اڑ رہا ہے بن کے جگنو پاؤں سے

میرے آنے سے ہوا پر لو صحرائے جنون — ہو گئی روشن چراغ چشم آہو پاؤں سے

ای پری کاغذ حنائی ہو بیاض چشم کا — وصل میں آنکھیں جو ملتے ہو تجھے تو پاؤں سے

زینت اپنی سمجھے ہیں پامالئے اہل خرد — ملتے ہیں جا کے حنا خون ارسطو پاؤں سے

بیٹھی ہوئی جب کنارہ وصال ہو فرس — بوسہ لینے میں چپکتے ہیں لب جو پاؤں سے

پاے بوسی کی بہت مشتاق ہیں اطفال شاہ — پونچھے آنکھوں میں پھر کر میرے آنسو پاؤں سے

ہو خرامان گلشن تحریر میں وہ سرو قد — یار زنجیر گیسو لام لب جو پاؤں سے

وہ دل پر داغ کو تلوون سے ملتے ہیں منیر — آتی ہے عطر گل خورشید کی بو پاؤں سے

ره و رسم دیار عشق ای غافل چه می پرسی
درین جا سهل دشوار است از مشکل چه می پرسی

چه داند لذت آوارگیها قیس درمانده
جفای خار از آسوده منزل چه می پرسی

خبر نه بود از اهل حرص پابندان الفت را
تکاپوی صبا از سرو پا در گل چه می پرسی

چه آگاهی ز اسرار جنون قیس لیلی را
رموز وحشت ای دیوانه از عاقل چه می پرسی

سوای مشت خاکستر نیابی در مزار من
بگشت عمر برق افتاده از حاصل چه می پرسی

رگ برق تجلی گشت موج اضطراب من
دگر ذوق طپیدن از بسمل چه می پرسی

مبادا باز دار از شهادت مرگ این شاهی
دم کشتن مزاج عاشق بیدل چه می پرسی

فلک را کی پسند آید مکافات جفای تو
ز مسکن خون بهای عاشق بسمل چه می پرسی

غریق بحر عصیانی و جنت آرزو داری
هنوزت کار با طوفان است از ساحل چه می پرسی

ربودی سوختی بر باد دادی کار خود کردی
حسرت کرده دم دگر از من سراغ دل چه می پرسی

تکلف بر طرف حال منیر البته میدانی
تغافل تا کجا ای سعی بے حاصل چه می پرسی

ترچھی نظر سے دیکھتے تلوار چل گئی
زخم جگر کی راہ سے حسرت نکل گئی

مل دل سے وصل میں تری محرم نکل گئی
چٹکی سے اوپری بنت انگیا کی مل گئی

بلبل کو مست کرتی ہے خوشبو لباس کی
شاید نسیم عطر بہار آج مل گئی

کنگھی سے اتنی دیر میں سلجھائی ایک زلف
ائے جان آدھی رات بکھیڑے میں ڈھل گئی

مضمون تیری زرد حنا کا نہ بندھ سکا
مہندی کی مچھلی ہاتھ میں آکر نکل گئی

اتنا نہ کیجئے گل رخسار پر غرور
دو دن کی یہ بہار ہے آج آئی کل گئی

انداز تیری چال کے سیکھے جو رات کو
تیغ ہلال کبک پر اے ماہ چل گئی

سر سے ہمارے پھر گئی شمشیر برق دم
ای جان گر گرتے یہ بجلی سنبھل گئی

کیا صاف گال ہیں کہ نہ ٹھہرے نظر کہیں
بیساختہ نگاہ ہماری پھسل گئی

رنگ وفا اوڑا دل سخت رقیب سے / بوتل مین یہ شراب نہ ٹھہری اُبل گئی

کیون چشم مست ہو گئے جام شراب آج / کیا ہو گیا جو آنکھ تمہاری بدل گئی

مضمون کرم پہ میرے طعنہ نہ کر سکے / انگشت اعتراض حریفون کی چھل گئی

مٹی میری خراب ہوی راہ عشق مین + / برباد کر کے اون کی سواری نکل گئی

مجھ سے ہی پوچھتا ہے مرا نامہ بر پتا / ایسی فراق یار مین صورت بدل گئی

اے شوخ تیری دست درازی سے نشہ مین / گردون تک آفتاب کی پگڑی اُچھل گئی

دیکر مئے دو آتشہ اُس سے لپٹ گیا / دو آنچون مین رقیب کی کیا دال گل گئی

جنت سے بہرہ ور ہون ظفر گنج ای منیر
جو جو تھی آرزو مرے دل مین نکل گئی

ناطاقتی نہ پوچھئے اس ناتوان کی / مینا سے دل کو ٹھیس ہو جنبش زبان کی

ہیکل زمردی نہین اوس دہان پان کی / کہتے ہین لوگ بیل ہے انگیا کی پان کی

جدول بیاض صبح مین شنگرف کی کھنچی / سرخی گلے سے پھوٹ کے نکلی جو پان کی

یارب ہمارے کعبۂ دل کو بچائیو / بجلی پچھان کی سمت چمکتی ہے کان کی

اے مہر آنسو ہو گئے سقف فلک کے پار / شبنم سے چھت ٹپکنے لگی آسمان کی

بیمار عشق گوش ہیرا ہے گل مین طفل اشک / سینکین ہون جہاڑ کے لئے تیری کان کی

ابرو کا عشق ہے خط تقدیر مین رقم / ہر حرف مین کشش نظر آئی کمان کی

مذکور ضعف سے نہین ہوتا مرا کہین / چلتی نہین ہے بات بھی اس ناتوان کی

اندھیر دیکھنا شب تاریک ہجر کا / کانون کی راہ بھولی صدا پاسبان کی

آئینہ سے بھی صاف ہے فرش ای قمر ترا / پرچھائین چاندنی مین نظر آئی حبابکی

بالعکس بات انکو مجھے قتل کرتے ہو / سر پار اولٹی پڑتی ہو سیفی زبان کی

کھائین گلوریان جو سر قبر آپ نے / قلعی لحد پہ آج ہوئی خاصدان کی

روتے ہیں آکے عاشق طفلان گلفروش
کیوڑے سی چہڑکی جاتی ہی ہٹی دوکان کی

آب سخن بڑہا ہین گر اوس جیت سے بول کر
پتھر سے نوک تیز کرین گے زبان کی ✤

باتیں سنا کے کرتے ہین ہمیزون کو ہلاک
کوڑی کی ہو گئی ہی کٹاری زبان کی

محرم پہن کے اور بہی خونریز ہو گئے
تیغ ادا مین نوک ہے انگیا کے پان کی

چشم اُمید اہل بصیرت کو کس سے ہو
تیغ نگاہ کب ہوی محتاج سان کی

قینچی سے ہونٹھ چلتے ہیں محرم کی صفت مین
مقراض لب مین کہل ہی انگیا کے پان کی

دیکہو نگاہ تہر سے کہل جائے حال عشق
آنکھوں کی پتلیاں ہیں محک امتحان کی

گاٹے کی سلسلہ مین مقید کئے حسین
زہرہ کے حلق مین ہی کمند اوسکی تان کی

حیرت زدہ ہین خندۂ کبک نگاہ کا
رنگت ڈوپٹہ مین ہی مگر زعفران کی

دفتر کہینگے حشر کو ہم اپنے حال کا
مشق اس لئے بڑہا رہے ہیں داستان کی

نشہ مین دل لیا حلم آہ سے سدا
درکار تہی کباب کو پہلی نشان کی

پہلو کوئی سخن کا ٹہرتا نہیں کہیں ✤
اللہ ری صفا تری ایک ایک ران کی

ہیں وصف خط سبز کے شعرون کی ذیل مین
ہر سحر کی ترائی ہری کہیتی ہے دہان کی

ہردم پہسل کے تالو سے لگتی نہیں زبان
کیون کر صفا کہون تری ہر ایک ران کی

آن وادا انکا لیتے رہتے ہو ہر گہڑی
فرصت تمہیں کہان ہو ملے ایک آن کی

ہر شخص تیرے سامنے ماتہا رگڑ گیا
تقدیر ایک ہو گئی ساری جہان کی

ہے شور چار سمت سے طوفان نوح کا
تجہیر پال ٹپکی ہے ساری جہان کی

شیرین زبان منیر ہوی فیض رشک سے
شیرنی آج بانٹی اپنی بیان کی

شادی کرون عروس مضامین نور سے
نکلے برات کوچہ مین السطور سے

پہونچا وہاں ہیں جوش جنون کے وفور سے
بنتا جہان فلک نظر آتا ہی دور سے

سوتی کو وہ دکھاتی ہے بال اپنے کھول کر چوٹی لٹکتی ہے کمر کوہ طور سے

دامان خندہ جھاڑ رہا ہے غبار رنج بالا ہو لب سے ہنسی گرانی ہے دور سے

اے بت کرینگے تیغ سے دعوے محل حوریں نکالی جائیں گی اپنے قصور سے

جلوہ سے تیرے کعبۂ دل ہو بلند اگر نافت زمیں ہلے کمر کوہ طور سے

فردوس میں تو جلوہ دکھائے اگر کوئی نقش نہ نکلے آئینۂ روے حور سے

کشت فلک سے خاک ملے واشہر اد پامال ہو یہ کھیت مرور دہور سے

نشہ ہے عشق پاک کا اے حور وش ہمیں بدلیں گے ٹوپی جام شراب طہور سے

بے ہوش جوں گلوں کو ہی فصل بہار میں ہیں سرخ سرخ دانۂ شبنم شعور سے

میرے جنوں کی خوف سے تاروں کو چھپ گیا سایہ میں ڈھونڈھتا ہوں چراغ شعور سے

تا عرش ڈھونڈھ آئے ہیں ہر ذرہ میں تجھ ملتا نہیں مانع تمہارا غرور سے

کار جمال لے جو وہ گلگشت میں کچھ گھر ہو بہر دون رسن زلف حور سے

ایضاً

ہے مہر امامت رخ گلگون حسینؑ — ہے حبل متین زلف ہمایون حسینؑ
صورت بخشش کے دیکھتے ہین مومن — ہے سرخی مصحف کرم خون حسینؑ

ایضاً

بلوالو کربلا مین للہ مجھے — ملجا ہے وہان ہی خلد کی راہ سے مجھے
صدقہ روح رسول کا روضہ مین — تربت بہر کی جگہ یا شاہ سے مجھے

ایضاً

وہ باب چہارم کتاب رحمت — یہ نور ہے جس سے آفتاب رحمت
کی گشت نجات امت عاصی سے بنر — تھا گریۂ سجاد سحاب رحمت

ایضاً

ہمنام رسولؐ طیب و طاہر ہے — منکر جو ہے اُس جناب سے کافر ہے
ثابت ہے حدیث احمدی سے واہد — وہ باقر علم اول و آخر ہے

ایضاً

معشوق نبیؐ ہے اسکا جو عاشق ہے — بیشک وہ امام صامت و ناطق ہے
دل سے ہون غلام حضرت جعفر کا — کاذب ہے وہ جو منکر صادق ہے

ایضاً

اسرار لدنی کا وہی عالم ہے
ہر دوزخ و جنت کا وہی قاسم ہے
خورشید قیامت ہی ید بیضا بھی
نقش کف پا سے موسی کاظم ہے

ایضاً

ہر مصحف اعجاز کا باطن ہے وہی
مہر فلک ظاہر و باطن ہے وہی
واللہ منیر آٹھہ بہشتون کا ہسین
ضامن ہے وہی امام ضامن ہے وہی

ایضاً

روضہ اپنا دکھائیے یا مولا
اپنا خادم بنائیے یا مولا
روضہ کے فدا طوس کے صدقے ہو منیر
جلدی مجھکو بلائیے یا مولا

ایضاً

ہم شوکت و ہمشان محمدؐ ہے تقیؑ
آرام دل و جان محمدؐ ہے تقیؑ
ہے بلبل سدرہ فاختہ مثل منیر
شمشاد گلستان محمدؐ ہے تقیؑ

ایضاً

سب قدسیون کا نقی ہادی ہے امیر
خلقت مین سراپا ہے علی کی تصویر
وہ چند ہوے مہر امامت کی ضیا
پائے جو علی چار مین کی تنویر

ایضاً

جینے سے تنگ ہر برباد مین ہون
پابند کمند آہ و فریاد مین ہون
واللہ غلامون کے غلامونکا ہون ننگ
ہر چند کہ مین آپکی اولاد مین ہون

ایضاً

بے شبہ چراغ نور یزدان کے ہین
یہ لخت جگر صاحب قرآن کے ہین
ہمنام حسن اور امام برحق
سردار یہی عسکر ایمان کے ہین

ایضاً

زندہ ہین برنگ عیسیٰ چرخ نشین
اقبال سلیمان کا ہے زیر نگین
کیون حلقہ بیعت نہو گردن مین منیر
واللہ امام عصر ہین مہدی دین

ایضاً

معمور کرو عدل سے سب عالم کو
پڑھواؤ نماز عیسیٰ مریم کو
مصحف مین ہے یومنون بالغیب کے لفظ
سر غیب ہے جز ایمان ہمکو

ایضاً

مجبور ہے ہجوم لشکر غم مددے
مجموعہ زندگی ہے برہم مددے
دو داد منیر صاحب عصر ہو تم
یا مہدی دین امام عالم مددے

ایضاً

شبیر کیطرح اشجع و صفدر ہین
اخلاق حسن مین ثانی شبر ہین
سن فاطمہ کا شکل نبی نام علی
مجموعہ پنجتن علی اکبر ہین

ایضاً

ہے سیف خدا خطاب عباس علی
محراب حرم رکاب عباس علی
بیدست ہین پر مثل یداللہ منیر
کرتے ہین مدد جناب عباس علی

ایضاً

عبداللہ پاک مخزن عرفان ہین
اور آمنہ تاج تارک نسوان ہین
کیا رتبہ ہے والدین پیغمبر کا
دونون بحرین گوہر ایمان ہین

ایضاً

مطلوب جناب حق ابوطالب ہین
یعنی پدر ہر غالب ہر غالب ہین
پاک و طاہر ہین والدین حیدر
ایمان کی جان نور کے قالب ہین

ایضاً

بزم ایمان مین زینت مسند ہین — اعمام نبی مین اکرم و امجد ہین
اعلےٰ ہے وقار حضرت حمزہ کا — گو وہ اُحد فضائل بےحد ہین

ایضاً

دادا و پیغمبرؐ کے برادر ہین یہ — رتبہ مین ملائکہ سے بہتر ہین یہ
کیا مرتبہ جعفر طیارؓ کہون مین — بازوی بازوے پیغمبرؐ ہین یہ

ایضاً

فخر شہدا و فخر ابرار ہین یہ — اللہ و پیمبرؐ کے مددگار ہین یہ
کیون مالک اشتر نکر ہین نصرت حق — یعنی دست خدا کی تلوار ہین یہ

ایضاً

ہے خدمت فاطمہؑ مین جائے فضہ — کونین کی دولت ہے برائے فضہ
مین طالب سیم و زر ہون کسطرح منیر — اکسیر ہے مجھکو خاکپائے فضہ

ایضاً

چودہ معصوم خلق مین نامی ہین — واللہ وہ واسطے دارونا کامی ہین
کیا خوف ہو مزق و آبرو مجھکو — چودہ آقا غلام کے حامی ہین

ایضاً

لخت دل بضعہ پیمبرؐ ہو تم — مانند بتولؑ پاک و اطہر ہو تم
یا حضرت زینبؑ میری امداد کرو — حلال مہمات کی دختر ہو تم

ایضاً

گو صدمہ دوری سے بہت مضطر ہون — پر دل سے غلام و بندۂ بی‌زر ہون
مین کیا شہداے کربلا پر ہون نثار — اُن پر جو تصدق ہو فدا اُنپر ہون

ایضاً

کلکتہ کو ڈاک مین چلا ہون جو مین آہ — غیرون کے پاؤن سے ہوئی قطع یہ راہ
ہین تیز کہار پالکی مین ہون سوار — کیا خانہ بدوش مین چلا ہون اللہ

ایضاً

مضمون اگر راہ مین ہاتھ آتا ہے — خامہ چلنے مین ٹھوکرین کھاتا ہے
حال خط تقدیر کھلا آج منیر — اپنا لکھا پڑہا نہین جاتا ہے

ایضاً

عاشق ہے فقط نہین ہے جنجالونمین — ہر طائر دل پھنسا ہے ان جالونمین
باہر اس سلسلے سے ہر کون منیر — بوڑھے بھی ہین اس جوان کی بالونمین

ایضاً

پھوڑے نے سفر مین سخت گھبرایا ہے — کلکتہ کی راہ مین یہ دکھ پایا ہے
کیا درد کنار نے ستایا ہی منیر — یہ گرگ بغل راہ مین ہاتھ آیا ہے

ایضاً

جراح کے سامنے جو کھولا پھوڑا — میزان نظر مین اس نے تولا پھوڑا
پھوڑے کی جگہ بغل مین دیکھے جو منیر — سب کہنے لگے دل کا پھپولا پھوڑا

ایضاً

اپنے آقا کے ہر گھڑی یاد مین ہون — ہر وقت منیر آہ و فریاد مین ہون
اس شہر کے نام مین ہے تشدید بلا — آرے کے تلے مین فرخ آباد مین ہون

ایضاً

بے فائدہ رکھتا نہین سر ہاتھون کو — سر پہ جو ہے ہاتھ اسمین ہے لطف دگر
آقا کے سلام و نذر کی حسرت مین — رہتا ہون منیر سر بکف مست بسر

ایضاً

ہے ذکر علیؑ سے طور سینا منبر — افضال خدا کا ہے خزینا منبر
ذکر اللہ تک پہونچتا ہے منیر — گویا ہے عرش حق کا زینا منبر

قطعات تاریخ رحلت اکمل الفضلا حضرت والد ماجد طاب ثراہ

میرے والد ماجد سے ہے — جو کامل تھے علم دین میں
احمد اور حسین اسم آن کا — تھا مشہور افلاک و زمین مین
شکر و شاد تخلص دونون — کندہ تھے یہ نقش نگین مین
سید پاک فقیہ محدث — یکتا علم شرع مبین مین
منشی شاعر عابد زاہد — ایسا کون ہے اہل زمین مین
باغ جہان ویران ہوا اب — پہونچے وہ فردوس برین مین
کہتا ہون تاریخ منیر اب — گھر پایا ہے خلد برین مین

تاریخ رحلت مادر مصنف

مادر من آنکہ در یاد جناب فاطمہؑ — از درود وسبحہ ہرگز نگشتی قاصرہ
در طریق خدمت بنت نبی رفتی بچشم — خاک راہ فضہ اش بودی ضیای باصرہ
نوحہ کردی در عزاے بضعۂ خیر الوری — داغہاے ماتمش بودی بدور ساخرہ
رفت در جنت ازین وحشت سرا اغیار ہست — یافت از عفو الہی حلہ ہاے فاخرہ
مصرع سال وفاتش نظم کردم اے منیر — باد قائم در جوار بے تبول طاہرہ

تاریخ عقد مصنف دیوان

ہیری شادی منیر آج ہوئی — برکت ہو خوشی اب تک ہو
ہنیا شد زبرین ہے تاریخ — کہ شب عقد یہ مبارک ہو

تاریخ خلعت یافتن امیر کبیر نواب نظام الدولہ بہادر از نواب خرد محل صاحبہ

فزایندۂ قدر اہل کمال ۔۔۔ سخن آفرین و سخن دان پناہ
بہ بحر سخاوت گران مایہ دُر ۔۔۔ بہ برج شرف ہمچو خورشید و ماہ
گہر بخش و فیاض اشراف دست ۔۔۔ باقلیم اخلاق صاحب کلاہ
برآورد کام دل دوجہان ۔۔۔ شدہ دوست شادان و دشمن تباہ
رسول خدا ایش مددگار باد ۔۔۔ مدامش بصد عیش دارد اِلٰہ
چنین گفت تاریخ خلعت منیر ۔۔۔ ہمایون بود خلعت اوج و جاہ

۱۲۵۵ھ

تاریخ تولد فرزند بہشکوی حضور پرنور نواب نظام الدولہ بہادر

فرزند ماہرو دیا خالق نے ۔۔۔ نواب نے آج جشن فرمایا ہے
ملتے ہین زر و سیم و گہر سائل کو ۔۔۔ دنیا مین ابر فیض برسایا ہے
پرنور حضور کا ہے قصر امید ۔۔۔ ایسا فرزند مہ لقا پایا ہے
روشن ہے محل تمام اِس جلوے سے ۔۔۔ بہتر ہے نور سے جہان سایا ہے
لایا ہے یہ بحر نذر تاریخ منیر ۔۔۔ برج دولت مین آفتاب آیا ہے

ایضاً

کرون ہے فکر تاریخ تولد ۔۔۔ تعلّی پر ہے طبع عرش پیما
منیر الہام غیبی ہے یہ مصرع ۔۔۔ گلستان وزارت کا گل اچھا

۱۲۵۶ھ

ایضاً

صرے نواب فلک جاہ کی ہوا فرزند ۔۔۔ گوہر قلزم افضال خدا پایا آج

ہے بہت خوب تولد کی یہ تاریخ منیر — آیت رحمت معبود جہان آیا آج
۱۲۵۶ھ

ایضاً

حق نے دیا حضور کو فرزند دو سرا — یہ گوہر گرامی دریا سے جود سے ہے
تاریخ یہ منیر نے اِس مادہ کی کہی — نورجہان قدرت رب ودود سے ہے
۱۲۵۶ھ

تاریخ سواری نواب نظام الدولہ بہادر دز بجرہ

نواب نامدار جو بجرے میں ہیں سوار — مدحت سرا زبان ہے ہر شیخ و شاب کی
اب عرض کر جلوس کی تاریخ اے منیر — ہے آج برج حوت میں جا آفتاب کی
۱۲۵۶ھ

تاریخ رحلت فاضل جلیل اخ الاعظم جناب مولوی سید اولاد حسین طاب ثراہ

میرے بھائی متقی و فاضل اولاد حسین — واصل حق ہو گئے وہ صاحب ادراک ہائے
پیشوا ے عارفان و مقتدا ے زاہران — چھپ گیا وہ نور بار ے آج زیر خاک ہائے
قبلہ و کعبہ کے شاگرد اور دریا ے علوم — سید دیندار آل صاحب لولاک ہائے
منطق و علم کلام و ہم ریاضی و حدیث — سب میں تھے یکتا و کامل وہ جناب پاک ہائے
عازم جنت کو جو انی میں ہوے وہ نور حق — لکھنؤ جبکو ہوا صحرا ے وحشتناک ہائے
جسکے سر سے باغ عالم میں اُٹھے ایسا بزرگ — کیوں نہ ڈالے مثل صرصر اپنے سر پہ خاک ہائے
مصرع تاریخ رحلت میں پایا ے منیر — آج ڈوبا آفتاب علم و شرع پاک ہائے
۱۲۵۶

تاریخ

پیش نظر ہے سیر گلستان لکھنؤ — ہر ایک سمت نور کا جلوا ہے دیکھلو
جلسے مشاعروں کے ہیں یاروں کی صحبتیں — ہر ایک فن شعر میں یکتا ہے دیکھلو

پریون کی دید ہے سر بازار رات دن
ہر کوچہ مین طلسم کا میلا ہے دیکھلو

کھلی ہے یہی دوشالون کو پایا یہان نے لیل
کشمیر سے یہ شہر زیادہ ہے دیکھلو

کسطرح حال حشمت سلطان بیان ہو
بس قدرت خدا کا تماشا ہے دیکھلو

فیاض ہین تمام امیر اس دیار کے
گہر گہر مین رقص و عیش کا جلسا ہے دیکھلو

معراج فاضلون کو ہے عرش کمال پر
ہر ایک اپنے رتبہ مین اعلا ہے دیکھلو

اسلام کا عروج ہے ایمان کا فروغ
صوم و صلوٰۃ کا یہین چرچا ہے دیکھلو

درگاہین اور تعزیہ خانے ہین نور کے
یہ فیض شرم ناتمام ہوا ہے دیکھلو

اس شہر کو مین کیون نہ کہون جنت نعیم
اسکا نظیر ہند مین عنقا ہے دیکھلو

تاریخ میرے آنے کی ہاتف نے یون کہی
زندہ میں جنت میں پہونچا ہے دیکھلو

تاریخ

ظفر جنگ باقر علی خان اسیر
جگر بند دستور شاہ اودھ

انہون نے بلایا ہوسے کانپور
مکرر کیا لکھنو سے طلب

کہی مین نے تاریخ اسکی منیر
سرو آسمان علوم و عطا

فن و شعر طب مین نہایت رسا
کیا قرض ہمت سے میرا ادا

مرا نام اہل سخن مین لکھا
ادا قرض نواب نے اب کیا
۱۲۵۹

تاریخ جشن نوروز بسرکار نواب حشمت جنگ مرحوم رئیس فرخ آباد

میرے نواب کے گہر آج ہے نوروز کا جلسہ
فرخ اختر دولت خداوندا ابد تک ہو

بطرز بینات ایدل کہی تاریخ یون مین نے
الٰہی جشن کل رنگ مسعود و مبارک ہو
۱۲۵۹

تاریخ غسل صحت حضور مرحوم مغفور نواب رئیس فرخ آباد

بنواب من سلے شافی مطلق — بہار گلشن عشرت مبارک
ہمایون باد یارب عہد صحبت — شباب و طاقت و قوت مبارک
بقائے خضر و اقبال سکندر — بہر صورت بہر حالت مبارک
دعا ہائے منیر بے سر و پا — برائے صحت و شوکت مبارک
بگفتا مژدہ تاریخ ہاتف — دعائے جشن این صحت مبارک
۱۲۷۶

تاریخ

امیر عہد تجمل حسین خان نواب — خطاب جنکا ظفر جنگ نام ہی اعلا
زمانہ میں انہیں کہتے ہیں لوگ حشمت جنگ — مہ سپہر کرم فیض و حلم میں یکتا
انہوں نے شقہ مع صرف راہ بھیجا ہے — طلب کیا ہے کمال اشتیاق سے بلا
چلا ہوں لکھنؤ سے سوئے فرخ آباد آج — ہزاروں حسرتیں رنج و ملال ہیں صد ہا
چلا ہوں لکھنؤ سے ہے منیر یہ تاریخ — بہشت ہند سے افسوس ہائے میں نکلا
۱۲۶۰ھ

تاریخ تعمیر باغ نواب رئیس مرحوم فرخ آباد

چون بباغ خاص نواب رئیس — نہر صافی شد روان مانند نیل
آب پاکش آبروئے قدسیان — موج او تار نگاہ جبرئیل
وصف طول او اگر موزون کنم — بحر اشعارم بود بحر طویل
سال تعمیرش چو جستم اے منیر — شد سرورش عالم بالا کفیل
یافتم این مصرع تاریخ خضر — رشک جوئے شیر زیبا سلسبیل
۱۲۶۱ھ

ایضاً

حکم نواب ہمایون مرتبہ سے — ہو گیا سرسبز گلزار تمنا
خضر کی تاریخ تازہ میں نے پائی — آئے ہندوستان میں تسنیم زیبا
۱۲۶۱ھ

ایضاً

فیض نواب نصیر الدولہ سے — ہے بہار رنگ عشرت باغ مین
شش جہت تھا لا بنا ہر نخل کا — دیکھی ہے ایسی بھی وسعت باغ مین
جو گرا قطرہ دُرِ غلطان بنا — بڑھ گئی شبنم کی عزت باغ مین
مین بھی سمجھا اگر چھٹکا گلاب — جشن کی بجتی ہے نوبت باغ مین
آئینہ سے صاف ہین ہر برگ گل — دیکھتے پھرتے ہین صورت باغ مین
سیر کو آئے معطر ہو گئے — عطر مل دیتی ہے نکہت باغ مین
تخت مسند ہے سلیمان آپ ہین — رہتی ہے پریون کی صحبت باغ مین
نہر بنوائی ہے مثل سلسبیل — یا روان ہے بحر رحمت باغ مین
خضر سبزہ ہے تو نہر آب حیات — زندگی کی ہے لطافت باغ مین
عیسوی تاریخ کی بھی فکر کر — لگ گئی ہے اب طبیعت باغ مین
کہہ رہا ہے ہاتف غیب اے منیر — آئی تصویر پاک جنت باغ مین
۱۸۷۵ع

تاریخ عطیۂ انبہ از پیشگاہ نواب مرحوم مغفور رئیس فرخ آباد

عجائب آم نواب نصیر الدولہ نے بھیجے — پھلا نخل تمنا پیر و مرشد کی عنایت سے
خمیدہ قاش انکی صورت ابروئے شیرین ہے — حلاوت مین مشابہ ہے لب حوران جنت سے
مزہ مین شیرۂ جان زلیخا ان سے پھیکا ہے — سوا ہے انکا رس قند لب یوسف کے شربت سے
نگاہ اہل دانش مین ہے تاریخ قمر پھیکا — ترنج مہر ہے بی آب ان آمون کی رنگت سے
ہزا نور روز کا حاصل ہوا یہ آم جب پائے — اڑایا مین نے انکو سفینۂ شہباز ہمت سے
کرون مین کسطرح تحریر وصف انکی حلاوت کا — چپکتا ہے شگاف خامہ شیرینی کی کثرت سے
فرشتے بوسے مانگین خوب بر دیون کے زنحدان کے — اگر سیب ذقن کو دون مین نسبت اس حلاوت

مرے نواب کو خالق سلامت رکھے دنیا میں — توسل سارے عالم کو رہے وامان و دولت سے
فلک تابع رہے اقبال حاضر ہو کمر بستہ — نپائیں آپ فرصت ایکدم کی عیش و عشرت سے
خدا فرزند با اقبال بخشے میرے آقا کو — کرے فرمانروائی سارے عالم کی حکومت سے
منیر اس میوۂ نادرہ کی تاریخ اب مناسب ہے — ہزار یکسر ہو لے یہی میوہ گلزار جنت سے

۱۲۶۲ھ

تاریخ مکان دوستے کہ از نحوست نامش نتوان برد

چون بنا کرد قصر پاکیزہ — یکے از دوستان عالیشان
سال تاریخ او نوشت منیر — صاف در آباد قصر نور فشان

۱۲۶۲ھ

تاریخ مرگ نواب حشمت جنگ و مخاطب بہ ظفر جنگ رئیس فرخ آباد حشرہ اللہ مع ائمۃ الاطہار

جہان تیرہ ہوا شمع فرخ آباد آج — زغم یاس سے ہے خانۂ امید خراب
ستم ہوا ہے اہل کمال خاک بسر — برنگ برق ہیں اہل سخن کے دل بیتاب
اٹھا زمانے سے افسوس قدردان ایسا — نظیر جسکا ہے سارے جہان میں نایاب
سحاب فیض تجمل حسین خان مغفور اب — معین ہالک و ظفر جنگ تھا اسکا خطاب
امیر باذل دریا دل و محیط کمال — طبیب و شاعر و یوسف جمال عرش جناب
علوم ہر کا جیاو سے محیط موسیقی — نماز و روزہ کا پابند تھا میرا نواب
ہوے کے تھے ابھی چھبیس سال بھی پورے — ہزار حیف یہ موت اور ابتدائے شباب
پری کیساتھ کبھی سونا جو جانتا تھا ننگ — عروس مرگ سے ہی افسوس ہو گیا ہم خواب
ہزار حیف وہ ماہ کمال و ظلمت گور — ہزار حیف وہ جسم لطیف و فرش تراب
بحق پنجتن پاک بخشدے اسکو — لحد میں کھولدے یارب بہشت کا باب

منیر نے لکھی تاریخ اس شب غم کی — چھپا زمین میں ہاے آفتاب عالمتاب
۱۲۹۳ھ

تاریخ تعمیر کوٹھی بعہد نواب تفضل حسین خان بہادر بلدۂ جدید شہر فرخ آباد

کوٹھی بنوائی جو نواب فلک درگاہ نے — ہوگیا ہر کدہ میں عالم دل مسرور کا
قد آدم آئینہ پیوستہ ہیں دیوار سے — چاندنی کے بدلے بچھا ہے دوپٹا حور کا
ہے مرقع مانی و بہزاد کا گلگون چھتین — سقف میں ہر سو معلق جھاڑ ہے بلور کا
ہے بلند اسدرجہ یہ کوٹھی کہ اپنے ہاتھ سے — بارہا توڑا ہے خوشہ خلد کے انگور کا
اسکے ہر روزن سے پیوستہ ہے چرخ نیلگون — حلقہ خاتم میں فیروزہ ہے نیشاپور کا
گلشن فردوس اس کوٹھی کا پائین باغ ہے — پست تر تہہ خانہ سے ایوان ہے فغفور کا
صحن سے اسکے برابر چرخ اطلس کیون نہو — دیکھہ جاتے ہین فرشتے آکے عالم دور کا
حضرت موسیٰ تجلی دیکھنے کو آتے ہین — ہر طرف جنگلا لگا ہے چوب نخل طور کا
لالٹینین جنگلوں پر کرتی ہین نور افشانیان — رات کو چھپتا نہین ہے نقش پاے مور کا
نور سے نواب کے روشن ہے کوٹھی اسطرح — نور حق سے جسطرح معمور ہو دل حور کا
اتنی چیزونکی ہے تاریخ ایک مصرع مین منیر — نور کی کوٹھی ہمایون بام جنگلا نور کا
۱۲۹۳ھ

تاریخ طبع دواوین پیر و مرشد جناب اُستادی حضرت سید علی اوسط رشک دام ظلہ

چھپ دواوین جناب سیدی — قبلہ کونین اُستاد زمان
ہوگئی ظاہر سے لوح انطباع — آشکارا ہوگیا سر نہان
غیب سے مجکو دم فکر اے منیر — ہوگیا تاریخ کا مصرع عیان
ہے یہی تاریخ سال انطباع — چھپ گئے دیوان رشک شاعران
۱۲۹۳ھ

ایضاً

جناب قبلہ و کعبہ نے وہ دیوان چھپوائے — نظارہ گلشن فردوس کا جسکا نظارہ ہے

سفینہ ہے جو بحر دیوان دریاے کرامت کا — نہیں ہر حاشیہ بحر افادت کا کنارا ہے

مکرر سے ہے جو اشعار پر دست مزہ رکھنا — سپے تکمیل فن شعر واجب استخارا ہے

تجلی دیکھ لو ہر مطلع روشن ہے مشتاقو — یہ سب ہے ابروے معشوقان مضمون کا اشارا ہے

منیر معتقد نے عیسوی تاریخ موزوں کی — تصاویر معانی کا مرقع آشکارا ہے

۱۸۷۴ء

تاریخ ولادت فرزند عالم اکمل فاضل اجل جناب مولانا احمد حسن خان بہادر عروج دام مجدہ

قبلۂ فضل و کمال کعبۂ جاہ و حشم — جسکا سایہ باغ ہمت کو ہے طوبی کا درخت

مولوی احمد حسن خان تاجدار ملک علم — کشور شعر و سخن کیواسطے زیبا ہے تخت

خوشنویس و منشی و جرید رقم بحر فیض — صاحب ایثار و بذل و سرور مسعود بخت

محسن و ممدوح میرے قدردان اہل فضل — انکے فیضان سخن سے موم ہو ہر سنگ سخت

حق تعالی نے انہیں فرزند مہ پارا دیا — پاسے عمر خضر ہو اسکندر اقبال بخت

ہو وحید الدہر اپنے والد ماجد کیطرح — جامۂ عمر مسیحا ہو اسے ملبوس و رخت

عیسوی ہجری ہے تاریخ ایک مصرع میں منیر — مہر شہرستان عزت ہو مہ بیدار بخت

۱۲۸۴ ۱۸۶۸ء

تاریخ غسل صحت جناب عالیہ محل خاص نواب ذولفقار علی بہادر بحکم نواب مرحوم مذکور

غسل صحت کر چکیں جب بیگم والا جناب — ہو گیا فرط طرب سے سب یگانہ شادمان

دھو گئی گرد مرض آب شفای نام سے — شافی مطلق نے بخشا خلعت آرام جان

شاد ہیا نے جشن صحت کے بچے سرکار میں
خلق میں آب گہر کا ہر طرف طوفان تھا
غلغلہ ہے باغ عالم میں مبارکباد کا
مانگتے ہیں حق تعالیٰ سے دعائیں اہل شہر
تا شبستان جہان میں جلوہ گر ہوں مہر و ماہ
تا کہ بام آسمان پر ہو ستاروں کا چمن
تا خزان ہو دور و فصل بہاری کی حفظ
بوستان میں تا کہ ہو مسند نشین خاتون گل
زیب مشکوی جہان ہو ذات بیگم صاحبہ
صحت و طاقت زیادہ ہو عمر و اقبال و جاہ
ہر مرض سے تا ابد محفوظ رکھے کردگار
حضرت نواب سر پر ہوں سلامت تا ابد
میرے مرشد زادہ کو تخت سکندر ہو نصیب
غسل صحت کی کہوں تاریخ عمدہ حسب حکم
مصرع واحد میں بیٹھے دو ہری تاریخیں کہیں
تعمیہ سے تخرجہ کے داغ سے بھی پاک ہیں
عیسوی سال اور ہجری سن اسی مصرع میں ہیں

کر دیا نواب نے خیرات گنج شایگان
جیب ہوا سرکار کا ابر سخاوت زرفشان
تہنیت کے زمزمے کرتے ہیں مرغ بوستان
شکر کے سجدے میں ہیں مصروف مخلوق جہان
مہر و ماہ ایل ہوں جب تک شمع بام آسمان
تا ستاروں کے چمن سے دور ہو فصل خزان
تا کہ ہو فصل بہاری سے شگفتہ بوستان
تا کہ ہو خاتون گل سے زیب مشکوی جہان
عیش افزون ہو شفائے دائمی ہو توامان
آئین محبر کے لئے آفاق کی شہزادیاں
پردۂ عصمت سرا ہو منزل امن و امان
در دولت سرا ہو گوہر تاج شہان
خضر و عیسیٰ کی طرح حاصل ہو عمر جاودان
فکر میری سے رسا نواب عالی قدر دان
طرز یہ مشکل بہت ہے درمیان شاعران
داد اسکی دیں مجھے سرکار تا ہوں شادمان
یہ میرا غسل صحت ۱۸۸۰ ۔ ہو فرح بخش جہان ۱۲۹۷

ایضاً

شفا پائی بلقیس دوران نے آج
کہوں غسل صحت کی تاریخ اور
دعائیہ مادہ ہے مستنیر

اُٹھی قلزم دہر میں موج عیش
کہ ہو ملک دل منزل فوج عیش
سلامت ہیں ہو سوا اوج عیش ۱۲۹۷

ایضاً

اچھی ہوئی ہیں آج جناب مقدسہ — زیبا ہے خال حور جو صرف سپند ہو
شیریں ہے کام جان جہان آج اسقدر — کیا دور ہے کہ ہر سخن تلخ قند ہو
بیجا نہیں جو آج طبیب حضور کا — رتبہ مسیح سے بھی زیادہ بلند ہو
تاریخ اس خوشی کی لکھوں کلک فکر سے — شاید حضور کو بھی مصرع پسند ہو
یہ مادہ ہے خوب دعائیہ اے منیر — سایہ بتول کا رہے دولت دوچند ہو

۱۲۹۲ھ

ایضاً

بیگم صاحبہ کو ہوئی صحت — فضل خدا کی عید مبارک
خوب ہے یہ تاریخ منیر — غسل شفا کی عید مبارک

۱۲۹۱ھ

ایضاً

آج بیگم صاحبہ اچھی ہوئیں — عشرت افزا ہو گیا اسباب غسل
ہو گئی تاریخ کی فکر اے منیر — قدسیوں کی سن کے آب و تاب غسل
سال فصلی خضر نے یوں کہہ دیا — ہو گیا آب بقا یہ آب غسل

۱۲۷۵ف

تاریخ حفظ قرآن برادر امیر الامراء ولی نعمی جناب نواب علی بہادر دام اقبالہ

حفظ کیا کلام حق بحر عطا کا جوش ہے — دیتے ہیں گوہر مراد معدن فیض آپ ہیں
گوہر و مال و زر نہ کیوں بحر سخا لٹائے روز — معدن لطف آپ ہیں مخزن فیض آپ ہیں
صورت عندلیب سب بلبل گلشن سخن — باغ جہاں میں ہے یہ گل گلشن فیض آپ ہیں
لطف سخا کہیں نہیں سا کریا نہیں — قول منیر راست ہے مخزن فیض آپ ہیں
ہجری و عیسوی سنین حفظ حضور — حافظ مصحف مجید مخزن فیض آپ ہیں

۱۲۸۲ھ

ایضاً تاریخ بطرز صوری و معنوی

صبا جو مژدہ جانبخش لائی باندہ سے | تو سب سے پہلے کیا مینے اُسکا استقبال

سلام کرکے یہ پوچھا کہ کیون ہی تو مسرور | دیا جواب تعجب سے سنکے اُسنے سوال

کہ اے اسیر بلا تو ہی سخت غافل ہے | ذرا تو تشنۂ افیون غم سے دل کو سنبھال

عجب بہار ہے آنکھین تو کھول ہوش مین آ | بغور دیکھہ زمانہ کا حال فرخ فال

خوشی سے پیر فلک آج ہو رہا ہی جوان | ہلال بدر ہوا بڑھ کے ہر ستارہ ہلال

زمین عیش سے پھولی نہین سماتی ہے | ہوا وفور مسرت سے باغ دہر نہال

کیا ہے مصحف گل حفظ بلبلون نے تمام | بیان کرتے ہین اطفال غنچہ غیب کا حال

سبب یہ ہے کہ کیا حفظ اُسنے قرآن آج | کہ جسکے وصف مین ہے ہر زبان ناطق لال

امیر ابن امیر و رئیس ابن رئیس | معین دین نبی آفتاب علم و کمال

مہ سپہر صباحت شجاع ضیغم کش | کہ جسکے سامنے رستم ہے ایک ادنی زال

جو اپنی تیغ ہلالی وہ کھینچے روز دغا | تو بھاگ جائے چھوڑکے مریخ آفتاب کی ڈہال

وہ شہسوار ہے جسکا سمند برق تنطیہ | ازل سے تا بابد جائے مثل پیک خیال

یہ تیز رو ہے جو ڈالو سپند مجمر مین | کرو جنوب سے اسکو روانہ سوے شمال

سپند آگ سے کرنے نپائے جستا ہی | کہ شش جہت مین پھر آئے یہ اسپ برق خصال

جو مدح فیض کا اُسکے کوئی کرے دعوے | نرا ہے تصور باطل زہے خیال محال

فقیر اُسکے کرم سے غنی ہوئے ایسے | کہ جام جم سے زیادہ ہین کاسہ ہائے سوال

غلام اُسکے وہ عالی دماغ دہر مین ہین | نہین سمجھتے کہ قارونکا گنج ہے کچہ مال

سخن شناس سخنور نواز و فیض رسان | اُسیکی مدح سے ہی شاعرونکو فیض کمال

سپہر ہمت و کوہ شکوہ عرش وقار | مسیح رفعت و نواب آفتاب جمال

علی بہادر عالم پناہ بندہ نواز | کہ جسکے نام مین ہی مرتضی کا جاہ و جلال

ہوا وہ حفظ کلام الہ سے فارغ | خوشی ہے جشن ہے لٹتا ہے آج دولت و مال

بڑی حضور نے دربار مین کیا ہے جلوس | پکارتے ہین نقیبانہ دولت و اقبال
امیر آتے ہین مجرے کو بجتی ہے نوبت | ادب سے سامنے حاضر ہین حشمت و اجلال
ہزار دن حافظ و قاری کا ہی وہان مجمع | بڑے بڑے علما اور صاحبانِ کمال
لکہا ہے مجکو بھی شقہ کہ نظم کر تاریخ | طلب کیا ہے پہنچ اسے ہمارے اوجِ خیال
برائے نذر کمر باندھکر روا نہ ہو | قصیدہ کہہ کہ جو ہو تیری بندگی پر دال
کہا یہ مین نے کہ مین کسطرح وہان پہونچون | چمن ہے دور مین ہون عندلیب بے پر و بال
ٹلے یہین سے مین دست دعا اٹھا تا ہون | کہ اے خدائے توانا و بیعدیل و ہمال
رہین حضور سلامت ہمیشہ دنیا مین | خضر کی عمر سلیمان کا ہو جاہ و جلال
صحیح و سالم و محفوظ و خورم و آباد | جدا ہو وا من دل سے مدام گرد ملال
جو خیر خواہ ہو سرکار کا ہے شاد ان | عدو کو جز لحد تنگ ہو پناہ محال
بدون تعمیہ و تخرجہ کہون تاریخ | کہ جسمین نظم ہو تاریخ در وزوماہ و سال
ہوا ہے حکم معلی اسی شرائط سے | مرادیہ ہے کہ کھلجائے زورِ طبع کا حال
حضور قدر شناس سخن ہین سمجھین گے | کرینگے قدر میری دینگے مجکو داد کمال
کہی منیر نے صوری و معنوی تاریخ | دو شنبہ اول شہر صیام نیک اقبال

ایضاً

حفظ مصحف سے ہوئے فارغ حضور | جشن مثلِ بہمن و دار کیا
حافظون کے آگے بالکل پڑھ دیا | دیکھنے والون نے نظارہ کیا
مین نے یہ تاریخ پائی اے منیرؔ | یاد قرآن خدا سپارا کیا

تاریخ عقد نکاح نواب تفضل حسین خان بہادر رئیس جدید فرخ آباد

وصالِ عروس اسکو حاصل ہوا | گل آسا کھلا سرورِ عدل و داد

کہ سال مراد و سرور آ ملا — کھلا لوح دل کو دعا کا سواد
عروس اور دولہا کو مسرور رکھ — الٰہی نکل ہو طرح وداد
الم اور دکھ درد کو دور کر — حسد کو دکھا راہ صلح و سداد
لکھا او کلک در سلک مصرع سال — سرور دل و مہر عیش مراد
۱۲۔۔۔۱۲ھ

ایضاً

شادی ہے نواب کی آج — عیش جہان میں بیحد ہے
گلشن عالم سبز ہوا — فصل گل کی آمد ہے
عمر رفتہ پھر آئی — پیر فلک بھی امرد ہے
بسکہ ہرا ہے باغ جہان — ہر گل جام زمرد ہے
ہوتے ہیں ذرے ذرے — پتھر سنگ زبرجد ہے
پریوں سے ہے قلعہ بھرا — کوہ قاف کی سرحد ہے
کعبہ مقصد ہے کوٹھی — چوکھٹ سنگ اسود ہے
دولہا اور دولہن ہیں شاد — حاصل عشرت سرمد ہے
فضل الٰہی ہے اُن پر — حافظ روح محمد ہے
انکا دولت خواہ ہے ہر د — ہے خوشوقت عدو رد ہے
دوست کا گھر ہے بیت العیش — حاسد کا گھر مرقد ہے
ہیں تاریخ کے دو مصرع — ہر مصرع موزون قد ہے
ثانی بلقیس دولہن — دولہا سلیمان مسند ہے
۱۲ھ

تاریخ ولادت فرزند متوسد و سادۂ جلالت و نبالت سید محمد نصیر خان صاحب دام مجدہ ❊❊❊

سید ذی حشم و عالی جاہ — چمن آرائے بہار اجلال
نام نامیش محمد نصیر — خان صاحب کرم و اہل کمال
مورد فضل الہی گردید — یافت فرزند ہمایون تمثال
عمر چون خضر مسیحا یابد — باد مانند ہما فرخ فال
سال میلاد چنین گفت منیر — مہر برج شرف و صید اقبال
۱۲۹۴

تاریخ مرگ محبوبہ مصنف تجاوز اللہ عن سیاتہا

دیدیا داغ فراق ابدی دل کو میرے — ہائے ایجان جہان تری جوانی ہے ہے
ہائے وہ حسن وہ ناچ اور وہ گانا تیرا — رہگئی ساری کمالون کی کہانی ہے ہے
تیرے اخلاق کو رووٗن کہ وفاداری کو — کوئی آفاق مین تیرا نہین ثانی ہے ہے
زخمی خنجر ابرو کو تڑپتا چھوڑا — نہ پلایا مجھے تلوار کا پانی ہے ہے
ہائے وہ چشم سیاہ و نگہ شرم آلود — وائے اُن گیسوون کی مشک فشانی ہے ہے
کہا کے قسمین یہ کہا کرتے ہین موسیقی دان — آج دنیا سے اُٹھی زہرہ ثانی ہے ہے
ہائے اٹھارہ برس ہی مین ہوا کام تمام — لٹ گیا گلشن آغاز جوانی ہے ہے
سب مین مشہور ہے جو مجھسے وفا کی تو نے — کہی جاتی ہے مروت کی کہانی ہے ہے
اہل مقدور سے میرے لئے پرہیز کیا — قدر میرے لئے دولت کی نہ جانی ہے ہے
ہے تیرے ای گل تر بلبلونکو یا غونین — ہے ترانہ کے عوض مرثیہ خوانی ہے ہے
کی طبیبون نے دوا خاک شفا کہلوائی — موت نے ایک ہی تدبیر نہ مانی ہے ہے
ہائے وہ خوبی تقریر و سخن فہمی حیف — خاک مین ملگئی ساری ہمہ دانی ہے ہے
ہائے مین مرگیا تیری عوض اہ گل رو — رہگیا دل مین ترا داغ جوانی ہے ہے
رو کے پڑھتا ہے یہی مصرع تاریخ منیر — زہرہ مہر لقا لیلی ثانی ہے ہے
۱۲۹۴

ایضاً

وہ پری مر کے مجکو مار گئی	زیست مین جان کنی کے تلخی ہے
اسکی زلفون کے غم مین شام شباب	بخدا قبر کی اندہیری ہے
زندگی مین مزا نہین ہے منیر	زہر سان تلخ شہد ہستی ہے
خواب ہی مین مجہے دکہا یارب	بس یہی شکل زندگی کی ہے
بخش دینا اسے بحق بتول	بندہ پرور جناب تیری ہے
چہلے کے گل ہون یا ہون داغ جگر	جو نشانی ہے اس پری کی ہے
ہے نہ تاریخ ان نشانیون کی	چہلے کے گل ہین داغ دل ہی ہے

۱۲۶۴ھ

ایضاً تاریخ در دائرہ مجتلبہ کہ بسہ بحر ہزج در جز و رمل مسدس سالم است اول ہزج مسدس سالم مفاعیلن شش بار

غضب سن وہ پری یون مر گئی ہے	ہوا یہ غم عجب دلکو مرے حاصل
کہا یون سال رحلت میں نے اسدم	بنیا یہ اب مجہے غم ہو گیا ایدل

۱۲۶۴

رجز مسدس سالم مستفعلن شش بار

سن وہ پری یون مر گئی ہے ہے غضب	یہ غم عجب دل کو میرے حاصل ہوا
یون سال رحلت کا منیر اسدم کہا	یہ اب مجہے غم ہو گیا ایدل بنیا

۱۲۶۴ھ

رمل مسدس سالم فاعلاتن شش بار

وہ پری یون مر گئی ہے ہے غضب سن	غم عجب دل کو مرے حاصل ہوا یہ
سال رحلت کا منیر اسدم کہا یون	اب مجہے غم ہو گیا ایدل بنیا یہ

۱۲۶۴ھ

تاریخ رحلت امیر العلما رئیس الحکما سلطان المتکلمین جناب سبحان علی خان طاب ثراہ

صدمہ رحلت سبحان علیخان کے سبب
کہتے ہیں بیٹھ کے سب اہل صفا ہے ہے وائے

مرجع روح و ملک ثانی عقل اول
زائر حضرت شاہ شہدا ہے ہے وائے

زاہد و عابد استاد حکیمان جہان
قطب اسلام و امام العلما ہے ہے وائے

منطق و علم و کلام و ادب و فقہ و حدیث
کہتے ہیں ہو گئے ہم بے سر و پا ہے ہے وائے

حکمت و علم ریاضی ہیں یتیم انکے بغیر
ہو گئے خاک بسر مجد و علی ہے ہے وائے

مسند دولت و دین ہو گئے خالی افسوس
آج بیکس ہیں ملوک و امرا ہے ہے وائے

انکی تصنیف ہیں کیا کیا کتب مبسوطہ
باقیات الصالحات شمس ضحیٰ ہے ہے وائے

شوق میں صحبت مرغان اولی الاجنحہ کے
اور گیا اوج کرامت کا ہما ہے ہے وائے

زیب افزائے جنان ہو گئے وہ گلشن فیض
خاک اڑاتی ہے یہان باد صبا ہے ہے وائے

خلعت نور کو نوچیں سب جو رانے بخشا
چاک ہم کرتے ہیں دامان قبا ہے ہے وائے

مجھسے رضوان نے کہا مصرع تاریخ نبیر
قبلہ و پیر ملاذ الحکما ہے ہے وائے

۱۲۶۴ھ

تمام شد

تاریخ این دیوان تصنیف امیر الامرا حضرت ولی نعمی نواب علی بہادر دام اقبالہ تخلص بہ علی

اُستاد کے دیوان کی تاریخ محال
ہاتف نے کہا منتخب العالم لکھیے

تھی فکر علی کو نام تاریخی کی
برج معنی کا نیر اعظم لکھیے

۱۲۶۴

تاریخ تصنیف دیوان از جناب پیر و مرشد استادی بید

علی اوسط رشک دام ظلہ

مطلع مہر درخشندہ ہے دیوان منیر	استعارے ز اعجاز بیانی ہے صاف
رشک نے ختم کی تاریخ یہ شفاف کہی	معدن گوہر شہوار معانی ہے صاف
	۱۲۶۴ھ

ایضاً منہ دام ظلہ العالی

اے رشک چہ دیوان چہ فیضان منیر	ہر چند زیادہ است ازین شان منیر
از روشنی کامل او شد تاریخ	این ماہ منیر است کہ دیوان منیر
	۱۲۶۴ھ

تاریخ دیوان از اکمل الفصحا فاضل یکتا مطبب اللوذعے حکیم محمد حسن خان طبیب بطرز عجیب

حلیہ اتمام در برکرد با صد حسن و زیب	شاہد نظم منیر مقتدائے شاعران
از سوادش دیدۂ اہل بصیرت سرمہ سا	ہم بیاضش غیرت صبح بنا گوش بتان
در زمین شعر او مہر درخشان ذرہ	گوہر پاکیزہ معنی ز سحرش عیان
کوچہ بین السطورش جادۂ راہ کمال	ہم ورقہا از در مضمون کف گوہر فشان
از سوادش گر کشی کحل سلیمانی بچشم	بیگمان دیدی پری زادان مضمون را عیان
نافتہ صد آفتاب نکتہ از ہر مطلعش	چون نگردد مہر زین شعر رشک آسمان
گفت سال عیسوی و فصلی و ہجری طبیب	نظم سحر و جوہر منظوم و کاخ شعر خوان
	۱۸۴۸ع ۱۲۵۶ف ۱۲۶۴ھ

تاریخ از نتیجہ خامہ استاد اجل محقق اکمل وحید المتبحرین عالی جناب مرزا دبیر صاحب دام ظلہ حسیدہ

اللہ رے دیوان منیر سخن آرا	مطلع سے ہے روشن کہ قمر جلوہ فگن ہے

دیوان ہے یا مصر زلیخاے معانی
دیوان ہے یا یوسف مضمون کا وطن ہے

مصرع کو مرے جو کہا عدل پکارا
یہ بیس سے ہے وہ دس یہ نیا ہے وہ کہن ہے

کیا دبدبہ شاعری تازہ کا ہے شور
روح اسدی بیشہ قالب سے ہرن ہے

سب نے مدح یہ سرسبز ہے بزم شعرا مین
بے فصل ہرا جیسے بہشتونکا چمن ہے

مضمون وہ ہین شوخ کہ ہوش اڑتے ہین جن سے
جو بیت ہے موج رم آہوے ختن ہے

ہر بیت مین انگشت کرامت کی ہین اعجاب
شق القمر اوراق کے مسطر کی شکن ہے

ہر چند یہ ہندی ہے مگر اہل عجم نے
خط اسکو جو بھیجا تو رقم قبلہ من ہے

کیا منہ صدف بحر جو کہوے وہین لاف
جو نقطہ ہے دندان شکن دُر عدن ہے

جو فقرہ ہے وہ نیش زن شہرگ غیبت
ہر شاہد ترکیب مین بیساختہ پن ہے

دیوان کی تاریخ یہ کہتا ہون دبیر اب
انجم کدہ یا قاف پریزاد سخن ہے

۱۲۶۴ھ

ایضاً منہ دام ظلہ العالی

منیر پاکرا از طبع منیرش
کمال انوری عین زوال است

عجب دیوان روشن ساخت موزون
کہ برج نظم را ماہ کمال است

مثال معنی و لفظ لطیفش
حدیث تشنہ و آب زلال است

بوصف بندش مضمون سرسبز
زبان طوطیان ہند لال است

براوج رتبہ نظمش رسیدن
محال است و محال است محال است

دبیر انشا نمودہ سال ختمش
بگردون مصحف رحل ہلال است

۱۲۶۴ھ

ایضاً منہ دام فضلہ

سبحان اللہ منیر و دیوان منیر
وہ بحر سخن ہے دُر مکنون سے ہے

سال تمام نظم کرتا ہون منیر — زیبا فلک کوکب مضمون ہے یہ ۱۲۶۴ھ

ولہ دام ظلہ العالی

ہر آنکہ دید دبیر این صحیفۂ قدسی — پئے مصنف عالیشان داد تحسین داد
بحرف معجم این مصرع است تاریخش — بود مرقع مضمون شاعری آباد ۱۲۶۴ھ

تاریخ مصنفۂ غوث العرفا ملاذ الفصحا جناب مولانا عبد الہادی صاحب

نوطرز نمود طرح دیوان جدید
مصحف بکف است مصحفی زاخلاص منتشر
سرعت بنمود روح جرأت نوا
ورد است بدست از کلامش خواجہ
ذوقی بمذاق ذوق او سائل شد
کردہ بہ نثار او ثریا افشان
سودا پئے سودا او بجان حاضر شد
سالش ز رجوع قلب ہادی چون جست
ہاتف ز سر در کیف جدا نہ بگفت

فخر الشعرا خاص نواب علی
منت گل کرد چون گلستان زحلے
زانجان جہان جانجانان دلی
میر است بمیرزائے سب بے بدلی
رنگین چو شفق بغنچگی کرد گلے
اختر زیبا زصادق لم یزلی
آتش خبرے نیافت از بیدلی
از صدق و ولاء این مولا سے علی
دیوان منیر سکہ ہر ہش جوش لی ۱۲۶۴ھ

تاریخ در صنعت نبیات از نتائج طبع اکمل الاطبا افضل الشعرا علامی حکیم محمد حسن خان طبیب

ہو چکا ختم جو دیوان جناب استاد — دہ ہین تسلیم سخن بین فلک آتا نامی
نام انکا ہے منور صفت مہر منیر — اے طبیب اہل سخن مین نہین ایسا نامی

صنعت بینہ مین نظم کی سینے تاریخ		باغ گلہاے معانی ہے سراپا نامی ۱۲۶۴ھ

ایضاً منہ دام مجدہ در صنعت زبر و بینات

عطر افشان ہوا جو عالم مین		عنبر موجب کلام منیر
سے تعید اس سے ہے زیب پائین		واقعی ہے یہ فیض عام منیر
ہے یہ دیوان مصحف عنبر		فلک نظم ہے مقام منیر
ہے شبستان بیت بیچ ختم		خوب روشن ہوا ہے نام منیر
سال تاریخ کی ہوئی ہے فکر		دیکھے جو نظم خوش نظام منیر
بینات و زبر مین ہے تاریخ		دل کو مطبوع ہے کلام منیر ۱۲۶۴ھ

تاریخ تصنیف اخ شفیق متوقد کی اخوی سید حسین مطہر غفر اللہ لقدیر

اخی اعظم و استاد بندہ		شمیم گلشن معنی سے بو یا
وہ ہین مہر منیر صبح الہام		سیر وش فیض حق انکا ہر جا
زمین شعر ہے کشت مضامین		نیا تخم معانی اسمین بو یا
ہوا دیوان اول ختم اُن کا		ہزارون ہے در معنی پر و یا
مطہر خستہ نے تاریخ لکھی		سفینہ ہے یم مضمون کا گویا ۱۲۶۴ھ

از افکار عالیشان نواب واجد علی خان متخلص برضوان

اللہ رے دیوان جناب استاد		کیونکر نہ کرین اہل سخن شکر خدا
تحقیق و کمال و فن نظم و انشا		استاد کو ان سبھون مین پایا یکتا
اشعار و قصائد و رسائل انکے		آیات کمال ہین نہین شک اصلا

مضمون نئے ہین بند شین اعلے ہین ۔ ہر مصرع تر ہے سرو جنت سے سوا
ہر مطلع تازہ غیرت ابرو حور ۔ ہر معنی صاف آئینۂ غیب نما
جو اہل سخن ہین سمجھینگے لطف سخن ۔ حاسد جاہل ہے اُسے مطلب ہے کیا
رضوان نے یہ دیوان کی تاریخ کہی ۔ واللہ کلام غیب الہام ہوا
۱۲۶۲ھ

ایضا

دیوان مرقع ہے کہ از رنگ معانی ۔ ہے نقش بدیوار یہان چشم نظر باز
تعریف مین دم بند ہوا بلبل دل کا ۔ رہ رہ گئی مرجھلکے ہزاردن گل آواز
ڈوبے چمن مدح مین جب کلک کے سہرہ ۔ دم پھول گیا ہارگئی طبع فلک تاز
ہنگام روانی ہے عجب حسن قلم پر ۔ جسطرح کہ طاؤس نگارین دم پرواز
یہ شعر جھلکتی ہوے جو شخص پڑھیگا ۔ بنجائیگی زربفت ابھی اطلس آواز
کس رنگ کی کس روپ کی تاریخ ہو رضوان ۔ گلدستۂ فردوس بہارین مرا اعجاز
۱۲۶۲ھ

تاریخ ایضا

زہے تجلی دیوان اول استاد ۔ نیافت دو جہان آفتاب نور کلیم
نوشت خامۂ رضوان سنین ختم کتاب ۔ مسیح عرش معانی کلیم طور کلیم
۱۲۶۲ھ

ایضا

زبان بلبل و طوطی بہت لال در مدحت ۔ بہار باغ طبیعت کلام زشک چمن
عجائبات معانی نہان چو گنج درو ۔ طلسم منتخب العالم و جہان سخن
بسال فصلی او طرح تازہ ریختہ ام ۔ شگوفہ زار مرصع کلام باغ چمن
۱۲۵۶ف

ایضا

ہر ایک غزل مین معانی صاف کا جلوہ ۔ میری نگاہ مین رضوان دُر صدف یہ ہے
عجیب مادہ فصلی و مسیحی سے ہے ۔ ریاض مہر چراغ دل شریف یہ ہے
۱۲۵۶ف ۶۱۸

ایضاً

دیدۂ مہر و ماہ شد روشن — از کلام منور استاد
عیسوی سال یافتم رضوان — پرتو ستان آفتاب مراد

ایضاً منہ

نہ خوشامد ہے یہ نہ لفاظی — مدح استاد حق سرائی ہے
ظاہر اس قول سے ہو سال مسیح — عرفی و فیضی و ثنائی ہے

ایضاً

نقش اول یہی ہے لاثانی یہی ہے — ہے یہ دیوان آیۂ نور خدا
مصرع تاریخ ہجری دیکھیے — حسن صورت کا مرقع واہ وا

ایضاً

اے اہل نظر دورۂ ساعات خوشی ہے — ہیں زیب دہ برج شرف اختر اشعار
تابندہ او ر ہر نجم ثریا ہیں فلک تک — ہنستے ہیں ستاروں پہ در گوہر اشعار
ہجری و مسیحی کہیں فصلی سے تکلف — خورشید قدم خضر قدم دفتر اشعار

ایضاً منہ

میرے استاد کا کہاں ہمسر — شاعری میں دم انکار اسنخ ہے
ہے یہ تاریخ ختم دیوان کی — برق زیبا و بحر دنیا سخ ہے

ایضاً در صنعت بینہ

لاجواب و انتخاب عالم یکتا و فرد — چون ید بیضا ز دست کلک با تسبیح ذکر
چون شمارم گفت سال ختم او در بینہ — نامۂ اعجاز و دانش مصحف الہام فکر
سواد خط دیوان پہ کہہ دو صنعت بینہ — فلک ہے صفحہ صفحہ نقطہ ماہ کامل ہے
عجب آئینہ تاریخ پایا دست خامہ سے — طلسمات دل آرا ہے پریزادوں کی محفل ہے

تاریخِ تصنیفِ سخنورِ نامی شاعرِ گرامی لالہ مادہو رام جوہر سلمہ اللہ تعالیٰ

اِمسال ہے فیضِ نظمِ پاکِ اُستاد / دونوں عالم میں شورِ تحسین ہے آج

کب آنکھ پڑے صفحۂ جنت پہ / فردوس یہ باغِ رنگین ہے آج

دیوان بیاضِ صبحِ صادق ہے یہ / جو صفحہ ہے رشکِ لوحِ سیمین ہے آج

شیرینیِ بندشِ مضامین کے سبب / جو شیشۂ دل ہے شہد آگین ہے آج

تالیف کی تاریخ کہی جوہر نے / دیوان یہ مصحفِ مضامین ہے آج ۱۲۶۴ھ

از نتائجِ طبعِ فخیم پنڈت سندر لال فہیم

چونکہ دیوانِ حضرتِ استاد / نسخۂ کشتہ بفضلِ ایزدِ پاک

ز ارتفاعِ زمینِ شعر بلند / پست گردید گنبدِ افلاک

سر بہ آسمان سود و بیانش / نور افزا سے دیدۂ ادراک

دید چون جلوۂ کلامِ نسیم / روحِ شوکت طپید در تہِ خاک

سالِ تاریخِ ختم گفت فہیم / نسخۂ گلشنِ معانیِ پاک ۱۲۶۴ھ

محو فرخ آبادی

مرتب جب ہوا دیوانِ استاد / اُٹھا اہلِ سخن میں شورِ تحسین

روا ہے معجزہ کہنا اسی کو / کہاں ہوتی ہے ایسی نظمِ رنگین

کہی ہے محو یہ تاریخ اس کی / طلسم آبادِ معنی و مضامین ۱۲۶۴ھ

افسر فرخ آبادی

چون کلامِ جنابِ استادی / منتظم شد چو گوہرِ شہوار

گفت تاریخ انتظام افسر	سال دہ و دو صد اند شصت و چہار ۱۲۶۴ھ

ایضاً

نسخہ استاد کا ہوا دیوان	چشم ادراک ہو گئی روشن
کہی افسر نے اسطرح تاریخ	جلوہ گستر صبح اوج سخن ۱۲۶۴ھ

تاثیر فرخ آبادی

دیوان استاد کا سراسر	گویا گلدستۂ سخن ہے
تاثیر اسکی یہی ہے تاریخ	زیبا گلدستۂ سخن ہے ۱۲۶۴ھ

پنڈت جودت فرخ آبادی

استاد نے ارباب معانی کیلئے	فرمایا ہے مرتب اپنا دیوان
سبحان اللہ عجب صحیفہ ہے یہ	لوح اعجاز کا طغرا دیوان
ہیں جلوہ نما شاہد مضمون کیا کیا	گویا ہے بیاض چشم حورا دیوان
انصاف سے کہتے ہیں سخنور سارے	اب تک دیکھا نہیں ہے ایسا دیوان
جودت نے یہ نظم کی سیتی تاریخ	فخر شعرا منیر و زیبا دیوان ۱۲۶۴ھ

ایضاً

استاد کا دیوان ہے نظم در شہوار	بیشک یہ ہے دریائے فصاحت کا سفینا
ہر شاہد مضمون کے وحدت سے ہے سرمست	ہر مصرع تر ہے صفت گردن مینا
ترتیب کی تاریخ یہ جودت نے رقم کی	گویا یہ ہے اسرار الٰہی کا خزینا ۱۲۶۴ھ

ایضاً

چون شد کلام حضرت استاد منتظم	بشگفت در ریاض سخن صد گل طرب
تاریخ ختم جودت مخزون چنین نوشت	معنی نہ ہے لطیف نہ بیگانہ عجیب ۱۲۶۴ھ

بخشش فرخ آبادی

یہ التماس کہ استاد سے اب بخشش | کہ نقل کے لئے خود بیکار ہو عطا دیوان
یہ بینات وزہر میں ہے عیسوی تاریخ | تمام ہو گیا ہے ایک آپکا دیوان

پروین فرخ آبادی

مژدہ باد اے اہل معنی کاندرین عہد نکو | حضرت استاد ما دیوان خود را ختم کرد
سال ہجری و مسیحی گفتم اے پروین چنین | مفخر اہل ہدی دیوان خود را ختم کرد

ہشیار اکبر آبادی

حضرت استاد کے دیوانکا لکھا جو دو | ہو گئی نطق مسیحا میری خامہ کی صریر
بیت لے بروسے پری ہر مطلع پر نور ہے | سمل آسکے آگے مصرع ہلال چرخ پیر
کہکشاں سے ہی منور کو چہ ہیں سطور ہے | نقطہ نقطہ ہے سویدا سے دل روشن ضمیر
صفحہ صفحہ لوح پیشانی حور خلد ہے | زلف ہر مصرع میں ہے طائر معنی اسیر
ایک مصرع میں دو تاریخیں لے ہشیار | موج بحر نظم ہے دیوان با فیض منیر

ایضاً

لکھا مجھے پئے تاریخ نامہ اے ہشیار | ہوا تمام جو دیوان حضرت استاد
خطاب کر کے یہ استاد سے کہی تاریخ | منیر مطلع دیوان ہے آفتاب مراد

مرزا سلطان حسین ارم ساکن باندہ

بے مثل ہے دیوان جناب استاد | ہر ایک ورق خدا کی قدرت دیکھا
تاریخ ارم نے ختم کی موزوں کی | یہ مصحف آیات فصاحت دیکھا

از افکار براعت آثار فصیلت و کمالات دستگاہ مولوی محمد ناصر صاحب الہام

استعارہ میں کیا دیوان نظم اُستاد نے — آ رہی ہے گور شوکت سے صدا کہ واہ واہ
دیکھ لے دیوان رنگین جو مرے اُستاد کا — رشتۂ گلدستہ بنجائے وہیں تارِ نگاہ
عرض کرتا ہے یہی الہام سالِ اختتام — گلشنِ نازک خیالی کا ہوا پھول واہ

تاریخہائے مصنفہ جناب فضیلت مآب محقق عارف شاہ غلام اعظم افضل الہ آبادی سے

اے منیر اہل جوہر واہ کیا ہیں فکر رسا — شاعری نے پائی رونق آپ ہی کی ذات سے
استعارہ میں کیا تصنیف دیوان نفیس — ہر کلام صاف بالکل ہے جو مشہورات سے
ہے بیان رشک گویا آپکی بالکل زبان — اختلاف قاعدہ ہوتا ہے ہر ہر بات سے
فکر میں تاریخ کے تھا افضل حیرت زدہ — دل سے تھا مستخرج اعداد ان کی ذات سے
دلولے بول اٹھی ناگہان طبع رسا — پاک دیوان آپ کا ایطا سے تعقیدات سے
۱۲۶۴

ایضاً منہ دوم مجدہ

منیر صاحب علم و ذکا نے — ہے جس سے آب و تاب استعارہ
کہا ہے استعارہ کا جو دیوان — کہا ہے جس سے باب استعارہ
کیا افضل نے قصد فکر تاریخ — اٹھا ہے تا حجاب استعارہ
کہا دل نے مخاطب کر کے کو ہے — نہ ہے مست شراب استعارہ
خدا نے اسکے لئے منیر صاحب لکھیں — عجب ہی ہے کتاب استعارہ
۱۲۶۴

از نتائج افکار طبع وقار منشی سید فرزند حیدر حسین رضا صفدر فرخ آبادی

اندرین میکدہ جز بادہ بہاری نو زد — باد شاداب گلستان منیر والا
یافت این مصرع تاریخ ز ہاتف صفدر — گشت مطبوع چہ دیوان منیر والا
۱۲۶۴

ایضاً

دیوان استاد کا سراپا	واللہ ہے گنج استعارات
صفدر نے کہی اسکی تاریخ	کیا واہ ہے گنج استعارات ۱۲۸۴

ایضاً

کھل گیا غنچہ روح مشتاق	جب یہ طلسم طرب انگیز دیکھی
سال اتمام یہ صفدر نے کہا	موج دریاے مضامین دیکھی ۱۲۸۴

تقریظ بلیغہ مجموعۂ فضیلت و کمالات شاعر نامی و ملتفی گرامی مولوی محمد ناصر صاحب الہام خلف الصدق افصح زبان کشاف رموز عرفان جناب مولانا عبدالہادی صاحب مستفادتہا این کلمہ نگاشتہ اند

خدایا بار مضمون دہ نہال خامۂ ما را — گل فرق بلاغت ساز رنگین نامہ را
نمیدانم کہ نیسان سحر میم قطرہ زن بیدا — وصف کیست کہ قطرات ہا لولوی آبدار
متفاوت میکند و شعلہ آتش ستارہ سیار را برزمین می افگند یعنی سنجم کہ رقاص خامہ ام
نغمہ مدح کسے سراید کہ نوالیش نواے زہرہ را خارج آہنگ شمارد و سرود یکہ سرمید بد
مجازبان ابتسام عشاق مے آرد نے نوک خامہ ام نوشتہ می نوازد کہ بزرگ کو جیب رنگ
حیرت جیبانہ و فاختہ بیار رقم بہوا سے وصفی کہ گوہیند کہ نور سے شمس قمری قمر پیدا باشد
پرسے افگند قطرہ اشتش بلندی مضمون گالہ خورشید برزمین می اندازد و سطر شعر
انداز عبارت نثرہ و شعرۂ الست میبازد آری عندلیب خامہ ام از صفیر صریر سخن
الفیر چون نسراید کہ تحریر توصیف نوازندۂ قانون سخن میگراید چہ نوازندۂ قانون سخن
بلاغت و نادرۂ فن سکہ زن قلمرو معانی فرمانرواے کشور سخندانی بہر صفت ساز
شاہد ادب و دوری طراز آستین قبلے سخنوری نور حدیقہ مروت و حیا نور حدیقۂ
عفت صفا مرآت صفا و فصاحت مشکلات ضیا و بلاغت ربط قصص عجائب
مناسبات حکایات غرائب باندان فصیح البیان سحبان لطیق اللسان گوہر اکلیل مہاسنے

دره التاج سخندانی معلم سطر اول گره کشائی عقد بالاجمل مقدمة الجیش معرکه فصاحت
فارس مضمار بلاغت عقده کشائی غوامض معانی فارس مضمار سخندانی معمار سرای
معانی پروری بنای سخنوری غواص بحر فصاحت جوهر عرض بلاغت سرّ
اسرار الهی نور انوار آگاهی ناظم خطبه دقیقه طرازی جالس مسند بی انبازی سفینه
لفظ بهر دانی مضمون مصرع شیوا بیانی جان قالب سخنوری چشم جسم معانی پروری
بوی گل اخلاق مروت نشه صهبای اشفاق و محبت منبع انهار مروت و علم مطلع شموس
کمال علم سر دفتر بالغ نظران نکته رس سر حلقه خورشید ضمیران هیچ نفس پست نمای
پایه باوج رسیدگان آسمان خیال بلند فرمای رتبه بحضیض افتادگان پستی کمال درج سخنوری
را گوهر و گوهر نکته پروری را آسمان معانی پروری را اختر و اختر بلند فلکی را آفتاب
نیام فصاحت را تیغ و تیغ بلاغت را جوهر قلزم سلامت را صدف و صدف لطافت را
گوهر گلشن سخن را گل و گل مضمون را رنگ بزم آگاهی را چنگ و چنگ سخن پناهی را آهنگ
نافه سپهر را مشک و مشک کمال را بو میخانه علم را باده و باده فضل را سبو قصیده شیوا
بیانی را مطلع و مطلع فصیح بیانی را مضمون محفل سخندانی را مطرب و مطرب معانی را
قانون چرخ چارم فصاحت را مسیح مسیح بلاغت را اعجاز صیدگاه سخن آفرینی را شهباز
و شهباز دوربینی را پرواز انگشتری خیال را نگینه و نگینه کمال را نقش عشرتکده نکته پروری را
نغمه و نغمه سخنوری را تاثیر و جسم نثر را چشم و چشم نظم را روشنائی قالب تقریر را زبان
و زبان بیان را گویائی مجمل علم را صیقل و صیقل کمال را صفائی بام اندیشه را کنگره و کنگره
فکر رسائی را تجلیه سخندانی را شاهد و شاهد فصیح بیانی را چهره پرداز معشوقه نکته دانی را آشنا
دوست صاحب شیوا بیانی را آشنا تا زاهد عبادت را سبحه و سبحه طاعت را امام
را هاتف و هاتف عظمت را الهام مسیح شرافت را خورشید و خورشید
منیر باین صفات موصوف استاد راقم الحروف سید اسمعیل حسین منیر شکوه آبادی

نظم

اوست سلطان کشور معنی ✻ اوست خورشید آسمان سخن

پیشوا زینت مکان و مکین ✻ او مکین است در مکان سخن

آسمان زینت یافت از بامش ✻ چه بلندی گرفت شان سخن

پیکر آن روح قالب معنی ✻ جسم دیگر بیافت جان سخن

شور استادیش چو برخیزد ✻ نمکی افگند بخوان سخن

حرف توصیف او بلب آید هم ✻ شد زبان نخل گلفشان سخن

تا ابد زو شگفتن ایجاد ✻ باد سرسبز بوستان سخن

گوهرهای نسیمه فرمانروای معانی که آوازه فصاحتش در هفت اقلیم رفته
و سلیمان این یجی سلطان اقلیم سخندانی که علم قلمش شش جهت را فرا گرفته شور
ملاحت تحریرش نمک خوان فصاحت انداخته و از آوازه کوس حلاوت تقریر
گوشش کار کام و زبان ساخته نقد فصاحت در ترازوی سخن او سنجیدند و بیا
به بازوی قلم او ریختند تا از نیسان تحریرش قطره آبروی گوهر خویش بر خاک ریخته
گردید عبیر بر فرق و مشک بر چشم تا شعاع خورشید سنبل زلف محبوبان
شمع رخش و سرمه چشم مشتاقان گرد پای پیک قلمش خال رخسار شاهدان نقطه
از کتاب نکته دانی اوست سویدای دل گلرخان سینه مجروح شیدائی او تا نگینی عبارتش
در صدف گوش طرح رنگ در انداخته پرده گوشش عالم را روشن ضمیر
بیان ساخته تار قانون سخندانیش مرتبه بلند صدا است که آهنگ چنگ مغنیان
زهره سرا پست نوا است و شان مضمون عبارتش شاهد شیرین ادا است که گردن
فرهاد معنی در کمند زلفش بپا است کام زبان بشکر افتاد و شیرینی گفتارش
چشم و گوش میوان [illegible] نمکینی اشعارش روشن شمع بیانش صیقل ساز

آئینه سخن و دائره جیم جمالش قفل در خزینهٔ راز افگن کوس شاعری ببام استادی نوازد
و ساعد را از نغمهٔ قانون سخن می نوازد ♦ لے تخت سخن ز شاهیت زینت یافت ♦
تیغ قلمت دل عدو را بشگافت ♦ آنجا که سمند کلک تو جولان گشت ♦ مضمون عقبش
به زده دامان بشتافت ♦ عقل را ادراک علمش نامعلوم و فهم را اندازهٔ کمالش نامفهوم
بهار طبعیکه چون خامه را بنگارش آرد صد نقطهٔ شک بر ورق گل گذارد و میان
فکر یکه چون مدرا از قلمش بار دنامیه جا دانه لولوے بر تر آرد فاختهٔ مضمون در سایهٔ چشمهٔ
خامه اش بآرمیدن و کبک معانی در خیابان گلشن عبارتش بناز خرامیدن آرد حیرت
تازگی کلامش صدف دندان جگر افشرده و آزرشک نکهت فکرش خون رجگر شقایق
در چمنستان استعداد و تحمل وجودش بدرجهٔ سرسبز و شاداب نشده که در موسم بهار امتحان گل
آفتاب نرویاند و در مصقلهٔ کمال آئینهٔ طبعش بشابه جلا نپذیرفته که چشم کور معاندان البصر
نخواباند آئینه را بجرم سترهٔ معانی صافیش در مسلخ سیاست بردار کشیده اند
شمع را بگناه دزدی مکنون پاششش در مقتل عبرت سر بریده اند خورشید بتابش اختر
ضیا افشانش پنجهٔ شعاع دست بسر و ماه از حیرت روشنی شمع فکرش از کلف داغ
در جگر تا حافظ بلبل سورهٔ خلاصش نخواند لب بتلاوت مصحف گل نکشود و تا قاری
قمری عشر اولیش بزبان نسانده واگشیده سرو تجوید آزادی ادا نه نمود شمشاد با آرایش
ردیف شاه سخنش باندازش نشانه درگلف استادن نسیم بعطر سیاهی قبالے نگار مضمونش
نیاز بس عطر بالان غنچه گشادن صبا تا شمیم خلقش ندزد و مشتاک گره نافه بند و نسیم
رحمن خلاقش نیابد عطر بیرون گل نساید تا بهار مصحف گل را تصحیحش نرساند حافظ
لب نخواند و تا نسخهٔ صبح الاول را با اصلاحش نه گذراند بکمال نرساند الاحت از
خواران نمک تمیزی بیان و دست حلاوت از نمکستان شکر ریزی زبان او
شکر گزار انداست … تو سیر … باگپسته … آورند و … دست تو امروز … معنی

صد نغمه زنالهٔ کلک می انگیزد و چه بیانی نیست که زبانش دادِ بیانش نداد چه مجمل
و چه مفصل و کتابی نه که تحقیقش حقِ تحقیقش ادا نکرده چه مختصر و چه مطول گوهر از انفعال تازگی
کلامش آبی میگردد و سنبل از رشک رنگینی فکرش همه تن می سوزد تا بر دو بهم شوند
و جا در دو آتش کند عالی طبعیکه مرغ اندیشه اش خبر سبا به طوبی بال نگشاید و بلند
فطرتیکه شهباز فکرش جز بمرغ سدره چنگی راز نه نماید دست فکر رسایش گلدستهٔ
مضمون را بر طاق بلندی نه نهاده که دست بر پشت حوصلهٔ نیک آن بدنشناخته نگردد فکرش
گردد و طائر اندیشهٔ عرش سایش آشیانه را بشاخ طوبی ساز نداده که شهباز شست
پرواز بر دو همت اسپ بمیدان جهالت تاخته پراموشش سد دل عالی طبعی کند
اندیشه به بام عرش رسانیده و مرغ سدره را صید عقاب فکر گردانیده باید که سالها
زانوی سبق خوانی به ادب ته کرده قرنها اوقات را باستفاده بصرف آورده خود را بزمرهٔ
تلمیذانش در آرد تا دقیقهٔ مطول سر و مصرع اش و رمز مختصر کل لفظش بخوبی کشاید بفهم سپارد و نظم

کلامش دل سینه راز ها — بود دلکش برد و دوش اعجاز ها
خیابان منطق هر گشت او — گل کتابی شمس در مشت او
به بحر تبحر دلش آشنا — توان گفت او را [illegible] کیا
رخشش مطلع مهر فیض ازل — دلش مشرق جلوهٔ لم یزل
بود شعر او شعری او پاکش — جگر پاسی [illegible] خراشش
عدیم العدیل است انصاف [illegible] — ز رنگ [illegible] سینه ها [illegible] کن
چو فکر و صبا [illegible] — [illegible] کند [illegible]
بعمل [illegible] دارد اوج کمال — [illegible] جلال
خطش [illegible] — [illegible] رخش نوخطان
بیان استادان آرد زبان — نشاگرد پیشش حلقه در گوش جان

	ملقب بلاتاریخش خوان بس		بلفظ تاریخش نیست الہام کس	

تا شاه سخنش قباے مضمون در بر و تاج فصاحت بر سر زده در ایوان صفحه نشست هر
لفظ را لبصیادے طائر دل تمهید دام گستردن و هر نقطه را بگرفتاری مرغ نگاه تاکید دانه
افگندن است تعالی زہے دیوانیکه هر لفظش بفانوسے که شمع طور سوزد و سبحان الله
خمے مجموعہ که هر حرفش بفتیلگی چراغ خورشید زیبد خمسه اش حواس خمسه قالب سخندانی
رباعیش چار برگ گلشن معانی ماه هر ماه از غم میکاهد و چادر اوراقش نخواهد اگر چرخ
در وداغ ندیدی در جلدش کشیدی تار نگاه بنگاه تماشایش رشته گلدسته و خامه
هنگام عزم توصیفش چون غنچه نو رسته رنگینی اشعار رنگینش رنگ سرخ گلشن شکسته و صفاے
معانی صافش آئینه را بتحیر چهره بسته هر صفحه اش فردوسیکه در بین السطورش کوثرے
و هر سطرش قلزمے که در صدف هر لفظش گوهرے شاهان ابیاتش از غزل و قصیده
و قطعه و رباعی و مخمس که در صفحه صفحات باندازه دلربائی نشستند و کمر دلفریبے بر کمر
بستند لااہل عیار سخن را [illegible] تجهیز اروته صد و یکسانند آنحال مرد کشیده حیرانی
عرق پشیمانی پشیمان ناله بلبل دور افتاده از آشیان آشیانه عندلیب اسیر باغبان
ابجد خوان مکتب هیچدانی خار در پا خلیده صحراے ناتوانی نقطه ننگ کاتب تقدیر خشم
بپشت پا دوخته تشویر آه بے اثر اشک کباب جگر پا خفته دشت گمنامی عنان گسسته
شمار ناکامی خاکپاے سخنوران ننگ خاندان ازل نام محمد ناصر الہام ولد مولانا
الہامی مولوی عبد الہادی [illegible] نامی که یکے از زله ربایان خوان افادت وست و خوشه
چینان خرمن افاضت او اگر مہر سکوت بر در بیان نه اندازد چه سازد که هیچ در راز نفسے
کوته اندیشان در اروه باز است سندارد که مطارحات عرفیه بکار برده عنان ستایش
بمبالغه سپرده است سخن از چار پنج و پنجم از هیچدانی آفریده ساحه پارا که زبان [illegible]
[illegible] آ تا گوهر [illegible] از [illegible] انگل [illegible]

دلوہم از بہاران خداوند احکم شاہ سخنش در قلمرو زبانہا جاری وساری وبہوائے
جنبش قلمش در گلشن ایجاد عطر انگیز تر از باد بہاری باد فقط

نظم

خدا یا تاگلچین گلشن مضمون بہار آید — بیا باغ فکر تا نخل فصاحت برگ و بار آرد
نہال خامۂ او آنچنان گل معنی — کہ گردون گوہر خورشید با جہز نثار آید

قطعہ تاریخ

دیوان وحید الشعر اختتم شدامروز — مخفی ست بہر نقطہ حکایات و افادات
الہام چنین مصرع تاریخ رقم زد — دیوان نکو مصحف آیات و افادات

۱۳۰۴ ۱۲۶۲ ۱۲۴

تمام شد

تاریخ طبع ثانی کلیات منیر از نتیجۂ فکر گہر بار صاحب نثر ونظم مرزا
عاشق حسین صاحب متخلص بزم اکبرآبادی نبیرہ وشاگرد رشید حضرت منیر مرحوم

جد امجد کا چھپا ہے بزم کلام — خوب چھپا شکر خدا کے قدیر
غلغلہ اسکا تھا ایک عالم مین — سب ہی خواہان تھے امیر اور فقیر
مشتری کیون نہو ہر اہل سخن — جنس یہ نایاب ہے اور بے نظیر

فکر جو تاریخ مین کی دل نے کہا
زر خالص ہے کلام منیر